☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 14 | جمعۃ المبارک 17 صفر المظفر 1445ھ 23 اگست 2024ء 8 بھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 312

فرمان الٰہی **اللہ ایک ہے** تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

صوبے میں کرائم کی شرح کو ہر صورت نیچے لایا جائے مریم نواز کا حکم

ہر ضلع میں کرائم کی شرح کو ہر صورت نیچے لانے کی ہدایت، ہر علاقے میں ہاٹ سپاٹ ایریا ختم کرنے کیلئے ایکشن شروع کرنے کا بھی حکم

پنجاب کی ہر سڑک، گلی محلے کو محفوظ بنانا ہوگا، کسی روڈ پر ڈکیتی اور جرائم کی صورت میں متعلقہ پولیس افسران ذمہ دار ہوں گے، مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے پولیس کو روڈ ڈکیتی کی وارداتیں فوری طور پر روکنے کا ٹاسک دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے سڑکوں پر محفوظ سفر کیلئے اقدامات یقینی بنانے کا حکم دیا۔ انہوں نے ہر ضلع میں کرائم کی شرح کو ہر صورت نیچے لانے کی ہدایت کرتے ہوئے پنجاب کے ہر علاقے میں ہاٹ سپاٹ ایریا ختم کرنے کیلئے ایکشن شروع کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ اس موقع پر مریم نوازشریف نے کہا کہ تاجر اور دوکانداروں کا تحفظ بنانے کیلئے ڈکیتی کی وارداتوں کا سدباب کیا جائے، چھوٹے بڑے شہروں کے روڈز پر ڈکیتی اور دیگر جرائم قطعاً قابل قبول نہیں، پنجاب کی ہر سڑک، گلی محلے کو محفوظ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

وزیراعظم شہباز شریف 27 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے

اقوام متحدہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف 27 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سالانہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔ اقوام متحدہ کی مقررین کی عبوری فہرست کے مطابق وزیراعظم کی تقریر کی تاریخ 26 ستمبر تھی تاہم پاکستانی مشن نے اس تاریخ میں تبدیلی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

ڈیجیٹل دنیا میں جعلی خبروں اور غلط معلومات سے خطرات لاحق ہیں آرمی چیف

آرمی چیف سید عاصم منیر سے ہاورڈ بزنس سکول کے چوالیس (44) رکنی وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان کے مختلف امور پر بات چیت ہوئی

آرمی چیف نے موجودہ سکیورٹی چیلنجز کے تناظر میں تعلیم، مثبت سوچ کی اہمیت پر روشنی ڈالی، عصر حاضر کے سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تعلیم اور تعمیری سوچ پر زور دیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف سید عاصم منیر سے ہاورڈ بزنس سکول کے طلبہ کے وفد نے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے بتایا کہ آرمی چیف سید عاصم منیر سے ہاورڈ بزنس سکول کے چوالیس (44) رکنی وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان کے مختلف امور پر بات چیت ہوئی۔ آئی ایس پی آر کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

پی ٹی آئی کا جلسہ: ریڈ زون مکمل سیل، اسلام آباد جانیوالے راستے بھی بند

مارگلہ روڈ انٹری پوائنٹ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں شہریوں کو شدید مشکلات، خوار ہو کر رہ گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی جانب سے اسلام آباد میں جلسے کی کال پر پولیس نے ریڈ زون کو کنٹینرز لگا کر مکمل سیل کر دیا جبکہ اسلام آباد جانیوالے راستے بھی بند کر دیے گئے ہیں۔ ریڈ زون میں جانے والے تمام راستے بند کر دیے گئے ہیں جس سے مارگلہ روڈ انٹری پوائنٹ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی ہیں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور سرکاری ملازمین کو دفاتر جانے میں مشکلات ہوئیں شہری خوار ہو کر رہ گئے۔ اسلام آباد کے داخلی وخارجی راستوں پر کنٹینرز رکھ دیے گئے ہیں، ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

آرمی چیف سید عاصم منیر سے ہاورڈ بزنس سکول کے طلبہ کے وفد کی ملاقات کے گروپ فوٹو

بونا راست کنیکٹیوٹی منصوبہ تاریخی سنگ میل، پاکستان کی ڈیجیٹل ادائیگیوں کے انفراسٹرکچر کو وسعت ملے گی، وزیراعظم

پاکستانیوں کی ترسیلات زر کیلئے بونا راست منصوبے کا اجراء

منصوبے سے تارکین وطن جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے شفاف اور موثر انداز میں رقوم کی منتقلی کر سکیں گے، حوالہ و ہنڈی کا خاتمہ ہوگا، شہباز شریف

ترسیلات زر میں اضافہ اور کاروبار کو فروغ ملے گا، زراعت، معیشت، آئی ٹی اور دیگر شعبہ میں بہتری کے 5 سالہ ہوم گراؤنڈ اکنامک پروگرام کا باضابطہ اعلان کرنے جا رہے ہیں، نوبا- افتتاحی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بونا راست کنیکٹیوٹی منصوبہ ایک تاریخی سنگ میل ہے جس سے پاکستان کی ڈیجیٹل ادائیگیوں کے انفراسٹرکچر کو وسعت ملے گی، اس منصوبے سے تارکین وطن جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے شفاف اور موثر انداز میں رقوم کی منتقلی کر سکیں گے، اس منصوبے سے حوالہ اور ہنڈی کا خاتمہ ہوگا، ترسیلات زر میں اضافہ اور کاروبار کو فروغ ملے گا، زراعت، معیشت، آئی ٹی اور دیگر شعبہ میں بہتری کے 5 سالہ ہوم گراؤنڈ اکنامک پروگرام کا باضابطہ اعلان کرنے جا رہے ہیں۔ وہ جمعرات کو بونا- راست کنیکٹیوٹی منصوبے کے نفاذ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بونا راست کنیکٹیوٹی منصوبہ پاکستان کا پہلا سرحد پار رقوم کی منتقلی کا نظام ہے جس سے عرب ممالک سے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے رقوم کی منتقلی شفاف اور موثر انداز میں ہو سکے گی۔ اس منصوبے کے نفاذ کے لئے وزیر خزانہ، گورنر سٹیٹ بینک، کارانداز اور بل اینڈ ملینڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے مشکور ہیں۔ یہ بہت اہم منصوبہ ہے کیونکہ اس سے پاکستان کی ڈیجیٹل ادائیگیوں کے انفراسٹرکچر کو وسعت ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج ہم ڈیجیٹل گورننس کے نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔ اس تاریخی سنگ میل سے عرب دنیا کے ساتھ ہمارے تعلقات مزید مستحکم اور جدید خطوط پر استوار ہوں گے اس تاریخی منصوبے سے پاکستانی تارکین وطن کو اپنے خاندانوں کی بروقت امداد اور رقوم کی منتقلی میں مدد ملے گی۔ بونا راست سے عوام کو سہولت اور کاروبار فروغ پائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے رقوم کی منتقلی کے غیر روایتی چینلز کا خاتمہ ہوگا اس منصوبے سے ترسیلات زر میں اضافہ ہوگا، حوالہ اور ہنڈی سے رقوم کی منتقلی کا خاتمہ ہوگا اس منصوبے سے پاکستان کا رقوم کی ڈیجیٹل منتقلی کا بنیادی ڈھانچہ مضبوط ہو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

کسی کو ریڈ زون میں آنے کی اجازت نہیں دے سکتے: وفاقی وزیر داخلہ

احتجاج کرنا ہر ایک کا حق ہے لیکن احتجاج مناسب جگہ پر ہونا چاہیے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کسی کو ریڈ زون میں آنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت امن وامان کا جائزہ لینے سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا جس میں شہر اقتدار میں امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محسن نقوی کا کہنا تھا کہ امن عامہ برقرار رکھنا ہماری اولین ترجیح ہے، احتجاج کرنا ہر ایک کا حق ہے لیکن احتجاج مناسب جگہ پر ہونا چاہیے، احتجاج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

کراچی سے خوبصورت یادیں لے جا رہا ہوں، امریکی قونصل جنرل

کراچی کی موسیقی، کھانے اور خوشبو سب کچھ شاندار رہا ہے، کونزڈ ٹریبل کا بیان جاری

کراچی (این این آئی) کراچی میں تعینات امریکی قونصل جنرل کونزڈ ٹریبل نے اپنے الوداعی بیان میں کہا ہے کہ اپنے ساتھ خوبصورت یادیں لے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6



وزیراعظم شہباز شریف بونا- راست کنیکٹیوٹی منصوبے کے نفاذ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مبارک ثانی کیس: وفاق کی درخواست منظور، متنازعہ پیراگراف فیصلے سے حذف

سپریم کورٹ نے 42 اور 7 سمیت 49 سی کو فیصلے سے حذف کر دیا، 6 فروری اور 24 جولائی کے فیصلوں سے متنازعہ پیراگراف کو بھی حذف کر دیا

میں کوئی غلطی سے بالاتر نہیں ہوں، ہمارا ملک اسلامی ریاست ہے، اس لئے عدالتی فیصلوں میں قرآن و حدیث کے حوالے دیتے ہیں، چیف جسٹس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ میں چیف جسٹس کی زیر صدارت مبارک ثانی کیس کی سماعت ہوئی، چیف جسٹس نے کیس کا فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے وفاقی حکومت کی درخواست منظور کرلی، سپریم کورٹ نے 42 اور 7 سمیت 49 سی کو فیصلے سے حذف کر دیا، 6 فروری اور 24 جولائی کے فیصلوں سے متنازعہ پیراگراف کو بھی حذف کر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پولیس افسران کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اخلاقی اقدار کا معاشرے سے ختم ہونا غلط ہے: مولانا فضل الرحمان

شخصیات کا احترام اور اختلاف کے باوجود بھی احترام یہ ہماری اقدار ہے



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ اخلاقی اقدار کا معاشرے سے ختم ہونا غلط ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے قاضی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

عمران خان کا جلسہ ملتوی کرنے کا فیصلہ درست ہے: فواد چودھری

شدت پسند کچھ بھی کرسکتے ہیں، ان کا اجتماع اسلام آباد ہو رہا ہے، الزام پی ٹی آئی پر آتا



لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کا جلسہ ملتوی کرنے کا فیصلہ درست ہے۔ اپنے بیان میں فواد چودھری کا کہنا تھا کہ شدت پسند

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

پنجاب حکومت نے سابق چیئرمین نیب جاوید اقبال سے پروٹوکول واپس لے لیا

پروٹوکول پر تعینات نفری کو پولیس لائنز میں رپورٹ کرنے کے احکامات جاری



لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سابق چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال سے پروٹوکول واپس لے لیا۔ ذرائع کے مطابق نیب کے سابق چیئرمین جاوید اقبال سرکاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

سابق بیوروکریٹ اور اینکر پرسن اوریا مقبول جان گرفتار

ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ نے اوریا مقبول جان کو ڈی ایچ اے فیز 6 میں ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ نے سابق بیوروکریٹ اور اینکر پرسن اوریا مقبول جان کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے سائبر کرائم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

نوجوانوں نے ملک بنایا تھا بچائیں گے بھی عطا تارڑ

ملک میں آئی ٹی انقلاب لانے کیلئے سب نوجوانوں کے ہاتھ میں، آئی ٹی کی ایکسپورٹ میں 3 گناہ اضافہ ہوا

ملک میں پہلے ہر چیز پر نہ ہوتی ہے، ہم نے مایوسی کا مقابلہ کرنا ہے، ہمارے وزیراعظم نہ سوتے ہیں، نہ ہی سونے دیتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ نوجوانوں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان دورہ عراق کے دوران کربلا کے گورنر سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف کا اسلام آباد میں ہونے والا جلسہ ملتوی

جلسہ بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر ملتوی کیا گیا، پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی نے بیرسٹر گوہر کی موجودگی میں اعلان کیا

پی ٹی آئی کا جلسہ 8 ستمبر کو ہوگا، 8 ستمبر کے جلسے سے متعلق پہلے ہی نوٹیفائی ہو چکا ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے اسلام آباد میں ہونے والا جلسہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سی ای او دبئی اسلامک بینک ڈاکٹر عدنان سے ورچوئل میٹنگ کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین عرب مونیٹری فنڈ ڈاکٹر فہد ایم الترکی ملاقات کر رہے ہیں

نتھیا گلی آمد پر نواز شریف کے چاہنے والوں نے انہیں روک لیا، سیلفیاں بنائیں

سابق وزیراعظم کو دیکھ کر آئے لوگوں نے ہاتھ ہلائے، جس پر انہوں نے سڑک کنارے گاڑی روک لی

نتھیا گلی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کے مداحوں کی جانب سے ان سے والہانہ عقیدت کا سلسلہ جاری ہے، نتھیا گلی میں میاں نواز شریف کے چاہنے والوں نے انہیں سڑک کنارے روک لیا اور سلیفیاں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

پی ٹی آئی رکن پنجاب اسمبلی امتیاز محمود کو حراست میں لے لیا گیا

ٹھوکر نیاز بیگ پر حراست میں لیا گیا، پولیس قیدیوں والی وین میں لے کر روانہ ہوگئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن پنجاب اسمبلی امتیاز محمود کو پولیس نے حراست میں لے لیا۔ پولیس ایم پی اے امتیاز محمود کو قیدیوں والی وین میں لے کر روانہ ہوگئی۔ پولیس نے تحریک انصاف کے ایک رکن کو بھی ٹھوکر نیاز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

پنجاب میں دفعہ 144 کا نفاذ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

اظہر صدیق ایڈووکیٹ کے توسط سے درخواست دائر، نفاذ کو کالعدم قرار دینے کی استدعا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں دفعہ 144 کے نفاذ کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا، جس میں استدعا کی دفعہ ایک سو چوالیس کے نفاذ کو کالعدم قرار دیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائی کورٹ میں پنجاب میں دفعہ 144 کے نفاذ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

سابق ایم این اے عالیہ حمزہ 9 مئی کے مقدمے سے بری

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سابق ایم این اے عالیہ حمزہ کو 9 مئی کے مقدمے سے بری کر دیا۔ جمعرات کو عدالت میں سابق ایم این اے عالیہ حمزہ کے خلاف 9 مئی کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ عالیہ حمزہ اور وکلاء کی طرف سے کوئی بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

پمز، وزیراعظم صحت سہولت کارڈ میں ادویہ کی قیمتوں میں لوٹ سیل کا انکشاف

پمز کے صحت سہولت کارڈ میں لاکھوں روپے کی بدعنوانی پر انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم صحت سہولت کارڈ میں ادویہ کی قیمتوں میں لوٹ سیل کا انکشاف ہوا ہے، مریض کو دی گئی ادویات کا اصل بل 9 ہزار تیس روپے جبکہ سرکار سے وصولی کے لئے بنایا گیا بل ایک لاکھ 47 ہزار تین سو 81 روپے ہے جبکہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے اغواء کی ایف آئی آر درج کر لی گئی

راولپنڈی (این این آئی) سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل محمد اکرم کے اغواء کی ایف آئی آر کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ محمد اکرم کے اغواء کی ایف آئی آر نمبر 803/24 تھانہ صدر بیرونی میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ محمد اکرم کی اہلیہ میمونہ ریاض کی مدعیت میں درج کی گئی ہے۔ ایف آئی آر کے متن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

9 مئی کے وعدہ معاف گواہ واثق قیوم عباسی اور عمر تنویر بٹ منحرف

ہمیں عمران خان نے ہمیشہ ہمیں پرامن جدوجہد کا درس دیا، کوئی منفی بیان نہیں دیا، درخواست

راولپنڈی (این این آئی) سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی واثق قیوم عباسی اور عمر تنویر بٹ نے انسداد دہشت گردی عدالت میں 164 کے بیان سے متعلق درخواست دائر کردی۔ درخواست میں کہا گیا کہ ہم نے عمران خان کے خلاف وعدہ معاف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

علی امین گنڈاپور سے اسد قیصر کا رابطہ، جلسہ منسوخی بارے مشاورت

کارکنوں کی ممکنہ گرفتاریوں سے بچنے اور دیگر معاملات پر گفتگو ہوئی

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور سے سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے رابطہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور اور اسد قیصر میں جلسہ منسوخی کے حوالے سے مشاورت ہوئی، اسلام آباد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

علی امین گنڈاپور کے بھائی کا 10 کروڑ ہرجانے کا کیس، بریگیڈیئر (ر) محمود شاہ کو نوٹس جاری

پشاور (این این آئی) سیشن کورٹ پشاور نے ایم این اے فیصل امین گنڈاپور کی جانب سے دائر کی گئی درخواست پر بریگیڈیئر (ر) محمود شاہ کو نوٹس جاری کر دیا۔ جمعرات کو سیشن کورٹ پشاور میں ایم این اے فیصل امین کا بریگیڈیئر (ر) محمود شاہ کے خلاف 10 کروڑ روپے کے ہرجانے کے کیس پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

پشاور، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے سی ای او پروفیشنل ایجوکیشن فاؤنڈیشن کراچی جمیل فاروقی ملاقات کر رہے ہیں

انٹرنیٹ کی بندش اور فائر وال کی تنصیب لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

وفاقی حکومت کا انٹرنیٹ بند کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے، درخواست میں استدعا

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں انٹرنیٹ کی بندش اور فائر وال کی تنصیب کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ انٹرنیٹ کی بندش اور فائر وال کی تنصیب کے خلاف درخواست جوڈیشل ایکٹیوزم پینل کے سربراہ اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس 27 اگست کو سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف انٹرا پارٹی الیکشن کیس 27 اگست کو سماعت کیلئے مقرر کر دیا گیا۔ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس کے معاملے پر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی اور رؤف حسن کو نوٹس جاری کر دیے۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی وکلاء تحریری جواب پر دلائل دیں گے۔

پی ٹی آئی کی سیاسی اور کور کمیٹی جلسہ منسوخی کے فیصلے سے لاعلم نکلی

جلسے کی وجہ سے ایم ڈبلیو ایم کے سربراہ علامہ ناصر عباس ملک سے باہر نہ جاسکے، اپوزیشن ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی اور کور کمیٹی جلسہ منسوخی کے فیصلے سے لاعلم نکلی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق کور کمیٹی ممبران نے جلسہ منسوخی کے فیصلے پر تحفظات کا اظہار کیا اور سیاسی کمیٹی کے ارکان نے بھی جلسہ منسوخی کے اعلان اور فیصلے پر تشویش کا اظہار کیا۔ اپوزیشن

امریکہ میں نئے پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے اپنی سفارتی ذمہ داریاں سنبھال لیں

سفیر پاکستان کا مصروف دن گزرا، مختلف شعبہ جات کے سربراہان وافسران سے ملاقات، تفصیلی بریفنگ لی

واشنگٹن ڈی سی (این این آئی) امریکہ میں متعین ہونے والے نئے پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے امریکہ کے دارالحکومت واشنگٹن ڈی سی پہنچ کر اپنی سفارتی ذمہ داریاں باقاعدہ طور پر سنبھال لیں۔ جمعرات کو جاری بیان کے مطابق سفیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

پی ٹی آئی کی موجودہ لیڈرشپ عمران خان کو جیل سے نکالنا نہیں چاہتی، علیمہ خان

اعظم سواتی نے کس کے کہنے پر بانی پی ٹی آئی کو جلسہ ملتوی کرنے کا پیغام پہنچایا؟ ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ پارٹی کی موجودہ لیڈرشپ عمران خان کو جیل سے نکالنا نہیں چاہتی، فیصلے خود کرتے ہیں نام عمران خان کا لگا دیتے ہیں۔ پی ٹی آئی کا ترنول جلسہ منسوخ ہونے کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

ایک سال سے فتنہ پارٹی جلسے اور احتجاج کی گیم کھیل رہی ہے عظمیٰ بخاری

جو شرانگیزی آپ پریس کانفرنس اور سوشل میڈیا پر پھیلاتے وہی شرانگیزی جلسے میں پھیلانی تھی

سیاسی لوگ پرامن جدوجہد کرتے جبکہ غیر سیاسی لوگ عوام میں انتشار اور افراتفری پھیلانے کو جدوجہد کا نام دیتے ہیں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ایک سال سے فتنہ پارٹی جلسے اور احتجاج کی گیم کھیل رہی ہے۔ وزیر اطلاعات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

ہم معیشت بند کرنے والے نہیں کھولنے والے ہیں حافظ نعیم الرحمان

ایک دن کی ہڑتال معیشت چلانے کیلئے ہے، کوئی حمایت نہ کرے تب بھی جماعت اسلامی ہڑتال کرے گی

سب لوگ اپنے اپنے اہداف طے کرلیں، یہ لمبی لڑائی ہے، یہ لڑائی ہم عوام کیلئے لڑ رہے ہیں، سب ہمارا ساتھ دیں، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ ہم معیشت بند کرنے والے نہیں کھولنے والے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

وزیر آباد میں فائرنگ سے پنجاب اسمبلی کا جونیئر سیکیورٹی اسسٹنٹ جاں بحق

عمیر طارق موٹر سائیکل پر گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم افراد نے مقتول کو دریائے چناب کے قریب نشانہ بنایا، پولیس

وزیر آباد (این این آئی) پنجاب کے شہر وزیر آباد میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پنجاب اسمبلی کا جونیئر سیکیورٹی اسسٹنٹ جاں بحق ہوگیا۔ پولیس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کراچی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

قطر سے نیپال جانے والی پرواز کی کراچی میں میڈیکل ایمرجنسی لینڈنگ

فلائٹ کیو آر 652 دوحہ سے کھٹمنڈو جارہی تھی کہ پاکستان کی فضائی حدود میں مسافر کی طبیعت خراب ہوئی

کراچی (این این آئی) ایوی ایشن ذرائع کے مطابق فلائٹ کیو آر 652 دوحہ سے کھٹمنڈو جارہی تھی کہ پاکستان کی فضائی حدود میں مسافر کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

اٹک: نامعلوم افراد کی سکول وین پر فائرنگ، 2 بچے جاں بحق، 6 زخمی

ڈھیری کوٹ میں نامعلوم افراد کی جانب سے سکول وین پر فائرنگ کی گئی، فرار ہوگئے

اٹک (این این آئی) اٹک میں سکول وین پر فائرنگ سے 2 بچے جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق پنجاب کے ضلع اٹک کے علاقے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

چیئرپرسن بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کا ریسکیو 1122 کا دورہ

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ٹریننگ کا دائرہ کار بڑھانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) ریسکیو 1122 کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف عوامی فلاح و بہبود کے کاموں میں گہری دلچسپی رکھتی ہیں، پنجاب میں عوام خاص کر مریضوں کو امرجنسی بنیادوں پر علاج کی سہولیات فراہم کرنے میں حکومت پنجاب اہم اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرپرسن وزیر اعلی پنجاب ڈائریکٹوریٹ کمپلینٹ سیل، کرائم سرویلنس یونٹ، انسپکشن ٹیم اور سپیشل مانیٹرنگ یونٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے 1122 ہیڈ کوارٹر و اکیڈمی کا دورہ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر بانی ریسکیو 1122 ڈاکٹر رضوان نصیر نے بریگیڈیئر ریٹائرڈ بابر علاؤالدین کو ریسکیو ہیڈ کوارٹر و اکیڈمی کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے ریسکیو اکیڈمی کے مختلف تربیتی اسٹال کا مشاہدہ کیا اور ڈاکٹر رضوان نصیر نے میڈیکل، فلڈ، ڈراوننگ، ایئر ایمبولینس سیمولیٹر اور اربن / ہائیٹ سرچ و ریسکیو کے متعلق آگاہ کیا۔

”سموگ کی اہم وجہ ٹریفک روانی میں رکاوٹ“ کے انسداد کیلئے اجلاس

اجلاس میں سی ایم روڈ میپ ٹیم کے شناخت کردہ سموگ کا سبب بننے والے ہاٹ سپاٹس و ٹریفک رکاوٹ پوائنٹس کا جائزہ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت ”سموگ کی اہم وجہ ٹریفک روانی میں رکاوٹ“ کے انسداد کے لئے سٹریٹیجی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سی ایم روڈ میپ ٹیم کے شناخت کردہ سموگ کا سبب بننے والے ہاٹ سپاٹس و ٹریفک رکاوٹ پوائنٹس کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ سی ایم روڈ میپ ٹیم نے پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ مل کر وسطی شہر میں بڑے 10 ٹریفک پوائنٹس شناخت کیے ہیں جبکہ سموگ کا سبب بننے والے کل 55 ٹریفک پوائنٹس کی نشاندہی بھی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سموگ کی متعدد وجوہات ہیں۔ ٹریفک رکاوٹ اہم ترین وجوہات میں سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر سموگ کے تمام عوامل کے انسداد کیلئے جامع منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ کمشنر لاہور نے اہم شناخت کردہ 10 ہاٹ سپاٹس پر سموگ وجوہات کے خاتمے کیلئے محکموں کو ٹاسک دے دیا۔ کمشنر لاہور نے ہدایت کی کہ انسداد سموگ کیلئے 10 پوائنٹس پر کام شروع کریں۔ مزید اپ ڈیٹڈ ڈیٹا سے مزید سمارٹ ورکنگ ہوگی۔ ایئر کوالٹی تجزیہ کے لئے 2 پیک ڈیز اور 1 ویک ڈیز پر ڈیٹا لینے پر مزید کام کیا جائے۔

مرکزی مسلم لیگ کے رضاکار سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پکا پکایا کھانا تقسیم کر رہے ہیں

مرکزی مسلم لیگ نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے رضاکاروں نے وہاں پکا پکایا کھانا متاثرین میں تقسیم کیا

لاہور (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا۔ محمد سرور چوہدری چیئرمین شعبہ خدمت خلق پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے کہا ہے کہ شعبہ خدمت خلق پاکستان مرکزی مسلم لیگ اپنے رضاکاروں کے ساتھ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔ شعبہ خدمت خلق مرکزی مسلم لیگ نے کوہ سلیمان کے پہاڑوں سے آنے والے سیلابی ریلے کے نتیجے میں فاضل پور اور راجن پور کے زیر آب آنے والے دیہات میں باقاعدہ امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سیلابی ریلے ان علاقوں میں شدید تباہی مچائی ہے، درجنوں دیہات زیر آب آئے، کپاس سمیت کئی قیمتی فصلیں تباہ ہو گئیں۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے رضاکاروں نے وہاں پکا پکایا کھانا متاثرین میں تقسیم کیا۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کو تیار کھانا، فوڈ پیکج، ٹینٹ، ترپال شیٹ و دیگر امدادی سامان بھی فراہم کیا جائے جو اس وقت متاثرہ علاقوں کی اشد ضرورت ہے۔ متاثرین کو میڈیکل سہولیات کی فراہمی اور وبائی امراض سے بچانے کیلئے میڈیکل کیمپ بھی لگائے جائیں گے۔ ریلیف آپریشن کے حوالے سے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے محمد سرور چوہدری نے کہا کہ پاکستان بھر کے اضلاع میں بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے پیش نظر مرکزی، صوبائی اور علاقائی سطح پر ذمہ داران کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے الرٹ رکھا گیا ہے۔

صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر انسٹی ٹیوٹ پبلک ہیلتھ میں ارلی ڈیزیز وارننگ سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں ارلی ڈیزیز وارننگ سنٹر کا افتتاح کیا

سابق وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم، ڈین آئی پی ایچ پروفیسر زرفشاں طاہر، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر وسیم، پروفیسر محسن آفتاب و دیگر فیکلٹی ممبران بھی موجود

ارلی ڈیزیز وارننگ سنٹر کو حب بنا کر منکی پاکس و دیگر بیماریوں بارے ڈیش بورڈ بنایا جا رہا ہے خواجہ سلمان

منکی پاکس و دیگر بیماریوں کے اعداد و شمار کے حوالے سے ارلی ڈیزیز وارننگ سنٹر اہم کردار ادا کرے گا، خواجہ عمران نذیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ میں ارلی ڈیزیز وارننگ سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سابق وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم، ڈین آئی پی ایچ پروفیسر زرفشاں طاہر، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر وسیم، پروفیسر محسن آفتاب و دیگر فیکلٹی ممبران موجود تھے۔ صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر نے ارلی ڈیزیز وارننگ سنٹر کے عملہ سے ملاقات کر کے مانیٹرنگ سسٹم بارے معلومات دریافت کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ارلی ڈیزیز وارننگ سنٹر کو حب بنایا جا رہا ہے۔ اس سنٹر میں منکی پاکس و دیگر بیماریوں بارے ڈیش بورڈ بنایا جا رہا ہے۔ ایئرپورٹس کو مسافروں کی سکریننگ کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ پنجاب میں ابھی تک منکی پاکس کا کوئی بھی کیس سامنے نہیں آیا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب میں اس حوالہ سے 9 سنٹرز لاہور، فیصل آباد، ملتان، سیالکوٹ، بہاولپور و دیگر شہروں میں قائم کئے گئے ہیں۔ اسی طرح بچوں کیلئے چلڈرن ہسپتال لاہور، چلڈرن ہسپتال فیصل آباد اور چلڈرن ہسپتال ملتان کو ہدایت کی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے تکنیکی معاونت فراہم کرنے پر سابق وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم کا شکریہ ادا کیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ منکی پاکس و دیگر بیماریوں کے اعداد و شمار کے حوالے سے ارلی ڈیزیز وارننگ سنٹر اہم کردار ادا کرے گا۔ تمام متعلقہ اداروں کو اس حوالہ سے چوکنا رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں آئسولیشن وارڈز، ویکسین کی دستیابی کی ہدایت بھی کر دی گئی ہے۔ سابق وزیر صحت پروفیسر جاوید اکرم نے کہا کہ ٹیکنیکل گروپ منکی پاکس و دیگر بیماریوں بارے ہر قسم کی تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے دسمبر 2024 میں منعقد ہونے والی ویٹرنری یونیورسٹی کی پہلی بزنس ریسرچ انٹرنیشنل کانفرنس آن لائف سائنسز کی تقریب رونمائی کی صدارت کی

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے یو اے ایس بزنس سکول نے گزشتہ روز پہلی ایک روزہ بزنس ریسرچ انٹرنیشنل کانفرنس آن لائف سائنسز کی تقریب رونمائی کا انعقاد کیا جو کہ 19 دسمبر 2024 کو سٹی کیمپس لاہور میں منعقد ہوگی۔ تقریب رونمائی کی صدارت ویٹرنری یونیورسٹی کے وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) نے کی جبکہ ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی، ڈین فیکلٹی آف لائف سائنسز بزنس مینجمنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد اعظم، چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف اکنامکس اینڈ بزنس مینجمنٹ پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ایوب کے علاوہ فیکلٹی ممبران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ مالی مشکلات کے باوجود یونیورسٹی نے راوی کیمپس پتوکی میں مختلف انڈر گریجویٹ ڈگری پروگرامز اور یو اے ایس بزنس سکول میں پی ایچ ڈی پروگرام شروع کیے ہیں تا کہ یونیورسٹی کو زیادہ سے زیادہ آمدنی ہو اور یونیورسٹی فنانشل مسائل کا مقابلہ آسانی سے کر سکے، نیز کہا کہ یو اے ایس بزنس سکول میں تعلیم و تحقیق کو بہتر بنانے اور دسمبر میں منعقد ہونے والی انٹرنیشنل کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکنہ تعاون کرنے کے لیے ہمہ وقت آمادہ ہیں۔ قبل ازیں پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد ایوب نے بزنس ریسرچ انٹرنیشنل کانفرنس آن لائف سائنسز کے اغراض و مقاصد کے بارے بتاتے ہوئے کہا کہ کانفرنس میں پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک جن میں آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، جرمنی، آسٹریا، برطانیہ، سعودی عرب اور امریکہ سے بزنس ایکسپرٹ، تحقیق کار، سٹیک ہولڈرز اور اساتذہ بڑی تعداد میں شرکت کریں گے نیز کہا کہ انٹرنیشنل کانفرنس میں بزنس مینجمنٹ، لائیو سٹاک اینڈ ایگری بزنس مینجمنٹ، مارکیٹنگ، بینکنگ، فنانس، اکنامکس، اکاؤنٹنگ، آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور اعداد و شمار سے متعلقہ مختلف موضوعات زیر بحث لائے جائیں گے۔ بزنس ریسرچ انٹرنیشنل کانفرنس آن لائف سائنسز تین کی نوٹ سپیکرز کے لیکچرز اور پینل ڈسکشن پر مشتمل ہوگی۔ کانفرنس کا بنیادی مقصد تحقیق کاروں کو ایک پلیٹ فارم مہیا کیا جائیگا جس میں وہ اپنے تحقیقی کام کا مظاہرہ کریں گے نیز پاکستان میں بزنس سے متعلقہ جدید پریکٹسز اور رجحانات کے بارے میں حاضرین کو آگاہ کریں گے۔

مزید 489 بجلی چور پکڑے گئے، 18 کو گرفتار کرا دیا گیا

انسداد بجلی چوری مہم کو 326 روز مکمل، مالیت 4 ارب 65 کروڑ سے زائد کے ڈیٹیکشن بل جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 18 ملزمان مجموعی طور پر 489 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 166 کے خلاف مقدمات درج جبکہ 18 کو گرفتار کرا دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پکڑے جانے والے کنکشنز میں 14 کمرشل، 3 زرعی اور 470 ڈومیسٹک تھے۔ جنہیں منقطع کر کے 4 لاکھ 67 ہزار 372 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے جن کی مالیت 1 کروڑ 49 لاکھ 41 ہزار 843 روپے بنتی ہے۔ انسداد بجلی چوری مہم کو 326 روز مکمل ہو گئے اور مجموعی طور پر 1 لاکھ 18 ہزار 166 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 1 لاکھ 2 ہزار 448 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کروا کر 37 ہزار 447 ملزمان کو گرفتار کرایا گیا۔ بجلی چوروں کو اب تک 12 کروڑ 99 لاکھ 60 ہزار 416 یونٹس چارج کئے گئے جن کی مالیت 4 ارب 65 کروڑ 43 لاکھ 34 ہزار 652 روپے بنتی ہے۔

پنجاب اسمبلی میں تین روزہ میڈیکل کیمپ کے دوران سروسز ہسپتال کے ڈاکٹرز اور عملہ اسمبلی سٹاف کا چیک اپ کر رہا ہے

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین
1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

پنجاب اسمبلی میں محکمہ ہیلتھ کی جانب سے ملازمین کے لئے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

تین روزہ فری میڈیکل کیمپ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر زوہیب کی سربراہی میں لگایا گیا

لاہور (خبر نگار) قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان کی خصوصی ہدایت پر پنجاب اسمبلی میں محکمہ ہیلتھ کی جانب سے ملازمین کے لئے فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا۔ تین روزہ فری میڈیکل کیمپ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر زوہیب کی سربراہی میں لگایا گیا۔ پنجاب اسمبلی کے ملازمین کی سہولت کے لئے تین روزہ میڈیکل کیمپ (22,21,20 اگست منگل، بدھ، جمعرات) تک جاری رہا، یہ میڈیکل کیمپ قائم مقام گورنر ملک محمد احمد نے خاص طور پر اسمبلی ملازمین کی سہولت کے لئے لگوایا، میڈیکل کیمپ میں اسمبلی کے ملازمین کا مکمل میڈیکل چیک اپ کیا گیا، فری میڈیکل ٹیسٹ کئے گئے اور فری میڈیسن دی گئیں۔ میڈیکل کیمپ میں اسمبلی ملازمین کی فیملیز کو بھی طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔

لاہور پولیس کی قمار بازوں کیخلاف کارروائیاں، 808 مقدمات، 3485 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 01 کروڑ 39 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی ہے ترجمان لاہور پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے رواں سال قمار بازوں کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران 808 مقدمات کا اندراج کر کے 3485 ملزمان کو گرفتار کیا ہے، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 01 کروڑ 39 لاکھ سے زائد کی ریکوری کی گئی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ اسلحہ کی نمائش اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں 7206 مقدمات کا اندراج کر کے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 104 کلاشنکوف، 445 رائفلز، 246 گنز، 6337 پسٹل اور 35898 گولیاں برآمد کی گئی ہیں۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ لاہور پولیس ناجائز اسلحہ اور اسلحہ کی نمائش پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے غیر قانونی اسلحہ، اسلحے کی نمائش، استعمال اور اس دھندے میں ملوث ڈیلرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لانے کے احکامات جاری کرتے ہوئے ڈویژنل افسران کو بدمعاشوں، جواریوں، اسلحہ کی نمائش اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو خود مانیٹر کرنے کی ہدایات دیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ فیلڈ افسران اپنے علاقوں میں جواریوں کے خلاف متحرک رہیں اور قمار بازی جیسے گھناؤنے دھندے میں ملوث عناصر کا محاسبہ کریں۔

پنجاب میں پولیس فورس کو اسلحہ ساتھ رکھنے سے روک دیا گیا

سی پی اوز، ڈی پی اوز سمیت ایس ایس پیز کے علاوہ کسی افسر کو مسلح گارڈ ساتھ رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب بھر میں تعینات پولیس فورس کو اسلحہ ساتھ رکھنے سے روک دیا گیا۔ سینٹرل پولیس آفس کی جانب سے جاری مراسلے کے مطابق اضلاع کے سی پی اوز، ڈی پی اوز سمیت ایس ایس پیز کے علاوہ کسی افسر کو مسلح گارڈ بھی ساتھ رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی، ان افسران کے علاوہ کوئی افسر یا اہلکار مسلح نہیں رہے گا۔ مراسلہ سی سی پی او لاہور، آر پی او، سی پی او راولپنڈی سمیت پنجاب بھر کے آر پی اوز، سی پی اوز سمیت اضلاع کے ڈی پی اوز کو ارسال کر دیا گیا۔ راولپنڈی میں بھی پولیس افسران اور فورس کو ڈیوٹی کے دوران اسلحہ ساتھ نہ رکھنے کی ہدایات کی گئی ہے، صرف مجاز افسران سی پی اوز، ایس ایس پیز اضلاع کے ڈی پی اوز اپنے ہمراہ مسلح پولیس گارڈز رکھنے کے مجاز ہوں گے۔

سینٹ انتھنی اسکول میں جشن آزادی تقریب کے موقع پر پرنسپل فادر بشارت سراج ٹیچرز کے ہمراہ کیک کاٹ رہی ہیں

ادارہ تحفظ ماحولیات پنجاب کا اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف ایکشن

لاہور، قصور، شیخوپورہ اور فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں 209 اینٹوں کے بھٹوں کو مسمار کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) ادارہ تحفظ ماحولیات پنجاب کی جانب سے اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف ایکشن، لاہور، قصور، شیخوپورہ اور فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں 209 اینٹوں کے بھٹوں کو مسمار کر دیا گیا۔ ڈی جی ماحولیات پنجاب عمران حامد شیخ نے بتایا کہ 160 اینٹوں کے بھٹوں کو پانی سے بھر دیا گیا۔ زگ زیگ ٹیکنالوجی طریقہ کار پر عمل نہ کرنے پر 566,30 بھٹوں پر 585.81 ملین روپے جرمانے عائد کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ یکم اپریل 2024 سے اب تک پنجاب بھر میں 566,30 بار بھٹوں کا معائنہ کیا گیا۔ زگ زیگ طریقہ کار پر عمل نہ کرنے پر 1070 ایف آئی آرز درج جبکہ 945 بھٹوں کو سیل کیا گیا۔ بار بار نوٹسز کے باوجود باز نا آنے والے بھٹوں کو مسمار کیا گیا۔

سکول ٹائم اور چھٹی کے اوقات میں ٹریفک وارڈنز کی اضافی نفری تعینات

سی ٹی او لاہور کا سکول ٹائم، چھٹی کے اوقات میں سرکل افسران کو خود فیلڈ میں رہنے کا حکم

لاہور (این این آئی) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے سکول و کالجز کے باہر ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے سکول ٹائم اور چھٹی کے اوقات میں اضافی نفری تعینات کرنے کا حکم دے دیا۔ اس حوالے سے سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ سکول و کالجز کے اوقات میں ٹریفک کے مؤثر بہاؤ کے لئے مصروف اور اہم شاہراہوں پر واقع 2 سو سے زائد سکولوں کے باہر وارڈنز تعینات کر دیئے ہیں۔ شہر کی مصروف شاہراہوں پر 100 اضافی ٹریفک ریسپانس یونٹ و پٹرولنگ افسران تعینات کیے گئے ہیں۔ عمارہ اطہر نے سکول ٹائم اور چھٹی کے اوقات میں سرکل افسران کو خود فیلڈ میں رہنے کا حکم دے دیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق مال روڈ، جیل روڈ، فیروزپور روڈ، مین بلیوارڈ گلبرگ پر اضافی پٹرولنگ افسران تعینات ہیں جبکہ علامہ اقبال روڈ، وحدت روڈ، مولانا شوکت علی روڈ، کینال روڈ پر بھی اضافی نفری تعینات کی گئی ہے۔ سی ٹی او لاہور نے اپنے ویڈیو بیان میں سرکل افسران کو سکول و کالج انتظامیہ سے میٹنگ کی بھی ہدایت کی اور کہا کہ چھٹی کے اوقات میں صرف ایک لائن میں پارکنگ کی اجازت ہوگی۔

مسلم لیگ ن پرتگال کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں یوم آزادی کے حوالہ سے منعقدہ تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو

مسلم لیگ ن پرتگال کے زیر اہتمام جشن آزادی کی تقریب کا انعقاد

مسلم لیگ ن پرتگال کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں یوم آزادی کے حوالہ سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا

لاہور (خالد صمدانی سے) مسلم لیگ ن پرتگال کے زیر اہتمام جشن آزادی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا لزبن سے سرفراز فرانسیس کی رپورٹ پاکستان مسلم لیگ ن پرتگال کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں یوم آزادی کے حوالے سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں مسلم لیگ ن کے عہدداروں چیئرمین ڈاکٹر سہیل جرال، صدر شمع بٹ، جنرل سکرٹری سرفراز فرانسیس، چیئرمین کشمیر افیئرز راجہ نوید، نائب صدر چوہدری قیصر حسنات، انفارمیشن سکرٹری ندیم شیرازی، رانا محسن، صدر پاکستان پرتگال اتحاد کمیونٹی شیخ عمر، صدر ای یو پاک پرتگال سید قاسم شاہ سمیت دیگر کمیونٹی ممبران نے بھی شرکت کی تقریب میں ملک پاکستان کے لیے خصوصی دعا کے ساتھ ترقی اور خوشحالی کے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا تقریب کے اختتام پر جشن آزادی کا کیک بھی کاٹا گیا اور پاکستان زندہ آباد اور پاک فوج زندہ آباد کے نعرے بھی لگائے۔

پتنگ اڑانے والے کو 3 سے 5 سال قید یا 20 لاکھ جرمانہ یا دونوں ہوں گے، جرمانے کی عدم ادائیگی پر مزید 1 سال قید کی سزا ہوگی

پتنگ باز بچے کو پہلی بار وارننگ، دوسری، تیسرے بار جرمانہ ہوگا، چوتھی خلاف ورزی پر سزا اور جیل جانا پڑے گا' ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (خبر نگار) محکمہ داخلہ پنجاب نے پتنگ بازوں کے گرد شکنجہ سخت کر دیا، پتنگ بازی، پتنگ سازی اور ٹرانسپورٹ کرنا ناقابل ضمانت جرم قرار دے دیا گیا، پتنگ کے ساتھ ساتھ دھاتی ڈور، تار، تندی اور مانجھا لگی ڈور کی تیاری، استعمال اور ٹرانسپورٹیشن بھی جرم قرار دیے گئے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ پنجاب کابینہ نے پتنگ بازی پر پابندی کے ایکٹ 2007 میں اہم ترامیم منظور کر لیں جن کے مطابق پتنگ اڑانے والے کو 3 سے 5 سال قید یا 20 لاکھ جرمانہ یا دونوں ہوں گے، پتنگ اڑانے والے کو جرمانے کی عدم ادائیگی پر مزید 1 سال قید کی سزا ہوگی، پتنگ ساز اور ٹرانسپورٹر کو 5 سے 7 سال قید یا 50 لاکھ جرمانہ یا دونوں ہوں گے۔ اس کے علاوہ پتنگ بنانے والے اور ٹرانسپورٹر کو جرمانے کی عدم ادائیگی پر مزید 2 سال قید کی سزا ہوگی، پتنگ بنانا اور اس کی ٹرانسپورٹیشن بھی ناقابل ضمانت جرم قرار دیے گئے۔ ترجمان محکمہ داخلہ نے کہا کہ پتنگ باز بچے کو پہلی بار وارننگ، دوسری بار پکڑے جانے پر 50 ہزار جرمانہ ہوگا، تیسری دفعہ خلاف ورزی پر 1 لاکھ جرمانہ ہوگا، پتنگ باز بچہ جرمانہ ادا نہ کر سکے تو اس کے والدین یا سرپرست سے وصول کیا جائے گا، چوتھی خلاف ورزی پر بچے کو جوینائل جسٹس سسٹم ایکٹ 2018 کے تحت سزا اور جیل جانا پڑے گا۔ ترجمان محکمہ داخلہ نے کہا کہ انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے خونی کھیل کی روک تھام کے اقدامات ضروری ہیں، سزا اور جرمانے میں کئی گنا اضافہ خونی کھیل کی حوصلہ شکنی کرے گا۔

پاکستان کے خوشحال مستقبل کے لیے سرمایہ کاری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، محمد شفیق سواتی

داخلی استحکام، ترقی اور انفراسٹرکچر کی بہتری سے پاکستان میں سرمایہ کاروں کو متوجہ کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیڈریشن پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کی سٹینڈنگ کمیٹی برائے کارپوریٹ وا مور ملٹی نیشنل کمپنیز کے کنوینر چیئرمین محمد شفیق سواتی نے کہا ہے کہ پاکستان کے خوشحال مستقبل کے لیے سرمایہ کاری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے داخلی استحکام، ترقی اور انفراسٹرکچر کی بہتری سے پاکستان میں سرمایہ کاروں کو متوجہ کیا جا سکتا ہے اور ایف پی سی سی آئی کے پلیٹ فارم سے کارپوریٹ اور ملٹی نیشنل کمپنیز کے ساتھ بزنس ڈائیلاگ کے ذریعے انہیں درپیش مسائل ہر سطح پر اجاگر کیے جائیں گے اور زیادہ سے زیادہ سہولتیں اور آسانیاں پیدا کی جائیں گی تا کہ ان کمپنیز کی طرف سے پاکستان میں سرمایہ کاری میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکے انہوں نے یہ بات کمیٹی کے اجلاس کے موقع پر بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں کمیٹی کے دیگر اراکین نے شرکت کی ڈپٹی کنوینیر ڈاکٹر حیام قیوم نے کہا کہ کارپوریٹ سیکٹر سے رابطہ کیا جا رہا ہے اور کمیٹی متعلقہ ٹریڈ باڈیز اور ان کے نمائندوں کے اشتراک سے جامع اوورسیز ٹریڈ ریفارمز پر مشتمل سفارشات مرتب کر کے حکومت کو پیش کرے گی مارکیٹنگ انویسٹمنٹ اینڈ ٹورازم ڈیولپمنٹ سیکٹر کی معروف شخصیت ممبر کمیٹی سید سادات حسنین شاہ نے کہا کہ پاکستان میں سازگار ماحول قائم کرنے کے لیے بزنس کمیونٹی کو اپنا فعال کردار ادا کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایسے بے پناہ قدرتی وسائل موجود ہیں جن کو ترقی دے کر ہم اوورسیز کارپوریٹ سیکٹر کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی طرف راغب کر سکتے ہیں عاصم عباسی نے ملک کی اقتصادی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ کاروباری طبقے نے قومی ترقی میں ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ بزنس اور ٹریڈ فرینڈلی انوائرمنٹ قائم رکھنے کے لیگ کیپیٹل فلائٹ کے بجائے ملک میں سرمایہ کاری کو ترجیح دی جائے اور غیر ملکی کمپنیوں کو بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے مائل کیا جائے بزنس انٹرپرنیور کے نمائندہ اور وومن ایمپاورمنٹ کی معروف شخصیت ممبر کمیٹی مس عائشہ خان نے بزنس فورم میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خواتین ملکی آبادی کا تقریبا نصف ہیں۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY
LIMITED (MEPCO)

INVITATION TO BIDS (NCB)

Tender No.	Description	Unit	Qty	Date & Time of bid submission	Date & Time of bid opening	Amount of Bid Security (PKR)
PMU-14/2024-25	**Grid Station Hardware**			19.09.2024 10:30Hrs	19.09.2024 11:00Hrs	865,000/-
	TM 63F Connectors	No.	15			
	90BH30 Connector	No	60			
	90BH40 Connector	No.	92			
	90BF75 Connector	No.	6			
	Al. Pipe 63 mm dia 4M long	No.	14			
	Earth Wire Tension Assembly with G Clamps	Set	76			
	Stock Bridge Damper for Rail	No	283			
	Tension Fitting for Lynx Conductor	Set	234			
	Stock Bridge Damper Weight for Lynx Conductor	No.	608			
	D-Shackle 5/8"	No	30			
	V-Shackle for Gantries	No.	360			
	P.G clamps 3-Bolt (Lynx)	No	508			
	Earthing Thimbles 95 mmsq with bolt	No.	181			
PMU-15/2024-25	3-Phase 4-Wire KWH Meters (5Amp) Cl.0.2 for T/Line	No.	28	19.09.2024 10:45Hrs	19.09.2024 11:15Hrs	45,500/-
	Digital Energy Meter for AC/ DC Auxiliary Panel	No.	10			
PMU-16/2024-25	Digital Amp Meters 400/5-A	No.	79	19.09.2024 11:00Hrs	19.09.2024 11:30Hrs	51,500/-
	Digital Volt Meter for 11000/110V	No.	62			
	Digital Power Factor Meter for 11KV Switchgears	No.	60			
	Clip on meter AC /DC (0-1000A)	No	1			
PMU-17/2024-25	132KV, 36MVAR Capacitor Banks (90x400KVAR) with Capacitor Racks, Foundation Bolts for Capacitor Racks with all allied accessories	Sets	04	19.09.2024 11:15Hrs	19.09.2024 11:45Hrs	5,992,000/-
PMU-18/2024-25	132KV Circuit Breaker for 132KV Capacitor Banks with steel supporting structures and all allied accessories as per NTDC Specification (amended upto date)	No.	04	19.09.2024 11:30Hrs	19.09.2024 12:00Hrs	2,680,000/-
PMU-19/2024-25	Control Panel (for 132KV Capacitor Banks)	No.	01	19.09.2024 11:45Hrs	19.09.2024 12:15Hrs	334,600/-
	Relay Panel (for 132KV Capacitor Banks)	No.	04			
PMU-20/2024-25	Digital Over Current Earth Fault Protection Relays with Broken Conductor Feature and Minimum Earth Fault Setting = 0.25A with CT Ratio 400/5	No.	550	19.09.2024 11:45Hrs	19.09.2024 12:15Hrs	1,920,300/-

1. This Invitation to Bids follows the Annual Procurement Plan of F.Y 2024-25.
2. The MEPCO has reserved the funds for the procurement planned during the financial year 2024-25. It is intended that part of the proceeds of the fund will be used to cover eligible payment under the Procurement contract.
3. The MEPCO now invites sealed bids from eligible Suppliers of aforementioned materials.
4. The bidding shall be conducted in line with the "Single Stage Two Envelope" procedure of the Public Procurement Rules 2004 and any Regulations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority (from time to time), and is open to all potential bidders.
5. All bids must be accompanied by a Bid Security in an acceptable form of the amount mentioned against each bid.
6. The Bidding Document, in English language may be purchased by the interested bidders from the date of publishing and on the submission of a written application to the address below up-to one day prior to opening date during office hours on the production of sales tax registration number/other documents/proof. Cost of each tender form is **Rs. 4000/-** (Non refundable) per document or may be sent by courier service if requested by the bidder for an additional fee of **Rs.500/-**. No liability will be accepted for loss or late delivery, in case the document may be sent by courier service. No tender document will be issued on the tender opening date.
7. The original bid along with one copy, properly filled in, and enclosed in sealed envelope(s) must be delivered to the following address. The technical bids will be opened promptly thereafter in public and in the presence of bidders' representatives who choose to attend in the opening at the office of Chief Engineer (Development) PMU MEPCO, Khanewal Road MEPCO Headquarter, Multan Circle Building, Opp. R.C Cola Factory, MEPCO Multan

CHIEF ENGINEER (DEVELOPMENT)
PMU MEPCO MULTAN.
Ph: No: + 92-61-9220238 | Fax: No: + 92-61-9220187

بجلی چوری
قومی جرم ہے
صارفین اس سے گریز کریں

PID(L) 505

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

اپنا گھر اپنی چھت بہترین عوامی منصوبہ ہے، محمد افضل سکھیرا

وزیراعلی پنجاب اپنا گھر اپنی چھت پروگرام کے تحت لون لینے والا گھر، کنبہ اور جگہ کو مالک سربراہ ہونا لازمی ہے، اے۔سی۔ایچ۔آر۔کوارڈینیشن کی میڈیا نمائندوں سے گفتگو

سرسبز وشاداب ماحول صحت مند معاشرے کی علامت ہے، بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین

موجودہ وقت میں پودے لگانا انتہائی ضروری ہوچکا ہے، شجر کاری مہم سے خطاب

پودوں کی اولاد کی طرح حفاظت کرنے سے ماحول کو خوبصورت بنایا جاسکتا ہے، چیئرمین سی ایم سپیشل مانیٹرنگ یونٹ

وزیرآباد (نامہ نگار) سرسبز وشاداب ماحول صحت مند معاشرے کی علامت ہے، آلودگی کے خاتمہ کے لئے شجر کاری کا فروغ قومی ذمہ داری ہے، پودے تناور درخت بن کر انسانی صحت پر اس قدر اچھے اثرات مرتب کرتے ہیں اور ہسپتالوں کو ویران کیا جاسکتا ہے، موجودہ وقت میں پودے لگانا انتہائی ضروری ہو چکا ہے اگر ہم آج پودے لگائیں گے تو ہماری آنے والی نسلیں مستفید ہوسکیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ آف سی ایم کمپلینٹ سیل، سی ایم کرائم سرویلنس یونٹ، سی ایم انسپکشن ٹیم اور سی ایم سپیشل مانیٹرنگ یونٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین نے اینٹی نارکوٹکس ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ کے زیر اہتمام شہید نوید یونس کیئر سنٹر انسداد منشیات پٹھانوالی میں شجر کاری مہم کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر کرنل (ر) وقار انور شیخ، صدر محمد جمیل چیمہ، محمد عارف حسین چیمہ، جنرل سیکرٹری محمد آصف مغل ودیگر بھی ہمراہ تھے۔ صدر محمد جمیل نے کہا کہ پودوں کی اولاد کی طرح حفاظت کرنے سے ماحول کو خوبصورت بنایا جاسکتا ہے، گرین پروگرام ملک سے آلودگی کے خاتمہ اور سرسبز پاکستان کا سنگ میل ثابت ہوگا۔

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کا صوبہ بھر کی طرح ضلع نارووال میں بھی آغاز کر دیا گیا

ڈپٹی کمشنر نارروال کی ہدایت پر ماہر اہلکاروں کی ٹیم تمام پراسس میں درخواست گزاروں کی مدد میں مصروف عمل

اب ہوا آسان تر
APNI CHHAT APNA GHAR
BY CM PUNJAB
MARYAM NAWAZ

1 سے لیکر 10 مرلہ پلاٹ کے مالکان کو اپنے گھر کی تعمیر کیلئے 15 لاکھ روپے تک بلاسود قرض فراہم کیا جائے گا۔ جو 7 سال کی مدت میں 14 ہزار ماہانہ قسط کی صورت میں واپس کیا جائے گا۔

شکرگڑھ (نامہ نگار)۔ وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کا صوبہ بھر کی طرح ضلع نارووال میں بھی آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا کی خصوصی ہدایات کے مطابق ڈپٹی کمشنر، اور تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز کے آفسز کے مین اینٹرینس پر معلوماتی کاونٹر کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔ اس کاونٹر پر ماہر اہلکاروں کی ٹیم موجود ہے جو شہریوں کو مذکورہ بالا پروگرام کی بابت شہریوں کی اہلیت کے تعین، متعلقہ ڈاکومنٹس اور اپنی چھت اپنا گھر پروگرام میں اندراج کے مکمل عمل بارے تفصیلی معلومات فراہم کرنے سمیت تمام پراسس میں درخواست گزاروں کی مدد میں مصروف عمل ہیں۔ واضح رہے کہ اس پروگرام کے تحت پہلے مرحلے میں 70 ہزار خاندانوں کے ایسے افراد کو جو شہریوں علاقے میں 1 سے لے کر 5 مرحلہ اور دیہی علاقے میں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کیجانب سے اپنا گھر اپنی چھت پروگرام کا باضابطہ آغاز درخواستیں وصول کرنے سے شروع ہو چکا ہے جس کیلئے کوالیفائنگ امیدواران کی آسانی کیلئے اے۔سی سیالکوٹ آفس کے فلور پر ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفس سے اپنا گھر اپنی چھت پروگرام کیلئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام لسٹوں، سوشو اکنامک رجسٹری ڈیٹا اور اربن ایریا میں 3 سے 5 مرلہ ذاتی پلاٹ یا جگہ اور رورل ایریا میں 5 یا 10 مرلہ کے ملکیتی پلاٹ یا جگہ کے حامل شہری استفادہ حاصل کر کے اپنے زیر تعمیر، مخدوش حالت کے گھر یا اپنے زمین کے ٹکڑے پر کنسٹرکشن کرا کے آہنی پختہ چھت رہائش ان 15 لاکھ روپے کے بغیر سود قرضہ سے استفادہ کرسکیں گے۔ ان باتوں کا اظہار اے۔سی۔ایچ۔آر۔کوارڈینیشن محمد افضال سکھیرا ڈی۔ایم۔او نے سینئر صحافیوں کیساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مرحوم نواز شریف کے پنجاب کی عوام کیلئے بہترین منصوبہ جات میں سے ایک منصوبہ ہے۔ وزیراعلی پنجاب اپنا گھر اپنی چھت پروگرام کے تحت لون لینے والا گھر، کنبہ اور جگہ کو مالک سربراہ ہونا لازمی ہے۔ اس پروگرام سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے شہری فوری طور پر فارم ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفس سیالکوٹ دفتری اوقات میں لے کر کوائف پر کر کے آخری تاریخ وصولی تک جمع کرا کے اس سہولت سے مستفید ہوسکتے ہیں۔

کم سے کم اجرت کے قانون پر عملدرآمد یقینی بنائینگے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر
فنانس اینڈ پلاننگ سیالکوٹ

ضلع سیالکوٹ میں بھٹہ مزدوروں کے بچوں کیلئے لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے قائم غیر رسمی اسکولوں کے معائنہ کیلئے سول سوسائٹی اور بھٹہ ایسوسی ایشن کے عہدیداران مشترکہ وزٹ کر کے رپورٹ دیں گے، اے ڈی سی سیالکوٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ سیالکوٹ مظفر مختار نے کہا ہے کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ سیالکوٹ کم سے کم اجرت کے قانون پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور کم سن بچوں سے مشقت لینے والے خلاف کارروائی عمل میں لائیں، لیبر کورٹ کی جانب سے کئے جانے والے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت کارروائی میں لائی جائے گی۔ یہ بات انہوں نے آج ڈسٹرکٹ ویجی لینس کمیٹی برائے انسداد جبری مشقت و انٹی ہیومین ٹریفکنگ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر طیب ورک، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شریف گھمن، صدر بھٹہ ایسوسی ایشن میاں اکرام، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پیسی ساجد علی، انسپکٹر ماحولیات شاہد علی کے علاوہ لٹریسی اور چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے مقامی حکام بھی موجود تھے۔ اے ڈی سی سیالکوٹ مظفر مختار نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں بھٹہ مزدوروں کے بچوں کیلئے لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے قائم غیر رسمی اسکولوں کے معائنہ کیلئے سول سوسائٹی اور بھٹہ ایسوسی ایشن کے عہدیداران مشترکہ وزٹ کر کے رپورٹ دیں گے۔

اساتذہ کو تعلیم کے ساتھ طلبہ کی ہمہ گیر تربیت پر توجہ دینی چاہیے، نیاز حسین

طلبہ کو اپنی پوزیشنز برقرار رکھنے کے لیے اپنی توجہ تعلیم پر مرکوز رکھنی چاہیے

الہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) اساتذہ کو تعلیم کے ساتھ طلبہ کی ہمہ گیر تربیت پر توجہ دینی چاہیے۔ تربیت کے بغیر تعلیمی عمل نامکمل ہے۔ ان خیالات کا اظہار سر نیاز حسین انفارمیشن سیکرٹری پنجاب ٹیچرز یونین ضلع نارووال نے گورنمنٹ ہائی سکول قلعہ احمد آباد میں کلاس نہم کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلبہ کو اپنی پوزیشنز برقرار رکھنے کے لیے اپنی توجہ تعلیم پر مرکوز رکھنی چاہیے۔ طلبہ کو موبائل اور منفی سرگرمیوں سے دور رہنا چاہیے۔ اس موقع پر عبدالمنان بٹ پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول احمد اباد نے کہا کہ ہم طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے اور ہمارے اساتذہ پوری محنت کے ساتھ طلبہ کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے فرائض پورے کرتے رہیں گے۔ تقریب میں پوزیشنز ہولڈر طلبہ کے والدین، اہل علاقہ اور اساتذہ نے شرکت کی۔ تقریب کے آخر پر پوزیشنز حاصل کرنے والے طلبہ محمد عبداللہ عاطف، مبین حیدر ورک، محمد حامد ڈار، مبشر علی اور محمد رافع حسن کو قرآن پاک، اسلامی کتب اور ٹرافیاں بطور انعام پیش کی گئیں۔ لعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) اساتذہ کو تعلیم کے ساتھ طلبہ کی ہمہ گیر تربیت پر توجہ دینی چاہیے۔ تربیت کے بغیر تعلیمی عمل نامکمل ہے۔ ان خیالات کا اظہار سر نیاز حسین انفارمیشن سیکرٹری پنجاب ٹیچرز یونین ضلع نارووال نے گورنمنٹ ہائی سکول قلعہ احمد آباد میں کلاس نہم کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

صحافیوں کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرینگے، مہر الیاس

کالی بھیڑیں صحافت اور صحافتی اداروں کے لئے بدنامی کا باعث بن رہی ہیں

جہلم پریس کلب جہلم

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور انکے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے ان خیالات کا اظہار جہلم پریس کلب کے صدر مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا، انھوں نے کہا کہ صحافت کی آڑ میں چھپی ہوئی کالی بھیڑیں صحافت اور صحافتی اداروں کے لئے بدنامی کا باعث بن رہی ہیں ایسے عناصر کا محاسبہ بہت جلد کیا جائے گا، انھوں نے کہا کہ صحافت ریاست کا اہم ستون ہے، اس کی بے توقیری کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی قلم اور کیمرے کی حرمت کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ جہلم پریس کلب اس سلسلہ میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے اور کرتا رہے گا انھوں نے مزید کہا کہ جہلم پریس کلب مظلوموں کی آواز بن چکا ھے اور ہر فورم پر ضلع بھر کے شہریوں کے مسائل کو اجاگر کیا جاتا ہے، اس موقع پر الیکٹرانک میڈیا کے صدر چوہدری عابد محمود، جنرل سیکرٹری غلام قادر مخلص، چیئرمین عامر کیانی، چوہدری تصور حسین، راجہ شہریار علی، مرزا فاران بیگ، چوہدری دانیال عابد، چوہدری عامر غفور، سید ناصر محمود، عبدالرحمن قادری، چوہدری ظفر نور، عمیر احمد راجہ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

چائلڈ لیبر عروج پر ہوٹلوں دوکانوں و دیگر پوائنٹس پر مشقت کا سلسلہ جاری

محکمے بھی خاموش تماشائی سرعام قانون کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) چائلڈ لیبر عروج پر ہوٹلوں دوکانوں اور دیگر مختلف پوائنٹس پر کم عمر بچوں سے محنت مشقت کروانے کا سلسلہ جاری چائلڈ لیبر ایکٹ کی دھجیاں اڑا دی گئیں متعلقہ محکمے بھی خاموش تماشائی سرعام قانون کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح میں مختلف مکینکس اور دیگر دوکانوں اور فوڈ پوائنٹس پر کم عمر بچوں سے مشقت اور مزدوری کروائی جارہی ہے چائلڈ لیبر سے متعلقہ تمام ادارے خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں سرعام قانون کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں پنجاب حکومت کی سختی کے باوجود اونے پونے پیسوں میں کم عمر بچوں سے سخت کام لیا جاتا ہے اہل علاقہ اور فلاحی تنظیموں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی: 15 جولائی سے ملک بھر میں داخلوں کا آغاز ہوگیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے پہلے مرحلے کے داخلے 15 جولائی سے ملک بھر میں جاری ہیں ان پروگراموں میں میٹرک انٹرمیڈیٹ بی ایس اور پی ایچ ڈی شامل ہیں میرٹ کی بنیاد پر داخلہ لینے کی آخری تاریخ 5 ستمبر ہے دوسرے مرحلے میں بی ایڈ بی ایس پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ کورسز بی اے ایسوسی ایٹ ڈگری کے داخلے یکم ستمبر سے شروع ہوں گے ان خیالات کا اظہار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ریجنل ہیڈ محمد لطیف نے سٹی پریس کلب نارنگ کے صدر اعظم علی باجوہ سے ملاقات کے دوران کیا انہوں نے مزید کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی طلباء و طالبات کو گھر بیٹھے معیاری تعلیم فراہم کر رہی ہے اس سے لاکھوں طلباء و طالبات مستفید ہو رہے ہیں ان کا اوپن یونیورسٹی پر اعتماد ہماری کامیابی اور بہترین معیاری تعلیم کی فراہمی کا نتیجہ ہے۔

الہ آباد: رائے محمد اکرم کھرل کے نانا جان انتقال کر گئے

الہ آباد (نامہ نگار) نواحی گاؤں فخر ٹاؤن کے رہائشی حاجی وقار بھٹی کے والد محترم اور نواحی گاؤں ہیڈ شفیع کے رہائشی رائے محمد اکرم کھرل کے نانا جان انتقال کر گئے دونوں مرحومین کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں اپنے اپنے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحومین کی وفات پر میاں جابر مغل سردار طارق ڈوگر۔ امان اللہ چوہان۔ چوہدری اللہ دتہ۔ مولوی آصف نوید اور عبدالباسط حیدری نے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومین کے لئے دعائے مغفرت اور ورثاء کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے

چار مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موبائل فون اور لیپ ٹاپ چھین لیے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چار مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موبائل فون اور لیپ ٹاپ چھین لیے مزاحمت پر گولی مار کر نوجوان کو شدید زخمی کر دیا موضع موترہ کا نوجوان مبشر اپنی موٹرسائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو چار مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی آٹھ لاکھ ستر ہزار روپے، چار عدد لیپ ٹاپ اور موبائل فونز چھین لیے نوجوان نے ڈاکوؤں کیساتھ مزاحمت کی تو ڈاکوؤں نے اس کو قتل کر دینے کی نیت سے فائرنگ کر دی جس کے نتیجہ میں نوجوان گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

ڈسکہ: اٹھارہ لاکھ کا بوگس چیک
دینے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اٹھارہ لاکھ کا بوگس چیک دینے پر مقدمہ درج ڈسکہ کے مزل نے ملزم عادل بٹ کو اٹھارہ لاکھ روپے دیئے کافی عرصہ گزرنے پر جب اس نے ملزم سے اپنی دی ہوئی رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو ملزم نے ٹال مٹول کے بعد مقامی بینک کا بوگس چیک دے دیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

دیرینہ رنجش پر مسلح ملزمان کی فائرنگ سے مقامی تاجر کا قتل، ملزمان فرار



وزیرآباد: مقتول احمد ایاز چٹھہ

وزیرآباد (نامہ نگار) دیرینہ رنجش پر مسلح ملزمان کی فائرنگ سے دوکان پر بیٹھا مقامی تاجر قتل، ملزمان فرار، پولیس تھانہ علی پور چٹھہ نے مقدمہ درج کر لیا، ملزمان کی جلد گرفتاری کا اعادہ۔ وزیرآباد کے علاقہ علی پور چٹھہ کے گاؤں حضرت کیلیانوالہ میں دیرینہ رنجش کی بنیاد پر ملزمان آفتاب بشارت، اعجاز احمد اور نعمان چٹھہ ساکنان حضرت کیلیانوالہ نے اپنی دوکان پر بیٹھے مقامی تاجر احمد ایاز چٹھہ کو کلاشنکوف اور پسٹلز کے فائر کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے پولیس تھانہ علی پور چٹھہ نے مقتول احمد ایاز چٹھہ کے بھائی سرفراز چٹھہ کی مدعیت میں 4 ملزمان پر نامزد مقدمہ درج کر لیا فائرنگ کرنے والے ملزمان آفتاب بشارت، اعجاز احمد اور نعمان احمد پر زیر دفعہ 302 جبکہ ان کے ساتھی اسامہ بشارت کو دفعہ 109 کے تحت مقدمہ میں نامزد کیا گیا ہے پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ملزمان کو جلد حراست میں لے لیا جائے گا۔

اوکاڑہ: 19 سالہ لڑکے کے اغواء کا ڈراپ سین ہوگیا

محمد ارسلان نے ذیشان کے اغواء کا مقدمہ تھانہ بی ڈویژن میں درج کروا رکھا تھا

پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے ذیشان کو راولپنڈی سے برآمد کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) 19 سالہ لڑکے کے اغواء کا ڈراپ سین پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ بی ڈویژن پولیس کی بڑی کامیابی، 19 سالہ ذیشان بازیاب ایس ایچ او بی ڈویژن شاہد بھٹہ کی سربراہی میں کارروائی 4 جولائی 2024 کو 19 سالہ ذیشان ضروری کام سے گھر سے باہر گیا اور واپس نہ آیا بھائی محمد ارسلان نے ذیشان کے اغواء کا مقدمہ تھانہ بی ڈویژن میں درج کروا رکھا تھا۔ تھانہ بی ڈویژن پولیس نے انتھک محنت اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے ذیشان کو راولپنڈی سے برآمد کیا اور ذیشان کو با حفاظت بھائی کیحوالے کر دیا ڈی پی او اوکاڑہ نے تھانہ بی ڈویژن پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔

جہلم: متعدد اہم شاہراہوں کی سٹریٹ لائٹس خراب، شہری مشکل میں

میونسپل کمیٹی کے حکام نے شکایات کے باوجود شہریوں کے مسائل سے چشم پوشی اختیار کرلی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پیراغیب تا بلال ٹاؤن، کچہری روڈ تا منڈی موڑ، ضلع کچہری کی سٹریٹ لائٹس خراب ہونے کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا، میونسپل کمیٹی کے حکام نے شکایات کے باوجود شہریوں کے مسائل سے چشم پوشی اختیار کرلی، شہری سراپا احتجاج، شہریوں کا وزیراعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، سیکرٹری بلدیات سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق پچھلے کئی ماہ سے میونسپل کمیٹی کے ذمہ داران کی عدم دلچسپی کے باعث شہر کی سڑکوں گلی محلوں میں نصب سٹریٹ لائٹس خراب پڑی ہیں، شہریوں کی شکایت کے باوجود میونسپل کمیٹی کے متعلقہ شعبہ کی عدم دلچسپی پیراغیب، سول لائن روڈ، اولڈ جی ٹی روڈ، شمالی محلہ، محمدی چوک، قبرستان روڈ، ضلع کچہری کے رہائشیوں نے بتایا کہ سٹریٹ لائٹس خراب ہونے کی وجہ سے گلیاں مسلسل تاریکی میں ڈوبی رہتی ہیں، نشے کے عادی افراد تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ان گلیوں میں اکثر چوری چکاری کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعدد بار میونسپل کمیٹی میں زبانی وتحریری طور پر شکایات کا اندراج کروا چکے ہیں لیکن میونسپل کمیٹی کی انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ انہوں نے کہا کہ سٹریٹ کرائمز کی اکثر وارداتیں سٹریٹ لائٹس کے نہ ہونے کی وجہ سے رونما ہوتی ہیں۔

اکلوتا انڈر پاس عدم توجہی کا شکار، شہریوں کا گزرنا محال ہوگیا

سیوریج کا گندہ پانی انڈر پاس میں جمع ہونے سے سڑک بھی بری طرح ٹوٹ گئی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) اکلوتا انڈر پاس عدم توجہی کا شکار، گزرنا عوام کیلئے وبال جان بن گیا، تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کا اکلوتا انڈر پاس مسائل کا گڑھ بن چکا ہے، ایک طرف صفائی کے ناقص انتظامات دوسری جانب سیوریج کا گندہ پانی انڈر پاس میں جمع ہو جاتا ہے جس وجہ سے سڑک بھی بری طرح ٹوٹ چکی ہے، گزرنے والوں کیلئے شدید مشکلات ہیں بار بار یاد دہانی پر بھی انڈر پاس کے مسائل جوں کے توں ہیں، میاں چنوں کی عوام نے ارباب اختیار سے انڈر پاس کی حالت زار جو بہتر بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ایڈیشن ڈائریکٹر لائیوسٹاک کا ساہیوال کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ

جانوروں کی بیماریوں کے متعلق معلومات حاصل کی فوری ویکسی نیشن کے احکامات جاری کیے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر افتخار کا ساہیوال کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ مویشی پال حضرات سے ملاقاتیں کی اور کیٹل فارمز کے وزٹ کیے جانوروں کی بیماریوں کے متعلق معلومات حاصل کی فوری ویکسینیشن کے احکامات جاری کیے۔ ساہیوال: ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر افتخار نے گل گوٹو کی خطرناک وبا کے باعث متعدد جانوروں کی ہلاکتوں پر بروقت نوٹس لیتے ہوئے ضلع بھر کے مختلف علاقوں کا وزٹ کیا اور مویشی پال حضرات سے ملاقاتیں کی اور جانوروں کی بیماریوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے بعد ان کی ویکسینیشن کے عمل کو فوری مکمل کروایا اور سول وٹینری ڈاکٹروں کو 24 گھنٹے مویشی پال حضرات کے رابطے میں رہنے کی سخت ہدایات بھی کیں اس کے علاوہ شہر اور مضافاتی علاقوں میں مضر صحت گوشت فروخت کرنے والوں کے خلاف بھی گھیرا تنگ کرنے کے لیے مختلف ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں مضر صحت گوشت فروخت کر کے انسانی زندگیوں میں زہر گھولنے والوں کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی۔

شیخوپورہ: صاف ستھرا پنجاب کا خواب چکنا چور، گلیاں جوہڑ بن گئیں، شہری گٹروں میں گرنے لگے

سیوریج کھلے ہونے اور پائپوں سے گاد نہ نکلے جانے کی وجہ سے دکاندار سراپا احتجاج بن گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا صاف ستھرا پنجاب کا خواب چکنا چور ہوگیا، اندرون شہر سمیت گلی محلوں چوکوں چوراہوں عبادگاہوں، مساجدوں اور تعلیمی اداروں کے باہر سیوریج پائپ لائنوں کی بندش کیوجہ سے کھلے مین ہولز میں گرنے کے واقعات میں بھی تیزی آگئی مارکیٹ کمیٹی کے باہر سیوریج کھلے ہونے اور پائپوں سے گاد نہ نکلے جانے کی وجہ سے دکاندار سراپا احتجاج بن گئے ضلعی انتظامیہ کی ناقص پالیسیوں کے خلاف نعرہ بازی کی گئی مظاہرین کا کہنا تھا کہ آئے روز کھلے مین ہولز میں مرد وخواتین اور بچے گر رہے ہیں میونسپل کمیٹی عملہ کو تیل پانی دیں تو پھر ہی پانی نکالتے ہیں مین ہولز کھولنے کا کہے تو کہتے ہیں ٹائم نہیں ہے، ضلع بھر میں سیوریج پائپوں کی بندش اور گندے پانی کے معاملہ کو اس تناظر میں مظاہرین لے رہے ہیں کہ موجودہ حکومت کو ووٹ نہ دینے کی وجہ سے فارم 47 پر حکومت بنانے والے پنجاب کے عوام سے بدلہ لے رہے ہیں ہر چیز پر ٹیکس دیتے ہیں اگر صفائی ستھرائی نہ کی گئی تو دما دم مست قلندر کیا جائے گا

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان پر فرض ہے، چوہدری جاوید اقبال

ختم نبوت کیلئے کام کرنے والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں مقبول ومنظور ہوتا ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان پر فرض ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور عقیدت ہمارے ایمان کا حصہ ہے مسلمان اپنے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف کچھ بھی برداشت نہیں کر سکتے ہمارے ایمان کا تقاضہ ہے کہ ہر جگہ ختم نبوت کا پرچار کیا جائے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر شیخوپورہ چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ختم نبوت کیلئے کام کرنے والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں مقبول ومنظور ہوتا ہے تاریخ گواہ ہے جب بھی ختم نبوت کے خلاف کام کا آغاز ہوا مسلمانوں نے اپنی جانیں دے کر عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ یقینی بنایا آج بھی عاشقان رسول عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے سب کچھ قربان کرنے کیلئے ہر وقت تیار ہیں۔

پی ٹی آئی جلسہ میں کارکنوں کو روکنے کیلئے پولیس کے ناکے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں پی ٹی آئی کے جلسہ میں کارکنوں کو شرکت سے روکنے کے لئے گذشتہ روز پولیس نے ضلع کوٹ سرور انٹرچینج پر ناکہ لگائے رکھا اور گاڑیوں کو موٹر وے پر نہ چڑھنے دیا جس کی وجہ سے ہزاروں مسافر اور گاڑیوں والے پریشان رہے۔ دوسری جانب پولیس کے سفید کپڑوں میں ملبوس ملازمین بس اسٹینڈز اور ٹرینوں کے اردگرد بھی گھومتے رہے۔ جبکہ متعدد علاقوں میں پولیس نے رات گئے تک پی ٹی آئی کے کارکنوں کے گھروں پر چھاپے مارنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس دوران پولیس نے دو کارکنوں کو حراست میں بھی لے لیا جبکہ کثیر تعداد میں کارکن چھاپوں اور گرفتاریوں کے خوف سے روپوش ہوگئے۔

دیپالپور: دیہی مرکز صحت نہراں والا میں سی او ہیلتھ اوکاڑہ نے ڈاکٹر اوصاف گیلانی کو تعینات کر دیا

مریضوں کو یہاں سے ادویات ملے گی

جبکہ تشخیص بھی بہترین ہوگی، تعینات ڈاکٹر اوصاف گیلانی کی میڈیا سے گفتگو

BHU NEHRAN WALA (SMBBC)
بنیادی مرکز صحت نہراں والا
BHU NEHRAN WALA DEPALPUR

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کا بنیادی مرکز صحت نہراں والا BHU ہسپتال عرصہ دراز سے بند پڑا ہوا تھا ڈاکٹر نہیں تھا نہ ہی لوگوں کو میڈیسن مل رہی تھی دیپالپور کا صحافی زاہد عمران جنجوعہ نے سی او ہیلتھ اوکاڑہ سے ریکویسٹ کی ہے کہ ہمارے گاؤں میں ڈاکٹر کی شدید ضرورت ہے سی او ہیلتھ اوکاڑہ نے فورن ڈاکٹر اوصاف گیلانی صاحب کو بھیجا اور ہم شکر گزار ہیں سی او ہیلتھ اوکاڑہ کا جس نے فوراً ہمارے گاؤں میں ڈاکٹر صاحب کو بھیجا ہمارے گاؤں میں BHU ہسپتال میں تعینات ہونے والے ڈاکٹر اوصاف گیلانی صاحب صحافی گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں انشاءاللہ مریضوں کے ساتھ محبت سے پیش آؤ گا ہر آنے والے مریض کو میڈیسن ضرور ملے گی اور ان کا چیک اپ اچھے سے کیا جائے گا شاہد عمران نے کہا ہے کہ ڈاکٹر صاحب بہت اچھے انسان ہیں اور بہت ہی نائس آدمی ہیں ہمارے گاؤں میں مریضوں کے ساتھ محبت اور عزت سے پیش اتے ہیں ڈاکٹر اوصاف گیلانی بہت ہی اچھے انسان ہیں اور لوگوں کی خدمت کر رہے ہیں ہمارے علاقے میں لوگ دیپالپور میں جاتے تھے دیپالپور ہمارے سے تقریبا 25 کلومیٹر دور ہے ڈاکٹر اوصاف گیلانی صاحب کے پاس جو مریض جاتا ہے ان کو میڈیسن فری دیتے ہیں اور فورن مریضوں کو چیک کرتے اور مریضوں کے ساتھ محبت سے پیش آتے ہیں ہم ڈاکٹر اوصاف گیلانی صاحب کا شکر گزار ہیں جو ہمارے علاقے میں ائے ہم ان کا ویلکم کرتے ہیں

خوشحال پنجاب کے تحت آل پاکستان پرائیویٹ کالجز اینڈ سکولز ایسوسی ایشن نے شجر کاری مہم کا آغاز

شور کوٹ (حاجی گلزار احمد جٹ نمائندہ قوت) وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے ویژن سرسبز پنجاب خوشحال پنجاب کے تحت آج آل پاکستان پرائیویٹ کالجز اینڈ سکولز ایسوسی ایشن نے شجر کاری مہم کا آغاز اسسٹنٹ کمشنر شور کوٹ جناب اسفند یار سے نزد غازی پل کے ساتھ نہر کنارے پودا لگوا کر کیا اس طرح ایسوسی ایشن کا تقریبا نہر کنارے سو پودے لگانے کا ارادہ ہے شجر کاری مہم میں چیئرمین سکولز تحصیل شور کوٹ جناب چوہدری ساجد اشرف گجر صدر محمد انور خاں سیکرٹری عمران کملانا دیگر سکولز اونرز حاجی گلزار احمد جٹ مہر مشتاق احمد۔ شیخ یونس۔ شیخ رؤف۔ منور ظریف۔ امجد جاوید رانا امجد صاحبان ودیگر نے شرکت کی تمام سکولز اونرز نے اپنے اپنے سکولز کے احاطوں میں پودے لگانے کا عزم کیا

محمد اشرف خان کی ریٹائرمنٹ کی الوداعی تقریب،

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کی باڈی تشکیل

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق سابق ضلع صدر اپیکا محمد اشرف خان ترین کی ریٹائرمنٹ کی الوداعی تقریب کے موقع پر آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کی نومنتخب باڈی کی تقریب حلف برداری کا انعقاد ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوا۔ صوبائی چیئرمین سلطان مجددی نے نو منتخب عہدے داروں سے حلف لیا جبکہ محمد سرور سرویا صوبائی جنرل سیکرٹری نے ضلع نارووال کے ایجوکیشن یونٹ کے نومنتخب عہدے داران سے حلف لیا۔ تقریب کی صدارت مرکزی صدر اپیکا عبدالباری صدیقی نے کی۔ ضلعی صدر سید ایاز شیرازی نے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان شاء اللہ ساتھیوں کے اعتماد پر پورا اتروں گا۔ کلرکس برادری کے حقوق کے تحفظ کیلئے اپنے آپ کو وقف کر چکا ہوں۔ کلرکس ہماری تنظیم کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان کے جائز مطالبات منوانے کیلئے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔ ہم نے ہمیشہ کلرک برادری کے مفادات اور حقوق کے حصول اور تحفظ کی بات کی ہے۔ یہی ہمارا منشور ہے۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض جنرل سیکرٹری اپیکا عبدالوحید بٹ نے سرانجام دیے۔ اس موقع پر مرکزی صدر عبدالباری صدیقی و دیگر قائدین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اپیکا کے کارکنوں کے حقوق کا تحفظ کرنا ہمارا اولین مقصد ہے۔ اپیکا کے لیے لازوال قربانیاں دینے والے قائدین کی خدمات کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ہم کارکنوں کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے مشن پر قائم ہیں۔ کسی بھی قسم کا سیاسی پریشر اپیکا کو اپنی منزل سے دور نہیں رکھ سکتا۔ اس موقع پر سابق ضلعی صدر اپیکا محمد اشرف خان ترین کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا اور کارکنوں نے انہیں تحائف پیش کیے۔

شہریوں کیلئے ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے، ڈاکٹر فہد

سرکاری علاج گاہوں کے سرپرائز وزٹ کر کے علاج معالجہ کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر محمد فہد نے کہا ہے کہ شہریوں کو علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام سرکاری ہسپتالوں کو ادویات و دیگر وسائل کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے ہسپتالوں میں عملہ کی کمی کو پورا کیا گیا ہے اور ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کو فرض شناسی وامور ذمہ داری کا پابند بنانے کی خاطر مربوط لائحہ عمل مرتب کیا گیا ہے جس کے تحت محکمہ صحت کے افسران سرکاری علاج گاہوں کے سرپرائز وزٹ کر کے علاج معالجہ کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر فہد نے کہا کہ پنجاب حکومت کی طرف سے امور صحت پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور اس سلسلہ میں اضلاع کی سطح پر جو اقدامات اٹھائے گئے ہیں ان کے ثمرات شہریوں کو یکساں میسر آرہے ہیں ضلع شیخوپورہ میں بھی سہولیات صحت کے حوالے سے جاری کاوشیں تسلی بخش ہیں جن پر شہریوں کی طرف سے بھرپور اعتماد کا اظہار کرنا ہمارے درست سمت گامزن ہونے کا ثبوت ہے، سرکاری علاج گاہوں میں وسائل کی فراہمی کیلئے مختلف سطح پر کام کیا جارہا ہے جس کے ساتھ ساتھ ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اور نان پیرامیڈیکل سٹاف کو درپیش مشکلات کے تدارک کیلئے کام کیا

اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین کے ہمراہ میٹرک کے سپلیمنٹری امتحانات کا جائزہ

طلبہ کے لیے روشنی کے مناسب انتظامات، پینے کے صاف پانی اور دیگر انتظامات کا جائزہ

ننکانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو میٹرک کے سپلیمنٹری امتحانات کا جائزہ لینے کیلئے امتحانی مرکز کا دورہ کر رہے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین بھی ہمراہ ہیں۔

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کا اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین کے ہمراہ میٹرک کے سپلیمنٹری امتحانات کا جائزہ لینے کیلئے پوسٹ گریجویٹ گرلز کالج میں قائم امتحانی سینٹرز کا دورہ۔ ڈپٹی کمشنر نے امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام، طلبہ کے لیے روشنی کے مناسب انتظامات، پینے کے صاف پانی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو شفاف امتحانات کے انعقاد کے لیے الرٹ رہ کر فرائض سرانجام دینے کی ہدایات جاری کیں۔ نگران عملہ کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کو بتایا گیا کہ سنٹرز کی حدود میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو داخلے کی اجازت نہیں اور نقل کی روک تھام کے لیے طلبہ کو تلاشی کے بعد داخل ہونے کی اجازت دی جاتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ امتحانی عمل شفاف بنانا نگران عملہ و متعلقہ افسران کی ذمہ داری ہے، اس میں کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کے تمام امتحانی مراکز پر انتظامات کو فول پروف بنایا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سوالیہ پیپرز کی ترسیل و تقسیم کے تمام مراحل کو شفاف بنایا گیا ہے تاکہ کسی کا حق متاثر نہ ہو سکے۔ انہوں نے انچارج امتحانی مراکز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پیپر کے دوران سخت اور موثر نگرانی کی جائے، کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو امتحانی حدود میں داخل نہ ہونے دیا جائے، دوسری جانب ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین اور اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ ثناء شرافت نے گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2 میں امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام اور سٹوڈنٹس کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ

چنیوٹ: قیوم ماگرے کا انجمن طلبہ اسلام چناب نگر کا دورہ

مقامی تنظیمی عہدیداروں مختلف مذہبی سیاسی سماجی شخصیات واداروں کے سربراہان سے ملاقاتیں

چنیوٹ: انجمن طلبا اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری فیصل قیوم ماگرے تنظیمی دورہ کے موقع پر ائے ٹی آئی کے رہنماؤں امیر سلطان ودیگر سے ملاقات کر رہے ہیں۔

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انجمن طلبہ اسلام نے کراچی سے چناب نگر تک 31 اگست کو ملک گیر ختم نبوت ٹرین مارچ کا اعلان کر دیا، یکم ستمبر کو چناب نگر ریلوے اسٹیشن پہ ختم نبوت کانفرنس ہوگی جبکہ ٹرین مارچ کے انتظامات و رابطہ مہم کے لئے مرکزی سیکرٹری جنرل فیصل قیوم ماگرے ایک روزہ تنظیمی دورے پر چنیوٹ پہنچ گئے جہاں پر انہوں نے محمدی شریف بھوانہ میں عشق مصطفی و ختم نبوت کانفرنس میں شرکت کی علاوہ ازیں مقامی تنظیمی عہدیداروں مختلف مذہبی سیاسی سماجی شخصیات واداروں کے سربراہان سے ملاقاتیں بھی کیں انجمن طلبہ اسلام کے سابقین کی تنظیمات پاکستان فلاح پارٹی، مصطفائی تحریک، المصطفی ویلفیئر سوسائٹی، انجمن اساتذہ پاکستان کے ذمہ داران سے ملاقات بھی۔

زمیندار کے مویشیوں کو زہر دیکر ہلاک کرنے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) زمیندار کے مویشیوں کو زہر دیکر ہلاک کرنے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج تھانہ موترہ کے علاقہ گھوئینکی کے زمیندار اقبال کی بھینس اور کتا مر گئے اس نے میڈیکل کروایا تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کے مویشیوں کو کسی نے زہر دیکر ہلاک کر دیا اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کے مویشیوں کو زہر ملزمان محمد اسلم اور نوید بیگ نے دیا ہے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بجلی بلوں میں ریلیف پر سیاست سے گریز کی ضرورت

وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب نے صوبے کے عوام کو ترقیاتی فنڈز میں سے 45 ارب روپے کا ریلیف دیا۔ اس سے وفاق کا کوئی لینا دینا نہیں جبکہ خیبر پختونخوا سمیت دیگر صوبے بھی بسم اللہ کریں اور پنجاب کی طرح اپنے عوام کو ریلیف دیں لیکن اس معاملے پر سیاست سے گریز کریں۔ صوبوں کو این ایف سی کے تحت بہت سے وسائل دیے جاتے ہیں۔

وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے 200 یونٹ استعمال کرنے والوں کو تین ماہ کے لیے جب کہ پنجاب حکومت نے صوبے کے صارفین کو 14 روپے یونٹ کا بجلی کے بلوں میں دو ماہ کے لیے ریلیف دیا ہے۔ دونوں رعایات ملا لی جائیں تو بھی صارفین کے لیے یہ اونٹ کے منہ میں زیرے سے زیادہ نہیں ہے۔ اپریل 2022ء میں وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں پی ڈی ایم پلس پیپلز پارٹی کی حکومت بنی تو یونٹ کو 16 روپے سے کم کر کے 12 روپے پر لانے کا دعویٰ کیا گیا جو آج کئی صارفین کو 80 روپے سے بھی زیادہ میں پڑ رہا ہے۔ اس میں اگر 14 روپے کی کمی کی جاتی ہے تو اسے معمولی ہی سمجھا جائے گا۔ البتہ گھریلو صارفین خود کو یہ تسلی ضرور دے سکتے ہیں کہ نہ ہونے سے تو بہتر ہے۔ مگر 14 روپے کا ریلیف صرف دو ماہ کے لیے ہے۔ اس کے بعد پرانے بل بحال ہوں گے۔ فی یونٹ بجلی 14 روپے دو ماہ کی نسبت مہنگی ہوگی تو صارفین مہنگائی کا تاثر ضرور لیں گے۔ یہ حکومت کے کتنا حق میں جائے گا، اس کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

پنجاب حکومت کی طرف سے 14 روپے فی یونٹ ریلیف دینے پر وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے اعتراض کرتے ہوئے کہا ہے کوئی صوبہ اگر دو ماہ کیلئے ریلیف دے کر چاہتا ہے کہ تیسرے مہینے ڈبل بل آئے تو وہ شوق پورا کرلے۔ ہم عوام کیلئے مستقل ریلیف کا حل پیش کریں گے۔ ہم حالات خراب کرنے کے بعد عارضی بہتری کیلئے پیسے پانی میں بہانا نہیں چاہتے۔ اس بیان کے جواب میں وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے طنزاً کہا کہ کسی نے بجلی میں دیے گئے ریلیف کو بے وقوفی کہا ہے، مجھے ہنسی آئی کہ کرپشن پر، گاڑیوں پر، جہازوں پر، پروٹوکول پر پیسے لگانا بے وقوفی نہیں لیکن عوام کو ریلیف دینا ان کی نظر میں بے وقوفی ہے۔ ان حالات میں عوام کو 2 ماہ کا ریلیف بھی ملے، تو بھی میں خوش ہوں کیونکہ ہم تو ریلیف دینے آئے ہیں۔ اسی دوران سندھ کے وزراء سعید غنی اور شرجیل میمن کے ساتھ پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری میں تلخ بیانات کا تبادلہ بھی ہوا۔ اپنی اپنی جگہ پر فریقین کا نقطہ نظر درست ہوسکتا ہے۔ یہ دونوں پارٹیاں حکومتی اتحادی ہیں ایسی بیان بازی سے حکومتی اتحاد کی ہنڈیا بیچ چوراہے میں پھوٹنے کا تاثر مل رہا ہے۔

آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے صارفین کے لیے سوہان روح اور جان لیوا ثابت ہوئے ہیں۔ حکومت کی طرف سے کبھی ان معاہدوں پر نظر ثانی کا بیان جاری کیا جاتا ہے، کبھی ان کو ناگزیر قرار دے دیا جاتا ہے۔ وزیر بجلی نے کہا تھا کہ آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں پر نظر ثانی کی بات نہیں ہوگی کیونکہ اس حوالے سے گارنٹیاں دی ہوئی ہیں۔ کپیسٹی پیمنٹ ڈبل شاہ کا روپ دھار چکی ہے۔ ڈبل شاہ ماڈل لمبا عرصہ چل ہی نہیں سکتا تھا۔ جو آئی پی پیز 10 فیصد صلاحیت پر بجلی پیدا کر رہی ہے ان کو 100 فیصد پیداوار کے مطابق حتیٰ کہ زیرو پیداوار والی کمپنی کو بھی مکمل ادائیگی کی جاتی ہے۔ یہ سلسلہ کب تک چل سکتا ہے؟ مکمل انحطاط سے قبل معاہدوں پر نظر ثانی کر لینا ہی دانشمندی ہے۔

بجلی کے وزیر اویس لغاری نے ایک نیا "فلسفہء جانفزا" قوم کے سامنے رکھا ہے کہ اگر ہم 2 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ برداشت کرلیں تو 50 ارب روپے کی بچت کی جاسکتی ہے۔ ان کی تجویز پر عمل کرتے ہوئے چار گھنٹے لوڈ شیڈنگ کر کے ایک سو ارب بچائے جاسکتے اور مزید لوڈ شیڈنگ سے مزید بچت! کہیں 24 گھنٹے کی تجویز نہ دے دیں۔ ہمارے ہاں ایسے حکمران بھی رہے جنہوں نے لوڈ شیڈنگ میں کمی کے لیے ہفتے میں دو چھٹیوں اور رات کو جلد کاروبار بند کرنے کے منصوبے بنا کر نافذ عمل کر دیے تھے مگر نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات۔ لوڈ شیڈنگ پہلے سے زیادہ ہونے لگی۔

آج لوڈ شیڈنگ کے ساتھ بجلی کا مہنگا ہونا بھی وبال جان بنا ہوا ہے۔ بجلی کی پیداوار کے سستے ذرائع موجود ہیں لیکن اس طرف کرتا دھرتاؤں کی توجہ نہیں جاتی۔ سولر سسٹم سے آسانی کے ساتھ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے اور یہ سستا ترین ذریعہ بھی ہے مگر ایسے صارفین کی حوصلہ افزائی کی بجائے حوصلہ شکنی کو وطیرہ بنا لیا گیا ہے۔

جس روز وزیر اعلی مریم نواز اور میاں نواز شریف کی طرف سے 14 روپے ریلیف کا اعلان کیا گیا اسی روز سیکرٹری توانائی کی طرف سے پارلیمان کی قائمہ کمیٹی میں کہا گیا کہ آئی ایم ایف کا بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا دباؤ صارفین پر ہی منتقل کیا جائے گا۔ اشرافیہ کی بے جا مراعات پر قدغن لگا کر بھی عوام کو بجلی کے بلوں میں بڑی سبسڈی دی جاسکتی ہے۔ عوام تنگ آ چکے ہیں۔ بھاری بلوں کی ادائیگی ناقابل برداشت ہو چکی ہے۔ عوام کے سامنے آزاد کشمیر کا ماڈل بھی موجود ہے جہاں بجلی آج تین روپے یونٹ دی جارہی ہے۔ حکومت حالات کے اس نہج پر پہنچنے سے پہلے ہی عوام کو جتنا ممکن ہوسکتا ہے ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کرے۔

بجلی کا بحران آئی پی پیز کا ہی پیدا کردہ ہے۔ اس کے ساتھ معاہدوں پر نظرثانی کر کے بجلی کے مہنگے بل مستقل بنیادوں پر کم کیے جاسکتے ہیں۔ دو ماہ کا عارضی ریلیف تو محض طفل تسلی ہے۔ مستقل ریلیف سے ہی قوم کا اضطراب ختم ہوگا۔ وفاق اور صوبے اس ایشو پر سیاست اور پوائنٹ سکورنگ کے بجائے بجلی بحران کے مستقل حل کا لائحہ عمل طے کریں۔

گنج بخش فیض عالم حضرت داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ

تحریر

علامہ پیر محمد تبسم بشیر اویسی

آپ کا عرس مبارک-2018-19 صفر المظفر کو لاہور میں منایا جاتا ہے۔

علامہ پیر محمد تبسم بشیر اویسی ایم اے سجادہ نشین مرکز اویسیاں نارووال

اولیاء اللہ کی جماعت کا ذکر خیر خالق کائنات نے اپنی لاریب کتاب میں فرمایا۔ ارشاد ربانی عزوجل ہے کہ اولٰئک الذین انعم اللہ علیھم من النبیین والصدیقین والشھداء والصالحین ○ اس آیت کریمہ میں لفظ صالحین سے مراد اولیاء اللہ ہیں۔ ان محبان خدا میں سے حضور شہنشاہ اولیاء، زبدۃ العارفین، شمس الکاملین حضرت سید علی بن عثمان ہجویری المعروف بہ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کا نام مبارک خاص اہمیت کا حامل ہے۔ حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی ہستی ان اولیائے کرام اور صوفیائے کرام میں سے ایک ہے۔ جنہوں نے برصغیر پاک و ہند کے ظلمت کدوں کو نور اسلام سے منور کیا اور اپنے قول و فعل سے حضور اکرم ﷺ کا اسوۂ حسنہ لوگوں کے سامنے پیش کیا۔ یہ بزرگان دین کی بے لوث مخلصانہ کوششوں کا نتیجہ تھا کہ برصغیر میں اتنی بڑی تعداد میں لوگ مشرف بہ اسلام ہوئے۔ ان بزرگان دین میں سے حضرت سیدنا علی بن عثمان الہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی بھی ایک ذات ہے جن کو ہدیہ تبرک پیش کرنے کیلئے کتب تواریخ کی روشنی میں چند گذارشات پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں کیونکہ فرمان رسول اللہ ﷺ ہے کہ ذکر الصالحین کفارۃ السیات۔ یعنی نیک لوگوں کے ذکر خیر سے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ ایک دوسری جگہ فرمان مصطفی ﷺ ہے کہ عند ذکر الصالحین تنزل الرحمۃ۔ یعنی اولیاء کاملین کا ذکر خیر کرتے وقت اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا نزول ہوتا ہے۔

معزز قارئین: حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی ذات تو وہ ہے کہ نماز پڑھاتے ہیں اور حالت نماز میں لوگوں کے اعتراض کے جواب پر قبلہ کی درستگی کا سلسلہ کرتے ہیں۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ جیسے عظیم المرتبت بزرگ بھی سیدنا حضرت داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی فیض سے مالا مال ہو کر نوے لاکھ افراد جو کہ کفر و شرک کی ضلالت میں ڈوبے ہوئے تھے۔ اُن تمام کو سرکار مدینہ ﷺ کا غلام بنا دیا۔

نام و نسب اور سلسلہ نسب: آپ کا اسم گرامی علی، کنیت ابو الحسن، لقب داتا گنج بخش، والد ماجد کا اسم گرامی عثمان بن علی، وطنی نسبت الجلابی الغزنوی ثم الہجویری ہے۔ جلاب اور ہجویر افغانستان کے غزنی شہر کے مضافات میں دو بستیاں ہیں۔ (سفینۃ الاولیاء 146، کشف المحجوب مقدمہ 1، خزینۃ الاصفیاء 233)

سلسلہ نسب: آپ حسنی سید ہیں۔ آپ کا سلسلہ نسب آٹھ واسطوں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے۔ (از علامہ غلام سرور لاہور، (خزینۃ الاصفیاء 233)

ولادت داتا گنج بخش: حضرت سیدنا علی ہجویری المعروف بہ داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت مبارک کے بارے میں تذکرہ نگاروں کی روایات درج ذیل ہیں۔ 1۔ آپ کی ولادت پانچویں صدی ہجری کے شروع میں ہوئی۔ 2۔ آپ کی ولادت 400ھ بمطابق 1010ء میں ہوئی۔ 3۔ آپ 400 ہجری میں پیدا ہوئے۔ (مقالات دینی و علمی، 223/1، بزم صوفیا 101/1، صباح الدین عبدالرحمن)

جائے ولادت و وطن: آپ کے والد ماجد جلاب کے اور والدہ ماجدہ ہجویر کی رہنے والی تھیں والد صاحب کی وفات کے بعد آپ مستقل طور پر ننھیال منتقل ہو گئے اس لئے اپنے آپ کو جلابی ثم الہجویری لکھتے ہیں۔ آپ کی والدہ ماجدہ کی قبر غزنی میں آپ کے ماموں تاج الاولیاء کے مزار شریف کے ساتھ ہے۔ (از حضرت دارشکوہ رحمۃ اللہ علیہ، (سفینۃ الاولیا صفحہ 209 تا 210)

سلسلہ طریقت: آپ کے مرشد حضرت ابو الفضل محمد بن حسن ختلی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ ان کا سلسلہ طریقت نو واسطوں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے۔ آپ نے شیخ ابو الفضل محمد بن حسن ختلی کے علاوہ جن دیگر مشائخ سے فیض حاصل کیا اُن کے نام یہ ہیں۔ شیخ ابو القاسم گرگانی، شیخ ابو سعید ابی الخیر، شیخ ابو القاسم قشیری، شیخ ابو العباس اشقانی۔ (خزینۃ الاصفیاء 232/1 از علامہ غلام سرور لاہوری)

لقب: درست قرینہ یہ ہے کہ آپ برصغیر میں آمد کے ساتھ ہی اس لقب "گنج بخش" سے مشہور ہو گئے تھے اور یہ شہرت تواتر سے صدیوں کا فاصلہ طے کرتی ہوئی آج تک پہنچی ہے چنانچہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی کا مشہور شعر جو زبان زد خلائق رہا ہے وہ یہ ہے۔

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را رہنما (مقالات دینی و علمی)

تعلیم و تربیت اور سیاحت: آپ نے درج ذیل اساتذہ اور شیوخ سے تعلیم و تربیت پائی۔ شیخ ابو القاسم عبد الکریم بن ہوازن القشیری، حضرت ابو الفضل محمد بن حسن الختلی۔ شیخ ابو جعفر محمد بن المصباح الصیدلانی۔

آپ نے زندگی کا زیادہ تر حصہ علمی و روحانی غرض سے سیاحت میں گذارا۔ اکابر اولیاء کرام کی زیارت کی اور ان سے فیض اٹھایا مثلاً عراق، شام، بغداد، پارس، طبرستان، خوزستان، کرمان، طوس اور حجاز کا سفر کیا۔ صرف خراسان میں آپ نے تین سو مشائخ سے ملاقات کی۔ حضرت شیخ ابو الحسن سالبہ شیخ ابو اسحاق شہریار اور خواجہ احمد حمادی سرخسی اور شیخ احمد نجار سے بہت متاثر ہوئے۔ (نزہۃ الخواطر، کشف المحجوب 40)

داتا گنج بخش کی لاہور آمد: اس بارے میں مشہور قدیم روایت حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ حضرت داتا گنج بخش اور شیخ حسن زنجانی لاہوری رحمۃ اللہ علیہما دونوں پیر بھائی ہیں۔ شیخ حسن زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پہلے سے لاہور میں مقیم تھے۔ ایک دن حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مرشد نے آپ کو حکم دیا کہ لاہور جاؤ چنانچہ حضرت سید علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور روانہ ہو گئے۔ جس دن لاہور پہنچے رات ہو گئی تھی۔ شہر کے دروازے بند ہو گئے تھے۔ لہٰذا باہر رات گذاری صبح اٹھے تو دیکھا کہ لوگ ایک جنازہ اٹھائے شہر سے باہر آ رہے ہیں۔ دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ یہ جنازہ حضرت شیخ حسن زنجانی کا ہے۔ آپ کو اس وقت اپنے پیر کامل حضرت ابو الفضل محمد بن حسن ختلی رحمۃ اللہ علیہ کے حکم کی حکمت سمجھ میں آئی۔ (فوائد الفواد 57 از خواجہ سنجری)

تاجدار مرکز الاولیاء کی شادی: آپ کی دو شادیاں والدین نے کی تھیں پہلی بیوی کی وفات کے بعد گیارہ سال تک علائق زواج سے بچے رہے پھر دوسری شادی کی مگر ایک سال بعد یہ بیوی بھی فوت ہو گئی۔ (سوانح حیات علی ہجویری 24 تا 25 از محمد دین فوق)

حضرت داتا گنج بخش کی تعلیمات: حضرت سید علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ المعروف بہ داتا گنج بخش علم و فضل میں مجتہدانہ شان رکھتے تھے۔ وہ صاحب صحو، صاحب مقام اور صاحب مسلک صوفی تھے اور تصوف کے مدونین فن میں ان کا نام امام قشیری اور عبد الرحمن سلمی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد امام محمد غزالی اور شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ علیہ سے پہلے آتا ہے۔ لہٰذا ان کی تعلیمات کا سرچشمہ ان کی کتب کشف المحجوب اور کشف الاسرار جو کہ نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ حصول برکت کے لئے اور نزول رحمت کے لئے آپ کی تعلیمات میں سے چند فقرات اپنے معزز قارئین کرام کی تنویر بصیرت کے لئے درجہ ذیل ہیں چنانچہ یہ تعلیمات کشف المحجوب اور کشف الاسرار سے ماخوذ ہیں۔ ☆ نفس کی مخالفت سب عبادتوں کا اصل اور سب مجاہدوں کا کمال ہے۔ ☆ عارف عالم بھی ہوتا ہے مگر ضروری نہیں کہ عالم بھی عارف ہو۔ ☆ فقر کی معرفت کے لئے سیر دنیا سے بہتر کوئی ذریعہ نہیں۔ ☆ بندہ کے لئے سب چیزوں سے زیادہ مشکل خدا کی پہچان ہے۔ ☆ دنیا کے ساتھ (ہاتھ، پاؤں، آنکھیں) جو بظاہر دوست نظر آتے ہیں دراصل تیرے دشمن ہیں۔ (سوانح حیات علی ہجویریؒ)

تصانیف حضرت داتا گنج بخش: حضرت سید علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ ایک بڑے مصنف تھے اور شعر بھی کہتے تھے۔ ان کی بعض تصانیف کے نام یہ ہیں مگر ان کا نام جس سدابہار کتاب کی بناء پر زندہ ہے وہ کشف المحجوب ہے۔ (مقدمہ کشف المحجوب ڈاکٹر ژوکوسکی از محمد لوی عباسی)

خلفائے حضرت داتا گنج بخش: آپ تصوف کے مدونین فن میں سے ہیں۔ اصحاب سلاسل میں سے نہیں لہٰذا آپ نے سلسلہ جاری نہیں فرمایا۔ کتابوں میں تحریر ہے کہ شیخ ہندی اور آپ کے اصحاب ابو سعید ہجویری اور حماد سرخسی رحمۃ اللہ علیہم آپ کے خلفاء تھے۔ اس کے علاوہ آپ کے مزار مقدس سے فیض اٹھانے والے عظیم صوفی بزرگ مثلاً خواجہ معین الدین چشتی۔ حضرت فرید الدین مسعود گنج شکر اور حضرت شیخ فاروق احمد المعروف بہ حضرت مجدد الف ثانی بجا طور پر آپ کے خلفاء ہیں۔ (فضائل داتا علی ہجویری 17 از محمد نسیم عباسی)

بلوچستان میں گندم اور کراچی میں پانی چوری، شیر افضل مروت کے مسائل!!!!!

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

ہم بھی عجیب قوم ہیں، پانی ہو تو مسئلہ نہ ہو تو مسئلہ، بارش ہو تو مسئلہ نہ ہو تو مسئلہ، گندم ہو تو مسئلہ نہ ہو تو مسئلہ، ہسپتال ہو تو مسئلہ نہ ہو تو مسئلہ، سکول کھلیں تو مسئلہ نہ کھلیں تو مسئلہ، الیکشن ہو تو مسئلہ نہ ہو تو مسئلہ، یعنی ہم ہر حال میں اپنے لیے کوئی مسئلہ نکال رکھتے ہیں۔ کراچی والوں کو پینے کا پانی ملے تو مسئلہ، نہ ملے تو مسئلہ، کراچی میں بارش نہ ہو تو مسئلہ بارش ہو تو زیادہ بڑا مسئلہ یہ وہ حالات ہیں جن کا ان دنوں بھی سامنا ہے۔ ایسی ہی کچھ خبریں بھی سامنے آئی ہیں جنہیں دیکھ کر یہ احساس ہوتا ہے کہ وسائل کا نہ ہونا مسئلہ ضرور ہوتا ہے لیکن وسائل کو ضرورت مندوں تک پہنچانا اس سے بھی زیادہ اہم ہے۔ وسائل کی حفاظت نہ کی جائے تو مشکلات میں اضافہ کوئی بڑی بات نہیں۔

خبر یہ ہے کہ بلوچستان کے ضلع ژوب میں سرکاری گودام سے گندم کی پانچ کروڑ سے زائد مالیت کی چار ہزار آٹھ سو پچاسی بوریاں غائب ہوئی ہیں۔ اب یہ خبر بھی حیران کن ہے کہ آج کے دور میں جہاں ایک ایک حرکت کیمرے میں محفوظ ہو رہی ہوتی ہے وہاں چار ہزار سے زائد لگ بھگ پانچ ہزار ہی کہہ لیں اتنی بڑی تعداد میں گندم کی بوریوں کا غائب ہونا کوئی معمولی واقعہ تو نہیں ہے۔ اتنی بڑی تعداد میں تو سوئیاں بھی غائب ہوں تو زمانے کو خبر ہو جائے یہ تو پھر گندم کی بوریاں ہیں۔ یعنی ایسی سیٹنگ کر رکھی تھی کہ کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہونے دی گئی۔

ستم ظریفی یہ ہے کہ گندم کی کمی پورا کرنے کے لیے بوریوں میں مٹی بھی ملا دی گئی۔ اس معاملے میں محکمہ خوراک کے گودام انچارج کی گرفتاری عمل میں آ چکی ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ اصل چوروں تک پہنچا جاتا ہے یا نہیں کیونکہ اتنے بڑے پیمانے پر کارروائی کی جائے تو یہ صرف نچلے طبقے کی جرات نہیں ہو سکتی اس میں کچھ نقاب پوش بھی ہو سکتے ہیں۔ اس واقعے میں تکلیف دہ بات یہ ہے کہ گندم چوری کا یہ واقعہ بلوچستان میں ہوا ہے۔ ایسا صوبہ جہاں پہلے ہی وسائل کی محرومی کا شور رہتا ہے اور وہاں کے لوگوں کو مختلف مسائل کا سامنا بھی رہتا ہے۔ وہاں گندم بھی چوری ہونا شروع ہو گئی ہے۔ زیادہ وقت نہیں گذرا سابق وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو پر بھی اختیارات کے ناجائز اور فنڈز کے غلط استعمال یا کرپشن کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔ ایسا صوبہ جہاں وسائل کی محرومی کا شور ہو وہاں تو صاحب اختیار یا اقتدار میں آنے والوں کو ایسے کاموں سے دور رہنا چاہیے۔ یعنی وسائل کا ہونا یا نہ ہونا کسی کو کچھ کرنے یا نہ کرنے سے روکنے میں کوئی کردار ادا نہیں کرتا۔

بلوچستان سے نکلیں کراچی میں داخل ہوں تو یہاں پینے کا پانی چوری ہو رہا ہے یا پھر ضائع ہو رہا ہے اور یہ اس صوبے میں ہو رہا ہے جہاں کے حکمرانوں کو یہ اعتراض ہے کہ حکومت پنجاب نے شہریوں کو دو ماہ کے لیے بجلی کے بلوں میں چودہ روپے فی یونٹ سہولت کیوں دی ہے۔ خبر کچھ یوں ہے کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ کے مطابق کراچی میں پینتیس سے اٹھاون فیصد پینے کا پانی چوری اور لیکج کے باعث ضائع ہو رہا ہے۔ یاد رہے کہ یہ ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ ہے۔ یہ پنجاب حکومت، خیبر پختونخوا حکومت یا بلوچستان حکومت کی رپورٹ نہیں ہے جس پر سندھ حکومت کو یہ کہنے کا موقع مل سکے کہ اس رپورٹ میں تعصب نظر آتا ہے۔ یہ ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ ہے سندھ حکومت کو یا تو اس کی تردید کرنی چاہیے یا پھر ایشیائی ترقیاتی بینک پر مقدمہ کرنا چاہیے۔

ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ آبادی میں تیزی سے اضافے کے باعث شہروں میں بنیادی سہولت کا فقدان بڑھے گا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2018 میں کراچی کا جی ڈی پی میں حصہ 15 فیصد اور ٹیکسز میں 55 فیصد تھا، پاکستان کے 10 بڑے شہر وفاقی ٹیکسز میں 95 فیصد کنٹری بیوشن کر رہے ہیں، اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبے، لوکل گورنمنٹ شہروں میں سروسز اور مینجمنٹ کو بہتر نہیں بنا سکے۔ 2040 تک پانی کی کمی کا سامنا کرنے والے ممالک میں پاکستان 23 ویں نمبر پر آسکتا ہے، شہری علاقوں میں 43 فیصد آبادی کو بہترین پانی کی عدم فراہمی جیسے مسائل کا سامنا ہے، شہری علاقوں میں آبادی کو پینے کے لیے طلب سے نصف مقدار میں پانی فراہم کیا جارہا ہے جب کہ کراچی میں پینے کے پانی کا تقریباً پینتیس سے اٹھاون فیصد چوری اور لیکج کے باعث ضائع ہو رہا ہے۔

ایشیائی ترقیاتی بینک نے اپنی رپورٹ میں پاکستان میں مختلف شعبوں میں بدانتظامی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی سمیت دیگر مسائل کی نشاندہی وہی بھی کردی ہے۔ گوکہ اس رپورٹ میں صرف کراچی کے مسائل کا حوالہ نہیں دیا گیا لیکن کراچی میں پانی چوری اور ضائع ہونے کا بطور خاص ذکر ہوا ہے۔ بدقسمتی یہ ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی، پھیلتے ہوئے شہروں، کم ہوتے پانی سمیت ہم ممکنہ مشکلات کے حوالے سے کچھ نہیں کر رہے۔ تیزی سے بڑھتی آبادی پر کسی کی توجہ نہیں، بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث وسائل میں اضافے کے لیے اگر منصوبوں، وسائل کو محفوظ کرنے اور وسائل میں اضافے کی ضرورت ہے تو اس معاملے میں بھی حکومتی سطح پر کوئی پالیسی نظر نہیں آتی۔ توانائی بحران، غذائی بحران سمیت کئی بحرانوں کا سامنا ہے لیکن ان بحرانوں سے نمٹنا کیسے ہے بس یہ وہ سوال ہے جو ہر وقت پریشان کرتا ہے۔

پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے شیر افضل مروت کے دعووں کی تردید کر دی ہے۔ بانی پی ٹی آئی نے شیر افضل مروت سے صرف ہاتھ ملایا تھا، گلے نہیں لگایا، شیر افضل مروت کو اگر آگے چلنا ہے تو اسے صحیح بات کرنی چاہیے۔

یہاں ملک کو بڑے بڑے بحرانوں اور مشکلات کا سامنا ہے پی ٹی آئی میں یہ بحث ہو رہی ہے کہ جماعت کے بانی نے شیر افضل مروت کو گلے لگایا ہے یا نہیں۔ بانی پی ٹی آئی سے جیل میں ملاقات کرنے والوں کو اب تک یہ سمجھ نہیں آسکی کہ مختلف معاملات میں انہوں نے میڈیا میں کب اور کیا بات کرنی ہے۔ شیر افضل مروت بھی بولنے کے معاملے میں احتیاط سے کام نہیں لیتے سیاسی قیادت کو یہ سمجھنا چاہیے کہ ایک کامیڈین اور سیاست دان میں فرق ہوتا ہے اور اس فرق کو برقرار رکھنا چاہیے۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا احوال شیر افضل مروت ٹیلیویژن پر بھی بتاتے رہے ہیں کیا پاکستان کا یہی مسئلہ رہ گیا ہے۔

آخر میں محسن نقوی کا کلام

تجھے رسوائی کا ڈر ہے نہ آیا کر
بچھڑ جانا ہی بہتر ہے نہ آیا کر
کسی شاداب قریے میں بسا خود کو
یہ دل اجڑا ہوا گھر ہے نہ آیا کر
میرا دکھ اک دن تجھ کو بھی ڈبو دیگا
بہت گہرا سمندر ہے نہ آیا کر
گزر جا آئینے جیسا بدن لے کر
یہاں ہر آنکھ پتھر ہے نہ آیا کر
گزرتے ابر کی بھیگی ہوئی بخشش
زمین صدیوں سے بنجر ہے نہ آیا کر
پلٹ جا اجنبی دھوؤں کے جنگل سے
یہ پراسرار منظر ہے نہ آیا کر
بکھرتی ریت کیا ڈھانپے گی سر تیرا
وہ خود بوسیدہ چادر ہے نہ آیا کر
خوشی کے رت میں محسن کو منا لینا
یہ فصل دیدہ تر ہے نہ آیا کر

"نوجوانان پنجاب، پاکستان کا روشن مستقبل"

اس بات میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ نوجوان نسل پاکستان کے خوشحال مستقبل کی نوید ہے اور یہ حقائق بھی کسی سے مخفی نہیں کہ نوجوانوں کو گزشتہ دور حکومت کے دوران اور اب تک سیاسی لبادہ اوڑھے شرانگیز عناصر و انتشار پسند گروہ کی طرف سے کس طرح اشتعال انگیز نعروں گمراہ کن سوشل میڈیا پروپیگنڈے سے مقتدر قومی اداروں کے خلاف صف آرا کیا جاتا رہا ہے اس ڈیجیٹل دہشتگردی کا مقصد نوجوانوں کو علم سے دور کر کے انہیں اپنی مکروہ گروہی سیاست کی بھینٹ چڑھانا ہے اس طرح اپنے ریاستی اداروں کے دست و گریباں کر کے ان کا تعلیمی مستقبل تاریک کرنا ہے حکومت پنجاب نے نوجوانوں کو اپنے والدین کے خوابوں کی تعبیر بنا کر بے راہ روی سے بچانے اور انہیں ملک وقوم کا مفید اور کارآمد شہری بنانے کے لیے خصوصی پیکج کا اعلان کیا ہے اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر جس تعمیری پیکج کا اعلان کیا ہے اس کا مقصد یوتھ کی تعلیم و تربیت اور کردار سازی پر توجہ دینا چیف منسٹر یوتھ انیشیٹیوز کے تحت نوجوان نسل کی فلاح و بہبود کیلئے جاری متعدد پروگراموں کی جلد از جلد تکمیل، نوجوان طلبہ کی آسانی کیلئے ای اور پٹرول بائیکس کا دوسرے فیز کے جلد اجرا، نوجوانوں کو بین الاقوامی جاب مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق آئی ٹی سکلز ٹریننگ اور لیپ ٹاپ دینا شامل ہے - وزیر اعلی مریم نواز شریف نے نوجوان کے عالمی دن پر "پنجاب کے نوجوان، پنجاب کا مستقبل" پروگرام کے حوالے سے کہا کہ نوجوان قوم کا سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں۔ یوتھ کی تعلیم و تربیت اور کردار سازی پر توجہ ہمارا اولین فرض ہے۔ مسلم لیگ ن کی حکومت نوجوانوں کو اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کے مواقع دے رہی ہے۔ چیف منسٹر یوتھ انیشیٹیوز کے تحت نوجوان نسل کی فلاح و بہبود کے لیے متعدد پروگرام جاری ہیں - انہوں نے کہا کہ نوجوان طلبہ کی آسانی کے لئے ای اور پٹرول بائیکس دی گئیں دوسرے فیز جلد لائینگے - نوجوانوں کو بین الاقوامی جاب مارکیٹ کے تقاضوں کے مطابق آئی ٹی سکلز ٹریننگ دی جارہی ہے- مسلم لیگ ن نوجوانوں کو پھر لیپ ٹاپ سکیم دے رہی ہے- جلد نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے وظائف دیئے جائیں گے، انشاء اللہ کسی نوجوان کی تعلیم میں فیس کی کمی آڑے نہیں آئے گی - نوجوانوں کی توانائی اور صلاحیتیں ملک کی ترقی کیلئے بے حد اہم ہیں۔ یقین ہے کہ ہمارے نوجوان محنت اور لگن سے پاکستان کو ایک ترقی یافتہ قوم بنائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ارشد ندیم نوجوانوں کیلئے محنت سے کامیابی کے حوالے سے ایک درخشاں مثال ہے- حکومت پنجاب اپنے نوجوانوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی انہوں نے ہی اپنے ملک کا نام روشن کرنا ہے۔ نوجوانوں کے ہاتھوں میں پتھر اور پٹرول بم کی بجائے لیپ ٹاپ، کتابیں اور اعلی ڈگریاں دیکھنا چاہتی ہوں۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف کی اس سوچ اور پروگرام سے والدین کے دل خوشی سے کھل اٹھے ہیں اور ان نوجوانوں کو بھی امید نظر ائی ہے جو حقیقی معانوں میں اپنا تعلیم کیریئر مکمل کر کے ملک اور قوم کی خدمت کرنا چاہتے ہیں پنجاب کے نوجوانوں کے عالمی دن کے موقع پر جس پروگرام کا اعلان کیا ہے اور جن جاری منصوبوں کا ذکر کیا ہے وہ یقینی طور پر نوجوانوں کے لیے کسی بہت بڑی خوشخبری سے کم نہیں زمانہ طالب علمی میں اگر اپ کو یہ سہولیات حاصل ہوں تو یقینی طور پر اس کے بہت ہی اعلی اثرات مرتب ہوتے ہیں اور وہ نوجوان جو اپنے ملک و قوم کے لیے کچھ کر گزرنے کا جذبہ رکھتے ہیں وہ ان مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں جن سے بہترین تعلیمی نتائج حاصل ہوتے ہیں حکومت پنجاب کے یوتھ پروگرام کے تحت وہ نوجوان جو کہ اپنی تعلیمی سرگرمیاں مکمل کر چکے ہیں وہ بھی اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر عملی زندگی میں کامیابی کے ساتھ قدم رکھ سکتے ہیں اور خود اعتمادی اور پروقار انداز سے اپنی صلاحیتوں اور خدمات کی بدولت نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں یہ اللہ تعالی کا کرم ہے کہ پاکستان کے نوجوان خداداد صلاحیتوں کے مالک ہیں اور ان کی قابلیت کی پوری دنیا معترف ہے اس وقت پاکستان کے نوجوان مختلف حیثیتوں میں دنیا کے مختلف ممالک میں ملک وقوم کا نام روشن کر رہے ہیں اور کھیل کے میدان سے لے کر زندگی کے ہر شعبے میں ان کی کارکردگی نمایاں ہے پنجاب میں وزیر اعلی مریم نواز کی پالیسی کا محور و مرکز صوبے کے نوجوانوں کو ان کا شاندار مستقبل دینے کے لیے ہر ممکن سہولیات کی فراہمی ہے اور اس مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے ایسے متعدد منصوبے تشکیل دیے گئے ہیں جن سے صوبے کے نوجوانوں کہ وہ خواب پورے ہوں گے جو انہوں نے اپنی عملی زندگی کے لیے دیکھ رکھے ہیں یہ خدمت خلق اور عبادت بھی ہے کہ حکومت ایسے وسائل مہیا کرے جن سے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے والدین کے چشم و چراغ بھی پڑھ لکھ کر یا مفید علوم و فنون سیکھ کر صرف سرکاری ملازمتوں پر انحصار کرنے کے بجائے خود اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں اور اپنے ساتھ ساتھ دوسروں کے لیے بھی روزگار کی فراہمی کا باعث بن سکیں حکومت پنجاب کے متعلقہ اداروں کی ویب سائٹس پر وہ تمام معلومات موجود ہیں جن سے نوجوان مستفید ہو سکتے ہیں متعلقہ اداروں کی طرف سے بھی نوجوانوں کی معلومات کے لیے تشہیری پروگرام جاری ہیں اور خود وزیر اعلی پنجاب مختلف تقریبات کے ذریعے نوجوانوں کو حکومت پنجاب کی ان پالیسیوں سے اگاہ کر رہی ہیں جن سے فائدہ اٹھا کر وہ اپنا مستقبل سنوار سکتے ہیں سوشل میڈیا کے ذریعے بھی حکومت پنجاب کے نوجوانوں کے لیے جاری کیے گئے پیکجز کی معلومات عام کی جا رہی ہیں تا کہ زیادہ سے زیادہ نوجوان ان سے فائدہ اٹھا کر اپنی تعلیمی سرگرمیاں کامیابی کے ساتھ جاری رکھ سکیں اور عملی زندگی میں اعلی مقام حاصل کرسکیں۔



تحریر: حمنہ شاہد

حکومت کی کھلی فسطائیت اور حقیقی آزادی



قائد انقلاب نے پاکستان کو حقیقی آزادی دلانے کیلئے برطانیہ سے مدد طلب کر لی ہے۔ اڈیالہ کے عافیت کدے سے غیر ملکی میڈیا آؤٹ لیٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے برطانیہ کے نومنتخب وزیر اعظم سے یہ مدد طلب کی۔

سیاسی جوتش کے ماہرین کا کہنا ہے کہ برطانیہ اس پوزیشن میں نہیں کہ وہ قائد انقلاب کی تمنا بر آری کر سکے۔ اس سے قبل گولڈ سمتھ فیملی نے بھی پاکستان کو حقیقی آزادی دلوانے کیلئے زلف وساق کا زور لگایا تھا لیکن بات نہیں بنی۔ قائد انقلاب گزشتہ سال بھر امریکہ سے بھی اپیلیں کرتے رہے کہ وہ پاکستان کو حقیقی آزادی دلوائے۔ چھوٹے ستارے کی لابی حرکت میں بھی آئی لیکن امریکہ نے ریاستی سطح پر کوئی کردار ادا کرنے سے یہ کہہ کر معذرت کر لی کہ یہ پاکستان کا داخلی مسئلہ ہے۔

بہرحال، مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ صرف دو ہی ملکوں نے انکار کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے رکن ممالک کی تعداد 193 ہے، دو تو یہ گئے، تیسرا خود پاکستان ہے گویا 190 ممالک اب بھی باقی ہیں۔ باری باری سب سے مدد مانگی جاسکتی ہے، کوئی ایک تو ان میں سے مل ہی جائے گا جو فی سبیل اللہ صدقہ خیرات پر یقین رکھتا ہوگا۔

ملکوں کے علاوہ این جی اوز بھی لاتعداد ہیں۔ ایک معروف ترین این جی او ٹی ٹی پی نام کی ہے۔ اس سے مدد مانگی گئی اور اس نے مدد کی بھی۔ ریڈیو پاکستان پشاور کی کثیر المنزلہ تاریخی عمارت کو جس جتھے نے حقیقی آزادی دلوائی تھی، اس میں ٹی ٹی پی کے جانبازوں کی بڑی تعداد تھی۔ میانوالی ایئربیس پر جس لشکر نے لشکرکشی کی تھی، ٹی ٹی پی کے لوگ اس میں بھی شریک تھے۔ یہ لوگ افغانستان سے جہازوں کو حقیقی آزادی دلوانے کیلئے خاص قسم کا سیال مادہ لائے تھے اور دو جہازوں کو قید حیات سے آزاد کروایا تھا۔ ماہرین بتاتے ہیں کہ عام قسم کے پٹرول یا مٹی کے تیل سے ہوائی جہازوں کو حقیقی آزادی نہیں دلوائی جاسکتی نہ ہی اس مقصد کیلئے روایتی آتش گیر مادہ کام آتا ہے۔ ٹی ٹی پی کے یہ مجاہدین آزادی لاہور کے کورکمانڈر ہاؤس سمیت کئی اور مقامات پر بھی قائد انقلاب کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے مصروف عمل پائے گئے لیکن موجودہ فسطائی حکومت کی فسطائیت دیکھئے، اس نے نہ صرف یہ مجاہدین فی سبیل اللہ گرفتار کر لئے بلکہ انہیں فتنۃ الخوارج قرار دے دیا۔

حقیقی آزادی کے لئے پڑوسی ملک سے چل کر آنے والے مخلص اصلاحات پسندوں کو الخوارج کہنا کھلی فسطائیت ہے۔

قائد انقلاب کے سیکرٹری اطلاعات رؤف حسن جنہوں نے خواجہ سرا برادری سے مڈبھیڑ کے بعد شہرت دوام پائی تھی، گزشتہ برس ایک بھارتی صحافی اور "را" کے خفیہ عہدیدار کرن تھاپر سے حقیقی آزادی پر سیر حاصل اور مفید مطلب گپ شپ کرتے پائے گئے لیکن یہ گپ شپ ولس ایپ پر تھی اور ولس ایپ پر معاملہ وہی شنیدہ مانند دیدہ والا ہوتا ہے چنانچہ "بالمشافہ" والی تشنگی باقی رہی۔ لیکن اب معلوم ہوا ہے کہ حقیقی آزادی کیلئے یہ بالمشافہ والی منزل بھی سر کر لی گئی اور موصوف نے بھارتی سفارت خانے کے ملٹری اتاشی سے ایک نہیں پے در پے ملاقاتیں کیں۔

ملٹری اتاشی کسی بھی ملک کا ہو، وہ اپنے ملک کی پرائم خفیہ ایجنسی کا افسر یکار خاص بھی ہوا کرتا ہے۔ ان ملاقاتوں میں رؤف حسن نے بھارتی ملٹری اتاشی سے جو "علمی مباحثے" کئے، ان کی کچھ تفصیل ہمارے اداروں نے حاصل کر لی ہے، مزید حاصل کئے جانے کی یقینی امید ہے۔ جملہ علمی مباحثوں کے حصول کے بعد شاید انہیں مرتب کر کے کتاب کی شکل بھی دی جائے۔ عنوان کیا ہوگا؟ شاید حقیقی آزادی کی منزلیں یا مکالمات حقیقی آزادی؟ بہرحال، شائقین کو انتظار رہے گا۔

یاد آیا، حقیقی آزادی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے یورپی یونین کو بھی تو خطوط لکھے گئے تھے جن میں استدعا کی گئی تھی کہ پاکستان سے آنے والی برآمدات پر پابندی لگائی جائے تا کہ حقیقی آزادی کی منزل تک پہنچا جاسکے۔ بدقسمتی سے جب یہ مراسلے موصول ہوئے تو یورپی یونین والے مصروف تھے۔ انہوں نے ان مراسلوں کو اس باسکٹ میں ڈال دیا جو میز کے نیچے، ایک طرف پڑی ہوتی ہے۔ یہ سوچ کر کہ جب فرصت ملی، نکال کر پڑھیں گے لیکن ناہنجار صفائی کا عملہ اس باسکٹ کو اٹھا کر لے گیا، میونسپلٹی کے باہر پڑے بڑے صندوق میں اسے خالی کیا اور واپس لا کر رکھ دیا۔

حقیقی آزادی پارٹی کیلئے مخلصانہ مشورہ ہے کہ مراسلوں، ڈیجیٹل اپیلوں اور مکالموں سے کام نہیں بنے گا۔ ازحد اور اشد ضروری ہے کہ جید قسم کے محبان آزادی ازقسم اسد قیصر، زلفی بخاری، انیل مسرت، لندن کراچی والے چیکو، شوکت ترین، شیر مروت وغیرہ پر مشتمل ایک وفد تیار کر کے نئی دہلی جانے والی پرواز پر بٹھا دیا جائے۔ اس وفد میں اعتزاز احسن کو ضرور شامل کیا جائے۔ خالصتانی سکھوں کی لسٹوں والے معاملے کے پیش نظر وہ دلّی والوں میں ازحد نیک مطلوب ہیں۔

اور ہاں، یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ نئی دہلی سے ایک براہ راست پرواز تل ابیب بھی جاتی ہے۔ یعنی یہ کہ منزل ما دور نیست

پختونخواہ کی حکومت نے ان چینی سیاحوں کو صوبے میں داخل ہونے سے روک دیا جو پنجاب کی سیاحت کے بعد وہاں جانا چاہتے تھے۔

سیاحوں کے پاس پاکستان کا ویزا تھا۔ انہیں کسی بھی صوبے میں داخلے سے نہیں روکا جا سکتا۔ پھر یہ واقعہ کیونکر ہوا؟

بظاہر یہ معاملہ غلط فہمی کا نتیجہ لگتا ہے۔ وزیر اعلیٰ گنڈاپور کو یہ شک ہوا ہوگا کہ یہ سیاح نہیں ہیں، سیاحوں کے بھیس میں چینی انجینئر ہیں جو سی پیک پر کام کرنا چاہتے ہیں۔

اہل نظر اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ سی پیک حقیقی آزادی کے راستے کی بڑی رکاوٹوں میں سے ایک ہے جس کا مکو ٹھپنے کیلئے قائد انقلاب 2014ء میں ایک عظیم الشان تاریخ شکن دھرنا دے چکے ہیں اور اس کے بعد بھی اسی بڑی رکاوٹ کی بیخ کنی کیلئے سرگرم رہے ہیں۔

بس اسی غلط فہمی کے باعث گنڈاپور نے ان سیاحوں کو روکا۔ ورنہ ان کی وفاق دوستی اور حب الوطنی تو ضرب المثل ہے۔

فیض حمید کی مبینہ نامزدگی روکنے سے عام آدمی پر ٹوٹتے عذاب



بنگلہ دیش کے بعد تھوڑی تحقیق کی بدولت میں نے ایک اور ملک بھی دریافت کر لیا ہے۔ اس ملک میں بھی "نظام کہنہ" نے نہایت دیدہ دلیری سے حال ہی میں نوجوانوں کے خوابوں کو عملی شکل کی صورت اختیار کرنے نہیں دی۔ ذکر اس ملک کا فی الحال موخر کر رہا ہوں۔ آپ چاہیں تو یہ کالم چھپنے کے بعد سوشل میڈیا پر لکھے تبصروں کے ذریعے اس ملک کا نام لکھ سکتے ہیں جس کا ذکر بنگلہ دیش کے تناظر میں رکھ کر بیان کرنا چاہ رہا ہوں۔

"نظام کہنہ" کی یاجوج ماجوج کے سامنے کھڑی دیوار کی طرح مسلسل قائم رہنے کی وجوہات تلاش کرنے میں وقفہ لینے کی وجہ ایک ہی موضوع پر آئے سوالات ہیں جو گزشتہ چند دنوں میں مجھ سے پوچھے گئے۔ ان کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں۔ مزید بڑھنے سے قبل مگر پس منظر بیان کرنا ضروری ہے۔

اس کالم کے دیرینہ قاری بخوبی آگاہ ہیں کہ جنوری 2022ء کا آغاز ہوتے ہی دہائی مچانا شروع ہو گیا تھا کہ عمران حکومت کو تحریک عدم اعتماد کے ذریعے گھر بھیجنے کی تیاری شروع ہو چکی ہے۔ کسی حکومت سے ایک پنجابی محاورے کے مطابق "تنگ" ہوئی اپوزیشن جماعتوں کو بلاشبہ یہ آئینی حق میسر ہے کہ وہ باہمی اختلافات بھلا کر تحریک عدم اعتماد کا حربہ بروئے کار لائیں۔ آئینی حق کو یاد رکھتے ہوئے بھی میں التجا کرتا رہا کہ عمران حکومت کو گھر بھیجنے سے گریز کیا جائے۔ عوام میں کاملاً عدم مقبول ہونے کے باوجود تحریک انصاف اقتدار سے محلاتی سازشوں کے ذریعے محروم کر دی گئی تو معاملات نئی حکومت سے بھی سنبھالے نہیں جائیں گے۔

جو خدشات میرے ذہن میں آئے وہ "غیب" سے نہیں آئے تھے۔ "ستاروں کی چال" یا نجومیوں کے بنائے زائچے بھی ان کا سبب نہیں تھے۔ اتفاقاً دسمبر 2021ء کے آخری دو مہینوں میں چند اہم ملکوں کے متحرک سفارتی نمائندوں سے یکے بعد دیگرے سماجی ملاقاتیں رہیں۔ غیر ملکی سفارت کاروں سے تفصیلی گفتگو کے بعد علم ہوا کہ ٹرمپ کی جگہ آئی بائیڈن انتظامیہ افغانستان سے اپنی افواج کی ذلت آمیز واپسی سے بہت شرمندہ اور پریشان ہے۔ افغانستان سے امریکی فوج اور اس کے مددگار افغانوں کو واپس لے جانے والے طیاروں کے ساتھ چند کم عمر نوجوان چمٹ گئے تھے۔ طیارے جب فضا میں بلند ہوئے تو ان سے چپکے نوجوانوں کے جسم زمین پر گر کر بکھر گئے۔ اس کے نتیجے میں جو فوٹیج ٹی وی چینلوں اور سوشل میڈیا پلیٹ فارموں کے ذریعے دنیا بھر میں پھیلی اس نے امریکہ کے پڑھے لکھے اور دردمند افراد کو 1970ء کی دہائی میں امریکہ کی ویت نام سے واپسی کے مناظر یاد دلا دیئے۔ امریکی عوام کے جذبات سے مجبور ہو کر وہاں کی پارلیمان امریکی فوج کے اعلیٰ ترین جرنیلوں کو اپنی کمیٹیوں کے روبرو طلب کرنے کو مجبور ہوئی۔ ان سے ہوئے تابڑ توڑ سوالات ٹی وی سکرینوں پر براہ راست دکھائے گئے۔ ڈرامائی ماحول کی بدولت بھڑکائے جذبات سے جند چھڑانے کے لئے بائیڈن انتظامیہ نے نہایت مکاری سے پاکستان کو اپنی خفت و ذلت کا ذمہ دار ٹھہرانا شروع کر دیا۔ اوبامہ کے دور صدارت ہی میں پاکستان پر افغانستان کے حوالے سے "ڈبل گیم" کھیلنے کے الزامات لگنا شروع ہو گئے تھے۔ مئی 2011ء میں اسامہ بن لادن کی ایبٹ آباد کے ایک قلعہ نما مکان پر ہوئے حملے میں ہلاکت کے بعد مذکورہ الزامات میں مزید شدت آئی۔ دریں اثناء ریمنڈ ڈیوس اور پاک-افغان سرحد پر واقعہ سلالہ چوکی پر امریکی حملے کی وجہ سے پاکستان بھی اپنی خودمختاری کی دہائی مچانے کو مجبور ہو گیا۔

سفارت کاروں سے ہوئی ملاقاتوں کی بدولت میں یہ سوچنے کو مجبور ہوا کہ بائیڈن انتظامیہ کے دل میں پاکستان کے خلاف جو غصہ جمع ہو رہا ہے اس کے اظہار کے لئے پاکستان پر اقتصادی دباؤ بڑھایا جائے گا۔ عالمی معیشت کا نگہبان ادارہ - آئی ایم ایف - اس ضمن میں کلیدی کردار کا حامل ہے۔ مجھے خطرہ لاحق ہوا کہ وہ پاکستان کی آسان شرائط کے تحت مدد کو آمادہ نہیں ہوگا۔ ہمیں سری لنکا کی طرح دیوالیہ ہونے کی جانب دھکیلے گا۔

جنوری 2023ء کے پہلے ہفتے میں اسلام آباد کے ایک گھر میں "بڑا کھانا" تھا۔ دوپہر کی دھوپ کو انجوائے کرتے ہوئے اس کھانے میں مسلم لیگ (نون) کے دس سے زیادہ اہم ترین رہ نما بھی شریک تھے۔ ان میں سے ایک صاحب کو میں بہت پڑھا کو اور عالمی حالات سے کامل آگاہ تسلیم کرتا ہوں۔ وہ کھانا لے چکے تو میں انہیں ایک کونے میں لے گیا۔ نہایت خلوص سے یہ جاننا چاہا کہ مذکورہ بالا ماحول کے ہوتے ہوئے ان کی جماعت عمران حکومت کی جگہ کیوں لینا چاہ رہی ہے۔ مجھے یقین مانیں بہت حیرت ہوئی جب دیانتدارانہ تجسس پر مبنی سوالات کے جواب میں ان کے چہرے پر فلمی انداز کی مسکراہٹ آئی۔ سازشی سرگوشی میں موصوف نے فقط یہ اطلاع دی کہ عمران حکومت 29 نومبر 2022ء سے تقریباً 6 ماہ قبل فیض حمید کو آرمی چیف نامزد کرنے کا اعلان کر دے گی۔ اس سے قبل 1991ء میں آصف نواز جنجوعہ کی جنرل اسلم بیگ کی میعاد ملازمت ختم ہونے سے تین ماہ قبل نامزدگی کا اعلان کر دیا گیا تھا۔ عمران حکومت غالباً اسی نظیر کو بروئے کار لاتے ہوئے تین کے بجائے چھ ماہ قبل ہی نئے آرمی چیف کو نامزد کرنے کے ارادے باندھے ہوئی تھی۔

فیض نیازی گٹھ جوڑ



سات برس پہلے جب پیرنی منظر عام پر آئیں میں نے ایک ویڈیو بنائی کہ یہ عورت جنرل فیض کی پلانٹڈ ہے اور فیض کی مخبریاں علم غیب بنا کر نیازی کو فیض بانٹ رہی ہیں۔ فرح گوگی کو بھی میں نے بے نقاب کیا اور اس کی کرپشن سے متعلق ویڈیو اپنے سوشل میڈیا پر لگائی۔ تحریک انتشار نے مجھے انتہائی غلیظ گالیوں سے نوازا مگر گزشتہ دس برس سے میں اپنے موقف پر قائم رہی اور نیازی فیض گٹھ جوڑ کے خلاف کھل کر لکھتی بولتی رہی۔ رشتے دار دوست محلے دار سب مجھے تنقید کا نشانہ بناتے رہے اور کہتے تھے اللہ نیازی کے ساتھ ہے، پیرنی پہنچی ہوئی ہے وغیرہ۔ جنرل باجوہ کا نیازی کو سپورٹ کرنے کے خلاف بھی کھل کر تنقید کی مگر اب میرا موقف یہ ہے کہ جنرل باجوہ نے جاتے جاتے نیازی کو نکال باہر کرنے کا جو احسان ملک پر کر دیا اور اس کی پاداش میں تحریک انتشار سے جو نفرت اور گالم گلوچ اپنی جھولی میں سمیٹ لی جنرل باجوہ اپنے حصے کی سزا بھگت گئے البتہ اصل مجرم جنرل فیض کا جرم فوج میں بغاوت اور غداری کے زمرے میں شمار ہوتا ہے جس کی کوئی معافی نہیں۔ اللہ آرمی چیف حافظ عاصم منیر کی حفاظت فرمائے اور نیازی فیض گٹھ جوڑ کو نشان عبرت بنانے کی مہلت دے تا کہ مستقبل میں پھر کوئی آستین کا سانپ فوج جیسے ادارے میں بغاوت کا سوچ بھی نہ سکے۔ میرا ایمان ہے اللہ نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فتنہ کی سرکوبی کے لئے منتخب فرمایا ہے، اللہ کی مدد سے ملک اس آپریشن سے کامیاب سرخرو ہو جائے پھر ہی آگے بڑھ سکتا ہے۔ فیض نیازی گٹھ جوڑ کا ڈراپ سین تو قوم نے دیکھ لیا اور یہ بھی دیکھ لیا کہ پاک فوج کی حدود اور قیود اور قانون بڑا واضح اور سخت ہیں جو کوئی بھی اپنے ذاتی مفادات کو ملکی اور اداراتی مفادات سے اوپر رکھتا ہے فوج نے بارہا ثابت کر دیا ہے کہ ایسے لوگوں کے لیے کوئی معافی نہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ فیض حمید اور نیازی کے گٹھ جوڑ کا معاملہ اتنا سادہ نہیں جتنا نظر آتا ہے - نیازی کی توہم پرستی اور نیازی پر بشریٰ کا کنٹرول دیکھتے ہوئے، فیض نے اسے بہت جلد جانچ لیا اور اسکا فائدہ اٹھایا اور نیازی نے بھی اپنے اقتدار کی طوالت اور سیاسی فائدے کے لیے فیض کو خوب استعمال کیا، چاہے عثمان بزدار ہو، فرح گوگی کی میگا کرپشن ہو، ملک ریاض کے ساتھ ملکر القادر ٹرسٹ کیس ہو، عدلیہ سے نیازی کے لئے سہولت کاری یا مخالفین کو بد ترین انتقام کا نشانہ بنانا، ہر جگہ فیض نیازی گٹھ جوڑ کام کرتا رہا اور جو کام فیض نے اپنے مطلب کا کروانا ہوتا تھا وہ بشریٰ کو استعمال کر کے نیازی سے کروا لیتا تھا - اِس گٹھ جوڑ کی کوئی حدود نہیں تھیں ادھر بشریٰ - گوگی کو مکمل آزادی اور اتھارٹی حاصل تھی اور اِدھر نیازی نے بھی فیض کو اپنا الو سیدھا کرنے کی کھلی چھٹی دی ہوئی تھی۔ اِس فیض نیازی اور بشریٰ گٹھ جوڑ میں اتنی پختگی آچکی تھی کہ جب کئی بار جنرل باجوا نے نیازی سے فیض کو بدلنے کا کہا تو نیازی ٹال مٹول کے ساتھ ناراض بھی ہو جاتا - حتیٰ کہ اِس گٹھ جوڑ نے یہ بھی پلان کر لیا تھا کے آرمی چیف کے لیے کمانڈ کی شرط کو پورا کرنے کے لیے آئی ایس آئی کو ہی کمانڈ بنا دیا جائے کیونکہ پلان یہ تھا کے فیض اور نیازی آرمی چیف اور وزیر اعظم بالترتیب ایک لمبے عرصے تک رہ سکیں - جب ایسا نہ ہوا اور جنرل باجوا نے نیازی کی نہ سنی اور فیض کو ہٹا دیا تو بشریٰ اور نیازی نے جنرل باجوا کے خلاف بھی محاذ کھول لیا - فیض پشاور سے بھی بشریٰ کے ذریعے اپنے آرمی چیف بننے کے منصوبے پر عمل درآمد کے لیے سازشیں بنتا رہا۔ فیض نے آرمی چیف نہ بن سکنے اور ریٹائرمنٹ کے بعد نیازی - بشریٰ کے ساتھ ملکر سیاسی ماحول کو گندا اور غیر مستحکم کرنے کا پلان بنایا جس میں اسٹیبلشمنٹ پر پریشر بڑھانے کے لیے مختلف طریقوں سے انتشار، پروپیگنڈا، فیک نیوز کے ذریعے ملک میں ہیجان قائم رکھنے کے لیے فیض نیازی اور بشریٰ گٹھ جوڑ نے ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کر دیا - نیازی کے اڈیالہ جانے کے بعد پہلے بشریٰ کے ساتھ ملکر فیض نے پی ٹی آئی کو ہنگامہ آرائی کے لیے متحرک کیا اور جب بشریٰ بھی پکڑی گئی تو پسِ پردہ بیٹھ کر فیض نے کچھ اور ریٹائرڈ منظور نظر آفیسرز کو پی ٹی آئی کو پیغام رسانی اور سہولت کاری میں استعمال کیا جو اب آہستہ آہستہ پکڑے جا رہے ہیں یوں فیض کے پکڑے جانے پر فیض نیازی گٹھ جوڑ جسکا اولین کردار بشریٰ ہے، پوری طرح ایکسپوز ہو چکا ہے۔

فیض نیازی گٹھ جوڑ جنرل فیض کو تحویل میں لیا جانا کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے کیونکہ یہ ایک انتہائی بااثر اور طاقت ور ڈی جی آئی ایس آئی رہ چکے ہیں۔ انکی حراست اس بات کا عندیہ ہے کہ معاملات یہاں تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ اس سلسلے میں مزید گرفتاریاں اور انکشافات کی توقع ہے۔ جنرل فیض حمید اور عمران خان کا گٹھ جوڑ اس وقت سے ہے جب وہ ڈی جی سی تھے۔ عمران خان یہ سمجھتا تھا کہ شائد آئی ایس آئی پولیس اور آئی بی میں کوئی فرق نہیں اور وہ قومی سلامتی کے تناظر میں پاکستان کے اس انتہائی اہم ادارے کو اپنے سیاسی مقاصد کے لیے بلا شرکت غیرے استعمال کر سکتا ہے۔ جنرل فیض نے عمران کی اس سوچ کو عملی جامہ پہنایا اور عمران کی توقعات کے عین مطابق اسکے سیاسی عزائم کی تکمیل کے لیے اپنے تفویض کردہ اختیارات سے تجاوز کے مرتکب ہوئے۔ فیض نیازی گٹھ جوڑ اور اس کے نتیجے میں رچائے جانے والے سیاسی کھیل کی وجہ سے پاک فوج میں شدید بے چینی پائی گئی۔

لاس اینجلس اولمپکس 2028 کی تیاریوں کا آغاز

امریکا میں شیڈول ان گیمز میں 5 نئے کھیل فلیگ فٹبال، بیس بال، کرکٹ، لیکروس اور سکواش شامل ہوں گے، لاس اینجلس قبل ازیں 2 مرتبہ 1932 اور 1984 میں اولمپک مقابلوں کی میزبانی کرچکا ہے

لاس اینجلس (اے ایف پی) پیرس اولمپکس 2024 ختم ہونے کے ساتھ ہی لاس اینجلس اولمپکس 2028 کی تیاریوں کا آغاز کردیا گیا، امریکا میں شیڈول ان گیمز میں 5 نئے کھیل فلیگ فٹبال، بیس بال، کرکٹ، لیکروس اور سکواش شامل ہوں گے، لاس اینجلس قبل ازیں 2 مرتبہ 1932 اور 1984 میں اولمپک مقابلوں کی میزبانی کرچکا ہے، کاروں کے اژدھام کے حوالے سے دنیا بھر میں مشہور شہر میں اولمپک مقابلوں کے مقامات کو منفرد حیثیت دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے، کھیلوں کے کسی بھی مقام پر جانے کے لیے پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کی جائے گی، اس کے لیے سرمایہ کاری کے ساتھ دیگر امریکی شہروں اور ریاستوں سے 3 ہزار کے قریب بسیں مستعار لی جائیں گی، 14 جولائی 2028 کو افتتاحی تقریب کا انعقاد طے ہے، گیمز 30 جولائی تک جاری رہیں گیں بعدازاں پیرا اولمپک گیمز 15 سے 27 اگست تک ہوں گی، مقابلے دیگر شہروں میں بھی ہونے ہیں، یونیورسٹی آف کیلی فورنیا میں اولمپک ویلیج قائم ہوگا، ایل اے میموریل کولیزیم اولمپک کی تین افتتاحی تقریبات اور ایتھلیٹکس مقابلوں کی میزبانی کرنے والا پہلا سٹیڈیم بن جائے گا، لاس اینجلس ایرینا جمناسٹک، ایکسپوزیشن پارک غوطہ خوری کی میزبانی کرے گا، ساحلی پٹی پر واٹر فرنٹ میراتھن، تیراکی، ٹرائیتھلون اور کشتی کے مقابلے ہوں گے۔

بھارت کے چاندی اور کانسی کے اعزازات لینے والوں نے کرکٹرز کو پیچھے چھوڑ دیا

نیرج چوپڑا کی برانڈ ویلیو تقریباً بھارتی 330 کروڑ روپے ہوگئی، پانڈیا کو پیچھے چھوڑ گئے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے اولمپک سلور میڈلسٹ نیرج چوپڑا اور برانز میڈلسٹ مانو بھاکر کی چاندی ہوگئی۔ جیولین تھرور نیرج چوپڑا معاہدوں میں بھارتی کرکٹرز کو پیچھے چھوڑنے لگے۔ پیرس اولمپکس میں 2 بار کی برانز میڈلسٹ مانو بھاکر سے بڑی کمپنیاں معاہدوں کی خواہشمند ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق نیرج چوپڑا اور مانو بھاکر کی برانڈ ویلیو میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، نیرج چوپڑا کی برانڈ ویلیو تقریباً بھارتی 330 کروڑ روپے ہوگئی ہے۔ اولمپکس سے قبل نیرج چوپڑا کی برانڈ ویلیو بھارتی آل راؤنڈر ہاردیک پانڈیا کے برابر تھی جبکہ اب ان کی برانڈ ویلیو ہاردیک پانڈیا سے بہت زیادہ بڑھنے کی توقع ہے۔ نیرج چوپڑا اس وقت سب سے زیادہ ویلیو رکھنے والے نان کرکٹر ایتھلیٹ ہیں۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ 22 سالہ خوش شکل مانو بھاکر نے غیر معمولی تیزی سے کمپنیوں کی توجہ حاصل کی ہے، انہوں نے مشروب ساز کمپنی سے حال ہی میں بھارتی ڈیڑھ کروڑ روپے میں ایمبیسیڈر کا معاہدہ کیا ہے۔ پیرس اولمپکس سے قبل مانو بھاکر کے معاہدے کی سال کی فیس 25 لاکھ روپے تھی جبکہ مانو بھاکر کی مینجمنٹ کمپنی نے 40 برانڈز کے برانز میڈلسٹ کے ساتھ معاہدے کی خواہش کا انکشاف کیا ہے۔

کرکٹ ٹیم میں سب ہی سے اچھی دوستی ہے، صائم ایوب کا ڈپلومیٹک جواب

راولپنڈی ٹیسٹ کی پچ شروع میں مشکل تھی، پاکستان کے اوپننگ بلے باز کی بات چیت

راولپنڈی (این این آئی) قومی ٹیم کے جارح مزاج اوپننگ بلے باز صائم ایوب کا کہنا ہے کہ ریڈ بال کرکٹ میں کسی بھی صورتحال کو ہلکا نہیں لے سکتے۔ میڈیا سے گفتگو میں اوپننگ بلے باز صائم ایوب کا کہنا تھا کہ زیادہ سے زیادہ رن اسکور کرنے کی کوشش تھی۔ انہوں نے کہا کہ ریڈ بال کرکٹ میں کسی بھی صورتحال کو ہلکا نہیں لیا جاسکتا، راولپنڈی ٹیسٹ کی پچ شروع میں مشکل تھی۔ اوپننگ بلے باز کا مزید کہنا تھا کہ جو میچ چل رہا ہو صرف اسی کے بارے میں فکر مند رہتا ہوں، کرکٹ ٹیم میں سب ہی سے اچھی دوستی ہے، سب کے ساتھ کھیلنے میں مزہ آتا ہے۔ واضح رہے کہ راولپنڈی ٹیسٹ میچ کے پہلے روز کا کھیل ختم ہوگیا پاکستان نے 4 وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنا لیے۔

گراہم تھورپ کے انتقال پر سوگ، انگلینڈ کی ٹیم سیاہ پٹیاں باندھ کر میدان میں اتری

لنکا کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز کا آغاز انگلینڈ کی ٹیم نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر کیا، یہ کسی احتجاج کا نہیں بلکہ سابق کھلاڑی گراہم تھورپ کے انتقال پر سوگ کے طور پر باندھی گئیں۔ کپتان بین اسٹوکس کی انجری کی وجہ سے اولی پوپ انگلش ٹیم کی پہلی بار کپتانی کر رہے ہیں۔ بدھ کو اولڈ ٹریفورڈ میں شروع ہونے والے ٹیسٹ میچ میں مہمان ٹیم سری لنکا نے میزبان انگلینڈ کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ ٹاس کے بعد انگلش ٹیم جب فیلڈنگ کرنے میدان میں آئی تو انگلینڈ کے کھلاڑیوں کے بازوؤں پر سیاہ پٹی بندھی ہوئی دیکھی گئی۔ سوشل میڈیا پوسٹس میں بھی کھلاڑیوں کے بازوؤں پر کالے رنگ کا بینڈ بندھا ہوا دیکھا گیا۔ جس کے بعد صارفین کی جانب سے یہ سوال سامنے آیا کہ انگلش ٹیم نے یہ سیاہ پٹی کیوں باندھی ہے؟ دراصل گزشتہ دنوں انگلش ٹیم کے سابق کھلاڑی گراہم تھورپ 55 برس کی عمر میں انتقال کرگئے تھے۔ انگلش ٹیم گراہم تھورپ کی موت کے سوگ میں بازوؤں پر سیاہ پٹی باندھ کر میدان میں اتری۔

پانچواں شہدائے پاکستان گولڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ 6 ستمبر سے شروع ہوگا

فیصل آباد (اے ایف پی) ایم ایچ عاطف ہاکی اکیڈمی فیصل آباد کے زیر اہتمام شہدائے پاکستان گولڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا پانچواں ایڈیشن 6 ستمبر سے فیصل آباد ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے سرپرست اعلیٰ بانی چیئرمین اکیڈمی اولمپین راؤ سلیم ناظم اور ٹورنامنٹ ڈائریکٹر اولمپین خالد بشیر ہوں گے۔ چیئرمین ٹورنامنٹ کمیٹی ملک شہزاد انٹرنیشنل، چیئرمین استقبالیہ رانا عبدالخالق اور محمد یامین بھٹی آرگنائزنگ سیکرٹری ہیں۔ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی اور ٹورنامنٹ کا فائنل 13 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔

واپڈا نے ارشد ندیم کو 50 لاکھ دے دیئے، گولڈ میڈلسٹ نوح دستگیر کو بھی نواز دیا

واپڈا کا مجھ سمیت سیکڑوں کھلاڑیوں کا کیریئر بنانے میں کلیدی کردار ہے، گولڈ میڈلسٹ کی تعریف



لاہور (شہروز میاں سے) جیولین تھرو ور گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کے ساتھ ساتھ واپڈا نے کامن ویلتھ گیمز میں طلائی تمغہ جیتنے والے نوح دستگیر کو بھی کیش ایوارڈ سے نوازا۔ واپڈا نے اپنے ادارے سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹ اولمپین ارشد ندیم کے اعزاز میں واپڈا ہاؤس میں تقریب سجائی، پیرس اولمپکس میں تاریخی کامیابی پر ارشد ندیم کو 50 لاکھ روپے کا کیش ایوارڈ دیا گیا، واپڈا ہاؤس میں منعقدہ تقریب میں ایتھلیٹ نوح دستگیر بٹ کو بھی کیش ایوارڈ پیش کیا گیا۔ ایتھلیٹ نوح دستگیر بٹ نے ازبکستان میں شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کرتے ہوئے ویٹ لفٹنگ میں پاکستان کیلئے گولڈ میڈل جیتنے کا اعزاز حاصل کیا تھا۔ چیئرمین اور واپڈا اسپورٹس بورڈ کے پیٹرن انچیف انجینئر سجاد غنی نے ارشد ندیم کو کیش ایوارڈ دیا، گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے کیش ایوارڈ پر واپڈا اسپورٹس بورڈ کا شکریہ ادا کیا۔

جرمن کھلاڑی الکے گنڈوگن کا بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

برلن (اے ایف پی) جرمنی کی فٹ بال ٹیم کے کپتان الکے گنڈوگن نے بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا، انہوں نے یورو 2024 کپ میں اپنے ملک کی قیادت کرنے کے بعد بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے جس کی وجہ انہوں جسمانی اور ذہنی تھکاوٹ ظاہر کی ہے، سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اپنی پوسٹ میں گنڈوگن نے کہا کہ وہ چند ہفتوں کے غور و فکر کے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اب وقت آگیا ہے کہ اپنے قومی ٹیم کے کیریئر کو خیر آباد کہہ دیں، انہوں نے کہا کہ میں اپنے ملک کے لئے 82 بین الاقوامی میچز کھیلے جن پر مجھے بڑا فخر ہے، یہ ایک ایسی تعداد ہے جس کا میں نے خواب میں بھی نہیں سوچا تھا جب میں نے 2011 میں سینئر قومی ٹیم کے لئے ڈیبیو کیا تھا، گنڈوگن کو یورو 2024 کے کوارٹر فائنل میں پہنچنے والی جرمنی کی ٹیم کو اضافی وقت کے بعد حتمی چیمپئن سپین سے ہارنے سے پہلے کپتان بنایا گیا تھا۔

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ، کل مزید 7 میچوں کا فیصلہ ہوگا

لندن (اے ایف پی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں 24 اگست کو مزید 7 میچ کھیلے جائیں گے، پہلا میچ برائٹن اینڈ ہوو البیون اور مانچسٹر یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان امریکن ایکسپریس سٹیڈیم، فالمر، انگلینڈ میں کھیلا جائے گا، دوسرا میچ کرسٹل پیلس اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان سیلہرسٹ پارک، لندن میں کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں فلہم اور لیسٹر سٹی کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ کریون کاٹیج، لندن میں کھیلا جائے گا، چوتھا میچ دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی اور اپسوچ ٹاؤن کی ٹیموں کے درمیان اتحاد سٹیڈیم، مانچسٹر میں کھیلا جائے گا، پانچواں میچ ساؤتھمپٹن اور ناٹنگھم فارسٹ کی ٹیموں کے درمیان سینٹ میریز سٹیڈیم، ساؤتھمپٹن میں کھیلا جائے گا۔

جشن آزادی باڈی بلڈنگ مقابلے 25 اگست کو ہونگے

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام جشن آزادی باڈی بلڈنگ مقابلے 25 اگست کو لاہور میں منعقد ہونگے۔ پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے صدر شیخ فاروق اقبال نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور ایونٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے

پہلے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن پاکستان نے 6 وکٹوں کے نقصان پر 448 رنز بنا کر اننگز ڈکلیئر کردی

دنیائے فٹبال کے مشہور کھلاڑی رونالڈو نے یوٹیوب پر بھی ریکارڈ قائم کردیا

صرف ڈیڑھ گھنٹے میں ایک ملین سبسکرائبر حاصل کرنے کا ریکارڈ قائم کرلیا

منسک (این این آئی) پرتگال کے مقبول ترین فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے فٹبال کے بعد اب یوٹیوب پر بھی اپنی مقبولیت دنیا کو دکھادی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کرسٹانو رونالڈو نے یوٹیوب چینل بنا کر صرف ڈیڑھ گھنٹے میں ایک ملین سبسکرائبر حاصل کرنے کا ریکارڈ قائم کرلیا۔ رونالڈو نے یوٹیوب چینل کا نام Cristiano·UR رکھا ہے جس نے صرف ڈیڑھ گھنٹے میں 10 لاکھ (1 ملین) سبسکرائبر حاصل کرکے اہم سنگ میل حاصل کرلیا۔ ریکارڈ وقت میں سبسکرائبر کی یہ تعداد حاصل کرکے رونالڈو نے نئی تاریخ رقم کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس سے قبل تیز ترین 1 ملین سبسکرائبر حاصل کرنے کا ریکارڈ جنوبی کورین گلوکارہ جینی کم کے پاس تھا جنہوں نے 7 گھنٹوں میں یہ سنگ میل طے کیا تھا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق میٹا کی ملکیت سوشل میڈیا ایپ انسٹاگرام پر سب سے زیادہ فالوورز رکھنے والے رونالڈو کے یوٹیوب چینل کی تیزی سے بڑھتی مقبولیت اسے دنیا کا سب سے مقبول ہوتا یوٹیوب چینل بنا سکتی ہے۔ اب تک رونالڈو کے یوٹیوب چینل پر سبسکرائبر کی تعداد 12 ملین تک جا پہنچی جس میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

پونٹنگ نے اسٹارک، کمنز کے بجائے بھارتی پیسر بمراہ کو بہترین بولر قرار دیدیا

غیر معمولی کارکردگی سے انھوں نے تمام شکوک وشبہات اور ناقدین کو خاموش کر دیا، تاثرات کا اظہار

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے سابق کپتان اور کرکٹ لیجنڈ رکی پونٹنگ نے مچل اسٹارک اور پیٹ کمنز کے بجائے ایشیائی کرکٹر کو دنیا کا بہترین بولر قرار دیدیا یعنی ورلڈکپ ٹرافیز اپنے ہاتھوں میں تھامنے والے رکی پونٹنگ نے بھارتی پیسر جسپریت بمراہ کی تعریف کرتے ہوئے ان کے اب تک کے سفر کو سراہا ہے، بمراہ کچھ عرصہ قبل اپنے کیریئر میں کافی خطرناک انجری کا شکار ہوئے تھے لیکن وہ تمام فارمیٹس میں پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط اور مہلک بولر کے طور پر سامنے آئے۔ پونٹنگ کا کہنا تھا کہ بہت سے لوگ سوال کر رہے تھے کہ کیا بمراہ انجری کے بعد کبھی بھارت کے کلیدی بولر کے طور پر واپس آئیں گے لیکن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 میں اپنی غیر معمولی کارکردگی

SHOWBIZ
قوت

بالی ووڈ میں ہر شخص خود غرض، بیوقوف اور خالی دماغ ہے، کنگنا رناوت

بالی ووڈ فنکاروں یہ بھی نہیں معلوم ہوتا دنیا میں چل کیا رہا ہے تو ایسے لوگوں سے دوستی کرنے کا فائدہ کیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کی متنازع اداکارہ وسیاستدان کنگنا رناوت نے بالی ووڈ فنکاروں کو بیوقوف اور خالی دماغ قرار دے دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کنگنا رناوت نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے بالی ووڈ فنکاروں اور اپنے نجی معاملات کے بارے میں کھل کر بات کی۔ میزبان کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کنگنا رناوت نے کہا کہ بالی ووڈ میں میرا کوئی دوست نہیں کیونکہ بالی ووڈ سے وابستہ ہر شخص خود غرض، بیوقوف، خالی دماغ اور خود پسند ہے۔ کنگنا رناوت نے کہا کہ بالی ووڈ فنکاروں کے پاس بات کرنے کے لیے کوئی موضوع تک نہیں ہوتا، انہیں یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ دنیا میں چل کیا رہا ہے تو ایسے لوگوں سے دوستی کرنے کا فائدہ کیا؟ اداکارہ کی بات سن کر میزبان نے کہا کہ پوری بالی ووڈ انڈسٹری ایک جیسی نہیں ہوسکتی جس پر کنگنا نے کہا کہ میں نے بالی ووڈ کو بہت قریب سے دیکھا ہے۔

سلمان خان کی بلاک بسٹر فلم "میں نے پیار کیا" 35 سال بعد دوبارہ ریلیز

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے دبنگ اسٹار سلمان خان اور ماضی کی مقبول اداکارہ بھاگیہ شری کی بلاک بسٹر فلم 'میں نے پیار کیا' 35 سال بعد دوبارہ سینما گھروں میں ریلیز ہونے جا رہی ہے۔ 80 کی دہائی میں ریلیز ہونے والی فلم 'میں نے پیار کیا' سلمان خان اور بھاگیہ شری کے کیریئر کی بلاک بسٹر فلم ثابت ہوئی تھی کیونکہ اس فلم نے اپنے دور میں باکس آفس پر سب سے زیادہ کمائی کی تھی۔ فلم میں سلمان خان نے پریم نامی امیر زادے لڑکے کا کردار ادا کیا تھا جبکہ بھاگیہ شری نے سیدھی سادی 'سمن' کا کردار نبھایا تھا، اس فلم کی مقبولیت نے دونوں اداکاروں کو رات رات اسٹار بنا دیا تھا۔ فلمی شائقین نے 'میں نے پیار کیا' کی کہانی اور گانوں کو بہت پسند کیا تھا، یہ فلم سلمان خان کے کامیاب کیریئر کی پہلی سیڑھی ثابت ہوئی تھی۔ اب اس فلم کے میکرز نے مداحوں کے لیے ایک بڑا اعلان کیا ہے، جس کے بعد مداح خوشی سے جھوم اٹھے ہیں۔ میکرز نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل کی پوسٹ میں اعلان کیا کہ یہ فلم اپنی ریلیز کے 35 سال بعد دوبارہ 23 اگست کو انڈین سینما گھروں میں ریلیز کی جارہی ہے۔ واضح رہے کہ فلم میں سلمان خان اور بھاگیہ شری کے علاوہ موہنیش بہل، آلوک ناتھ اور ریما لاگو نے بھی اداکاری کی تھی۔ سلمان خان نے فلم 'میں نے پیار کیا' کے بعد پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں غیر روایتی موسیقی کا عالمی دن 24 اگست کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں غیر روایتی موسیقی کا عالمی دن 24 اگست کو منایا جائے گا۔ اس دن کو عجیب وغریب موسیقی کے عالمی دن کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ اس دن کے منانے کا مقصد ان فنکاروں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے جنہوں نے موسیقی کو اپنا رہن سہن بنایا ہوتا ہے، تاہم وہ اس سے خاطرخواہ مالی فوائد حاصل نہیں کرسکتے اور زیادہ تر گمنامی وکسمپرسی کی حالت میں ہی زندگی بسر کرتے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک میں موسیقی کے اس خاص دن کو ہفتہ بھر تقریبات کی صورت بھی منایا جاتا ہے۔ غیر روایتی موسیقی کے عالمی دن کی مناسبت سے ملک بھر میں سرکاری وغیر سرکاری اداروں اور تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔

معروف ادیب، سیاستدان بشریٰ رحمن کی سالگرہ 29 اگست کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) معروف ادیب بشریٰ رحمن کی سالگرہ 29 اگست کو منائی جائے گی۔ پاکستانی مصنفہ 29 اگست 1944 کو پیدا ہوئیں۔ انھوں نے جامعہ پنجاب سے ایم اے صحافت کی سند حاصل کی۔ انھوں نے اپنا سیاسی سفر 1983ء میں شروع کیا۔ بشریٰ رحمن 1985ء اور 1988ء میں رکن پنجاب اسمبلی جبکہ 2002ء اور 2008ء میں رکن قومی اسمبلی بنیں۔ 17 سے زائد ناول اور سفرنامے ان کے قلم کا شاخسانہ ہیں۔ انھوں نے پی ٹی وی اور پرائیویٹ پروڈکشن کے لیے بھی کئی ڈرامے بھی لکھے، ان کے ناول اور افسانے خواتین میں بہت مقبول تھے ان کے افسانوں کے کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ بشریٰ رحمان کے معروف ناولز میں اللہ میاں جی، بہشت، براہ راست، بت شکن، چاند سے نہ کھیلو۔

شاہ رخ خان نے فلم "پٹھان" کی کامیابی پر جان ابراہم کو قیمتی بائیک کا تحفہ دیا

ممبئی (این این آئی) فلم پٹھان کی کامیابی پر شاہ رخ خان کی جانب سے جان ابراہم کو دیئے گئے تحفے کی تفصیل سامنے آگئی۔ بالی ووڈ کے اداکار جان ابراہم نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ میگا اسٹار شاہ رخ خان نے فلم 'پٹھان' کی غیر معمولی کامیابی کے بعد انہیں قیمتی بائیک تحفے میں دی۔ جان ابراہم نے تحفے کی تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ شاہ رخ خان نے مجھے کہا کہ آجاؤ پارٹی کرتے ہیں اپنی پکچر چل رہی ہے اور اچھی اوپننگ ملی ہے۔ میں نے شاہ رخ خان کو جواب دیا کہ نہیں مجھے سونا ہے۔ اداکار کا مزید کہنا تھا کہ شاہ رخ میرے جواب پر حیران رہ گئے اور پوچھا کہ کیا؟ سونا ہے؟ میں نے کہا کہ جی مجھے سونا ہے اس پر شاہ رخ نے پوچھا کہ تمہیں کیا تحفہ چاہیے۔

شاہ رخ کیساتھ کم کام کی وجہ ان کی چوائس کا مسئلہ ہے، اداکارہ منیشا کوئرالہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ منیشا کوئرالہ کا کہنا ہے کہ بالی ووڈ میں ہیرو فیصلہ کرتا ہے کہ اسے کس ہیروئین کے ساتھ کام کرنا ہے، اسی لیے انہوں نے شاہ رخ خان کے ساتھ کم کام کیا ہے۔ شاہ رخ خان اور منیشا کوئرالہ نے 1998 کی فلم دل سے میں اکٹھے کام کیا۔ ہدایتکار مانی رتنم کی اس فلم کی آج 26 ویں سالگرہ منائی جارہی ہے، فلم میں منیشا کوئرالہ نے ہیروئین کا رول ادا کیا۔ شاہ رخ خان کے ساتھ اسکے بعد سے اب تک کسی فلم میں کام نہ کرنے کے حوالے سے جب ایک انٹرویو کے دوران منیشا سے سوال کیا گیا تو انہوں نے انکشاف کیا کہ اس فلم انڈسٹری میں ہیرو فیصلہ کرتے ہیں کہ انہیں کس کے ساتھ کام کرنا ہے۔ تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ شاہ رخ کے ساتھ ایک غیر معروف فلم گڈو میں بھی کام کرچکی ہیں۔ ہیروئین یہ فیصلہ نہیں کرتیں کہ ہیرو کون ہوگا۔ نیپال سے تعلق رکھنے والی 54 سالہ منیشا نے یہ کہہ کر اشارہ دیا کہ دوبارہ کام نہ کرنے کی وجہ شاہ رخ کی چوائس کا مسئلہ ہے۔ منیشا نے مانی رتنم کی فلموں دل سے، 1995 کی تامل فلم بمبئی جبکہ سنجے لیلا بھنسالی کی خاموشی اور ہیرا منڈی کو اپنی پسندیدہ فلمیں قرار دیا اور کہا کہ وہ ان فلموں میں اپنی پرفارمنس کو بہترین سمجھتی ہیں۔

سری دیوی کے بچھڑنے کے بعد بونی کپور کے وزن میں حیران کن کمی

14 کلو وزن کم کیا ہے اور وہ مزید 8 کلو وزن کم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی آنجہانی اداکارہ سری دیوی کے شوہر اور فلمساز بونی کپور نے 14 کلو وزن کم کرکے سب کو حیران کردیا۔ بونی کپور نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل پر اپنی نئی تصویر پوسٹ کی جس میں انہیں سری دیوی کی بنائی گئی پینٹنگ کے سامنے کھڑے دیکھا جاسکتا ہے۔ مذکورہ تصویر میں بونی کپور کا وزن کافی کم لگ رہا ہے جبکہ ان کے سر کے بال بھی گھنے نظر آرہے ہیں۔ بونی کپور نے اپنی پوسٹ میں انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے 14 کلو وزن کم کیا ہے اور وہ مزید 8 کلو وزن کم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری اس تبدیلی میں میری اہلیہ و آنجہانی اداکارہ سری دیوی کا اہم کردار ہے، اگرچہ وہ اس دنیا میں نہیں لیکن وہ ہر وقت میرے ساتھ ہوتی ہیں۔ فلمساز نے مزید کہا کہ میری جان، سری دیوی کا فن (پینٹنگ) میرے پیچھے ہے، ان کی سوچ اور خیالات ہمیشہ میرے ساتھ رہیں گے۔ بونی کمار کا ناقابل یقین حد تک وزن کم اور گھنے بال دیکھ کر بالی ووڈ سے وابستہ فنکار اور مداح دنگ رہ گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بونی کپور نے گزشتہ سال رنبیر کپور اور شردھا کپور کی فلم 'تو جھوٹی میں مکار' سے بطور اداکار ڈیبیو کیا تھا۔ واضح رہے کہ سال 2018 میں سری دیوی دبئی کے ایک ہوٹل میں باتھ ٹب میں ڈوب کر جان سے ہاتھ دھو بیٹھی

گلوکار پرویز مہدی کی 19 ویں برسی 29 اگست کو منائی جائے گی

غزل کے علاوہ گیت اور فوک گانے گانے میں بھی خاص کمال اور مہارت رکھتے تھے

مکوآنہ (این این آئی) نامور گلوکار پرویز مہدی کی 19 ویں برسی 29 اگست کو منائی جائے گی۔ پرویز مہدی نے 70 کی دہائی میں اپنے فنی سفر کا آغاز کیا۔ انہوں نے ریڈیو پاکستان کیلئے گائے گئے گیت میں جانا پردیس سے شہرت کی بلندیوں کو چھوا۔ ان کا اصل نام پرویز حسن تھا جنہوں نے شہنشاہ غزل مہدی حسن کی شاگردی اختیار کرنے کے بعد اپنا نام پرویز مہدی رکھ لیا۔ وہ غزل کے علاوہ گیت اور فوک گانے گانے میں بھی خاص کمال اور مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے ملکہ ترنم نور جہاں کے ساتھ پہلا یادگار گانا تک جن پیا جانداای اس مہارت سے گایا کہ ملکہ ترنم نے ریکارڈنگ کے بعد پرویز مہدی کا ماتھا چوم لیا۔ بھارت کے انتہائی مقبول پاپ سٹار گلوکار دلیر سنگھ مہدی بھی پرویز مہدی کو اپنا روحانی استاد مانتے ہیں جنہوں نے باقاعدہ پرویز مہدی کی شاگردی اختیار کرکے فن گائیکی میں کمال حاصل کیا۔ پرویز مہدی کی شاندار فنی خدمات کے اعتراف میں حکومت پاکستان کی جانب سے انہیں ستارہ امتیاز سے نوازا گیا۔ پرویز مہدی 29 اگست 2005 کو مختصر علالت کے بعد اپنے مالک حقیقی سے جا ملے

ایک دھوکے کے بعد کبھی دوسرے پر اعتبار نہ کریں، نمرہ خان کا مشورہ

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبصورت اور باصلاحیت اداکارہ نمرہ خان نے نوجوان بچوں کو مشورہ دیا ہے کہ ایک دھوکے کے بعد کبھی دوسرے پر اعتبار نہ کریں۔ اداکارہ نمرہ خان نجی ٹی وی کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دل ٹوٹنے کے درد سے گزرنے والے لوگوں کے لئے ریباؤنڈز سے بچنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ اپنے دل ٹوٹنے کا اذیت ناک دور دیکھا ہے اور وہ ہمیشہ اس بارے میں کھل کر بات کرتی رہی ہیں۔ شو میں جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا ان کے زخم بھر گئے ہیں تو ان کا کہنا تھا کہ زخم تو بھر چکے ہیں مگر ان کے نشانات ابھی باقی ہیں اس کے ساتھ انہوں نے یہ بھی شیئر کیا کہ واپسی کا راستہ غلط ہے، جب آپ کو کسی کے چھوڑنے کے بعد رونے کے لیے کندھا دیا جاتا ہے تو اس کندھے کو کبھی بھی سہارا نہ سمجھیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت تو آپ آرام محسوس کرنے لگتے ہیں اور اس میں سکون پاتے ہیں لیکن درحقیقت وہ ان لوگوں سے بھی بدتر ہوتے ہیں جنہوں نے آپ کو چھوڑ دیا اور آپ کو توڑ دیا ہوتا ہے اس لیے آپ دوسرے کندھے پر کبھی بھروسہ نہ کریں۔ اداکارہ نے نوجوان لڑکیوں کو مشورہ دیا کہ زندگی میں چاہے کتنی ہی تکلیفیں کیوں نہ جھیلنی پڑیں کبھی بھی ایک کے دھوکہ دینے کے بعد دوسرے پر اعتبار نہ کریں کیونکہ وہ زیادہ خطرناک ہوتے ہیں، ضروری نہیں کہ اگر ایک اچھا ثابت نہ ہوا تو دوسرا اچھا ہوگا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

کسی بھی دوکاندار، تاجر، ہوٹل وتندور مالکان کو مقررہ قیمتوں سے زائد روٹی، نان اور دیگر

اشیائے خوردونوش مہنگے داموں فروخت کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں، ڈپٹی کمشنر

حافظ آباد: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر روٹی، نان سمیت دیگر اشیائے خوردونوش کی سستے داموں فروخت ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، کسی بھی دوکاندار، تاجر، ہوٹل وتندور مالکان کو مقررہ قیمتوں سے زائد روٹی، نان اور دیگر اشیائے خوردونوش مہنگے داموں فروخت کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں اور جو بھی پرائس کنٹرول کمیٹی کے مقرر کردہ نرخوں کی خلاف ورزی کریگا اسکے خلاف بلا تفریق سخت کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر منور حسین، ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز رانا گلفام حیدر سمیت دیگر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اس امر کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائے کہ کریانہ، فروٹ، سبزیاں، دودھ، دہی، گوشت سمیت دیگر تمام اشیاء مقرر کردہ قیمتوں پر ہی فروخت ہوں اور بالخصوص روٹی، نان کی قیمتوں، کوالٹی اور وزن کو بھی مسلسل مانیٹر کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ تمام ہوٹلوں، تندوروں اور دیگر دوکانوں پر اشیائے خوردونوش کی ریٹ لسٹیں نمایاں جگہوں پر آویزاں کروائی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ عوام کو سستے داموں اشیائے خوردونوش کی دستیابی اور ریلیف کی فراہمی حکومت پنجاب کی ترجیحات میں سے ہے اس لیے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اپنے اپنے علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر دوکانوں اور ہوٹلوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف کی فراہمی کے لیے اقدامات کریں۔ اجلاس میں تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی، روٹی، نان سمیت دیگر اشیاء مہنگے داموں فروخت کرنے والے دوکانداروں کو کیے جانے والے جرمانوں کا جائزہ لیا گیا۔

آبادی کے عفریت پر قابو پالیا جائے تو لاتعداد مسائل خود بخود حل ہوجائیں گے، سید جمیل حیدر شاہ

ریاست شہریوں کی مجموعی بہبود کی ذمہ دار ہے اور خاندانوں کی انفرادی بہبود والدین کی ذمہ داری ہے، اجلاس سے خطاب

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید جمیل حیدر شاہ نے کہا ہے کہ آبادی میں تیز رفتار اضافہ کم پڑتے وسائل، بیروزگاری، غربت، مہنگائی، صحت و تعلیمی سہولیات کا فقدان اور بدامنی جیسے چیلنجز نے وطن عزیز کو سنگین مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ اگر صرف آبادی کے عفریت پر قابو پا لیا جائے تو لاتعداد مسائل خود بخود حل ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ بہبود آبادی کی ضلعی رابطہ کمیٹی کے ماہانہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست شہریوں کی مجموعی بہبود کی ذمہ دار ہے اور خاندانوں کی انفرادی بہبود والدین کی ذمہ داری ہے۔ اگر وہ اپنے خاندان کا سائز اپنے وسائل کے مطابق رکھیں تو ریاست کا بوجھ آدھا ہو جائے گا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید جمیل حیدر شاہ نے محکمہ بہبود آبادی کی مقامی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ ضلع میں محکمہ بہبود آبادی کے فیملی ہیلتھ کلینکس، فیملی ویلفیئر سینٹرز، فیملی ہیلتھ موبائل یونٹس، سمیت جملہ سروس ڈیلیوری سسٹم کی کارکردگی کو بھرپور انداز میں نتیجہ خیز بنائیں تاکہ بہبود آبادی پروگرام کی ترجیحات کی کامیاب تکمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر چوہدری عاصم ہدایت، ڈسٹرکٹ ڈیموگرافر محمد بخش، ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر کمیونیکیشن اینڈ ٹریننگ ڈاکٹر مہک سلیم، ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر ٹیکنیکل اور کلینیکل سائیکالوجسٹ انساء اکرم سمیت تمام سٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر چوہدری عاصم ہدایت نے میٹنگ کے شرکاء کو محکمہ کی ماہانہ کارکردگی بارے میں بریفنگ دی اور محکمہ کی طرف سے بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کیلئے کئے جانے والے اقدامات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ محکمہ نے سوشل بیہیویر چینج کمیونیکیشن مہم کے لئے تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لئے ایک جامع ورک پلان بنایا ہے جس کے کامیاب تکمیل کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کے بھرپور تعاون کی ضرورت ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید جمیل حیدر شاہ نے تمام سٹیک ہولڈرز کو ہدایت کی کہ محکمہ بہبود آبادی کو ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے تاکہ بڑھتی ہوئی آبادی اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل کے بارے میں شعور پیدا کیا جا سکے۔ تمام سٹیک ہولڈرز نے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

محکمہ فوڈ کے انسپکٹر کی غفلت، قیمتوں میں ہوشربا اضافہ: شہریوں کا شدید احتجاج

محکمہ فوڈ کے انسپکٹر مبشر سردار کی عدم دلچسپی، دوکانداروں کو کھلی چھٹی مل گئی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ستیانہ روڈ، اڈا خانوانہ اور مکوآنہ کے ملحقہ علاقوں میں قیمتوں کا بے قابو ہونا شہریوں کے لیے ایک سنگین مسئلہ بن چکا ہے۔ محکمہ فوڈ کے انسپکٹر مبشر سردار کی عدم دلچسپی اور غیر فعال رویے کے باعث دکانداروں کو کھلی چھوٹ مل چکی ہے کہ وہ اپنی مرضی سے اشیاء کی قیمتیں مقرر کریں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے جاری کردہ احکامات اور فلیکسز کی موجودگی کے باوجود، دکاندار سرکاری نرخ نامے آویزاں کرنے سے گریزاں ہیں۔ آٹا، جو کہ بنیادی ضرورت کی اشیاء میں شامل ہے، بلیک میں فروخت ہو رہا ہے اور سرکاری نرخ 250 روپے فی کلوگرام سے کہیں زیادہ قیمتوں پر دستیاب ہے۔ مقامی دکانداروں نے انکشاف کیا کہ فوڈ انسپکٹر مبشر سردار نے اپنے دورہ جات کے دوران صرف چند مخصوص پوائنٹس پر نظر ڈالی، جبکہ باقی علاقے میں چکر لگانے کی زحمت نہیں کی۔ اس کے نتیجے میں، دکاندار اپنی مرضی سے قیمتیں مقرر کر رہے ہیں اور سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ کئی بار شکایات درج کرائی گئی ہیں، لیکن کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ عوام نے سیکرٹری فوڈ اور وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری نوٹس لیں اور انسپکٹر مبشر سردار کو ان کی ذمہ داریوں سے معطل کر کے ایک شفاف انکوائری کی جائے۔

انٹرنیشنل ہومیوپیتھک سیونگ مومنٹ فیصل آباد پاکستان

میں ڈاکٹر ولیم ہینڈرج سوشلر کی 203 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) انٹرنیشنل ہومیوپیتھک سیونگ مومنٹ فیصل آباد پاکستان کے مرکزی دفتر میں میڈیکل سائنس کے میدان میں انقلاب برپا کرنے والے جرمن کے بائیو کیمک ڈاکٹر ولیم ہینڈرج سوشلر کی 203 ویں سالگرہ کا کیک کاٹنے کی ایک شاندار پروقار اور عظیم وشان تقریب کا اہتمام کیا گیا تقریب میں ڈاکٹرز سماجی سیاسی شخصیات میں میڈیا کے نمائندوں اور بچوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کیثر کا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر رانا محمد سرور نے کہا کہ ہومیوپیتھک طریقہ علاج میں ڈاکٹر سوشلر کی 12 بائیو کیمک ٹشوز سالٹ ادوایات حیرت انگریز نتائج دینے والی ادویات ہیں موجودہ جدید دور میں ان ادویات سے ہزاروں لوگ شفایاب ہوتے ہیں دنیا بھر کے ہومیوپیتھک ڈاکٹرز کی ایک بڑی تعداد اپنے مریضوں کو ان 12 بائیو کیمک ادویات کا استعمال کروا رہی ہیں اور ان ادویات کے استعمال سے بڑی تیزی کے ساتھ مریض شفایاب ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری ہیلتھ منسٹری کو چاہیے کہ پاکستان میں ان 12 میڈیسنز اور ڈاکٹر سوشلر کی تھیوری کو پڑھایا جائے اور پاکستان میں اس وقت ہومیوپیتھی طریقہ علاج پر بہت زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے پاکستان بھر کے تمام ہومیوپیتھی کی ترقی اور ترویج کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اخر میں انہوں نے ڈاکٹر سوشلر کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا اور کیک کاٹنے کے بعد تمام معزز مہمانان گرامی قدر کا شکریہ ادا کیا تقریب کے شرکا سے ڈاکٹر بابر امبر ڈاکٹر ریحان قدیر انجم ڈاکٹر منور منج ڈاکٹر قاسم رفیق ڈاکٹر خالد محمود مسلم لیگ نون کے رہنماں محترمہ ستارہ رانا محترمہ ریحانہ شاہد نے بھی خطاب کیا۔

پولیس کی جانب سے چھاپوں کی مذمت کرتے ہیں، انقیہ مہدی بھٹی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پی ٹی آئی کی ممبر قومی اسمبلی انیقہ مہدی بھٹی نے ضلع بھر میں پولیس کی جانب سے سیاسی کارکنوں کو ہراساں کرنے چھاپے مار کر چادر چاردیواری کا تقدس پامال کرنے اور متعدد کارکنوں کو گرفتار کر کے حبس بیجا میں رکھنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ ضلع حافظ آباد میں چوری ڈکیتی قتل وغارت کی بڑھتی ہوئی وارداتیں، امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورت حال منشیات فروشی اور سٹریٹ کرائم میں اضافہ نے عوام کا جینا محال کر رکھا ہے جبکہ تھانے سیاسی آقاؤں کے عوام دشمن رویہ اور کاروائیوں کی وجہ سے جرائم پیشہ افراد کے لئے درالامن اور شریف شہریوں کے لئے دارالحرب بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ٹیکسوں سے تنخواہیں اور مراعات لینے والے ملازمین کو عوام کی خدمت کرنا چاہئے اور حکمرانوں کے آلہ کار بن کر اپنا امیج خراب نہیں کرنا چاہئے۔ دوسری جانب تحریک انصاف کے ایم پی اے ضمیر الحسن بھٹی نے موٹروے بند کرنے اور کارکنوں کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی ناکہ بندی سے ایک روز پہلے ہی ہم نے اپنے کارکنان اسلام آباد پہنچا دیئے تھے۔ پولیس چھاپوں گرفتاریوں اور موٹروے کی بندش سے عوام کو جلسہ میں شرکت سے نہیں روکا جا سکتا۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر افتخار کا ساہیوال کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر افتخار کا ساہیوال کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ مویشی پال حضرات سے ملاقاتیں کی اور کیٹل فارمز کے وزٹ کیے جانوروں کی بیماریوں کے متعلق معلومات حاصل کی فوری ویکسینیشن کے احکامات جاری کیے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر افتخار نے گل گوٹو کی خطرناک وبا کے باعث متعدد جانوروں کی ہلاکتوں پر بروقت نوٹس لیتے ہوئے ضلع بھر کے مختلف علاقوں کا وزٹ کیا اور مویشی پال حضرات سے ملاقاتیں کی اور جانوروں کی بیماریوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے بعد ان کی ویکسینیشن کے عمل کو فوری مکمل کروایا اور سول وٹیرنری ڈاکٹروں کو 24 گھنٹے مویشی پال حضرات کے رابطے میں رہنے کی سخت ہدایات بھی کیں اس کے علاوہ شہر اور مضافاتی علاقوں میں مضر صحت گوشت فروخت کرنے والوں کے خلاف بھی گھیرا تنگ کرنے کے لیے مختلف ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں مضر صحت گوشت فروخت کر کے انسانی زندگیوں میں زہر گھولنے والوں کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی

ڈسکہ: شادی شدہ خاتون کو اغوا کرلیا گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم ملزمان نے شادی شدہ خاتون کو اغوا کرلیا موضع بھونا نوالی کے نعیم کی بیوی گھر سے سودا سلف لینے کیلئے گئی تو گھر واپس نہ آئی اس کو نامعلوم ملزمان زبردستی اغوا کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

آلودگی سے پاک ماحول کیلئے شجرکاری کی ضرورت ہے، بیگم طلعت شوکت چیمہ

وزیرآباد (نامہ نگار) آلودگی سے پاک ماحول کو انسان دوست بنانے کے لئے شجرکاری ضروری ہے، پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق شہروں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لئے شجرکاری کی اہمیت سے کسی طور انکار نہیں کیا جاسکتا۔ ان خیالات کا اظہار سابق ایم پی اے وضلعی صدر حلقہ خواتین مسلم لیگ (ن) بیگم طلعت شوکت چیمہ نے شجرکاری مہم کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صائمہ زاہد، عائشہ عزیز، مجاہدہ بھٹی، محمد نعیم بٹ، محمد اشفاق مجددی سلہریا، رانا ناصر ودیگر بھی موجود تھے۔

تحریک منہاج القرآن عارفوالا کے زیراہتمام عرفان القرآن کا اہتمام

چھوٹا ہو یا بڑا مذاق کرنے سے اجتناب کریں، ڈاکٹر رشید احمد رضا کی خطاب میں نصیحت

عارفوالا (نمائندہ قوت) تحریک منہاج القرآن عارفوالا کے زیراہتمام ضلعی صدر ڈاکٹر رشید احمد رضا کی زیرصدارت ماہانہ درس عرفان القرآن کا اہتمام نجی میرج ہال میں انعقاد پذیر ہوا جس میں علامہ محمد فیاض بشیر قادری نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن وحدیث اور اللہ اور اسکے رسولؐ کے احکامات پر عمل پیرا ہو کر اپنی زندگیوں اور آخرت کو کامیاب بنایا جاسکتا ہے جیسا کہ اللہ پاک نے قرآن کریم میں ان تین برائیوں سے بچنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی شخص یا فرد کو خواہ چھوٹا ہو یا بڑا مذاق کرنے سے اجتناب کریں کیونکہ مذاق کرنے سے آپس میں نفرت بڑھنے اور دشمنی کا اندیشہ بھی ہوسکتا ہے، کسی بھی شخص کو گالی نہ دیں اور کسی بھی انسان کو برے القاب سے نہ پکارا جائے جس شخص میں یہ تین نشانیاں ہونگی باوجود اس کے کہ وہ دینی امور پر کامل یقین رکھتا ہو وہ اچھا انسان نہیں ہوسکتا ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی زبان کو اپنے قابو میں رکھیں تاکہ ہم اخلاق حسنہ کا نمونہ پیش کرسکیں اس موقع پر تحریک منہاج القرآن کی تاحیات رفاقت حاصل کرنے والے رفقاء کو اسنادی گئیں جبکہ درس عرفان القرآن میں شرکت کرنے والوں میں پروفیسر صدیق قمر، حاجی محمد افضل، پرنسپل میاں ممتاز احمد خاں، اسماعیل شاکر، سلیم الدین اطہر، قاری فیض رسول، ڈاکٹر طارق محمود، علامہ محمد عمران، محمد اشرف مرزا سمیت عمز زین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی آخر میں ختم غوثیہ کا اہتمام بھی کیا گیا۔

گورنمنٹ ایم سی پرائمری سکول نمبر 2 کی ننھی منی بچیوں کا احتجاج رنگ لے آیا نئے

تعینات ہونیے والے ڈپٹی کمشنر ننکانہ تسلیم اختر راؤ نے DPS کی جانب سے کیے گئے

قبضے کو ختم کروا کے سکول کی عمارت اساتذہ اور بچوں کے حوالے کردی

GOVT. M.C GIRLS P/S
گورنمنٹ ایم سی گرلز پرائمری سکول نمبر 2

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) گورنمنٹ ایم سی پرائمری سکول نمبر 2 کی ننھی منی بچیوں کا احتجاج رنگ لے آیا نئے تعینات ہونیے والے ڈپٹی کمشنر ننکانہ تسلیم اختر راؤ نے DPS کی جانب سے کیے گئے قبضے کو ختم کروا کے سکول کی عمارت اساتذہ اور بچوں کے حوالے کر دی. تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ایم سی پرائمری سکول نمبر 2 کی ننھی منی بچیوں کا احتجاج رنگ لے آیا نئے تعینات ہونیے والے ڈپٹی کمشنر ننکانہ تسلیم اختر راؤ نے DPS کی جانب سے کیے گئے قبضے کو ختم کروا کے سکول کی عمارت اساتذہ اور بچوں کے حوالے کر دی عمارت دوبارہ ملنے پر بچوں کا تدریسی عمل شروع ہونے پر بچوں کا خوشی کا اظہار. سماجی کارکن ڈاکٹر عابد علی عابد مٹھائی لے کر سکول پہنچ گئے سکول کے بچوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ننکانہ اور سی ای او ایجوکیشن کا شکریہ ادا کیا اس موقع پر سماجی کارکن ڈاکٹر عابد علی عابد زکیہ رانی بچوں نے والدین اور میڈیا کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس مشکل کی گھڑی میں ہمارا ساتھ دیا ڈاکٹر عابد علی عابد نے کہا کہ یہ سکول ننکانہ صاحب کی بچیوں کا ہے اگر ہم نے ان سے سکول چھین لیا تو وہ اپنی تدریسی عمل کیسے جاری رکھیں گے زکیہ رانی نے کہا کہ یہ سکول اگر ختم ہو گیا تو اس علاقے کی بچیاں کدھر جائیں گی سی ای او ایجوکیشن احسن فرید نے صحافیوں اور این جی اوز کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم بچیوں کی تعلیم کے لیے عملا کوشش کر رہے ہیں اس سکول کی بچیاں اسی سکول میں ہی تعلیم حاصل کریں گے چیئرمین ایمرا چوہدری محمد رمضان نے کہا ایک بچی کی تعلیم ایک خاندان کی تعلیم ہے لہذا ہم بچیوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ

CRIME
& COURT
جرم وسزا

سیالکوٹ پولیس شہریوں کے جان و مال کی محافظ ہے، ملک غلام عباس

قانون شکن عناصر کی سرکوبی کیلئے بروقت کاروائی کیجاتی ہے، ایس۔ پی۔ انوسٹی گیشن

nv G. Abas
ABBAS
SP

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی ہدایات کی روشنی میں سیالکوٹ کی تمام چار تحصیلوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جارہا ہے جس کے مثبت نتائج سامنے آنے کیساتھ شریف شہریوں میں احساس تحفظ کیساتھ پولیس کیساتھ بہتر کوآرڈینیشن بھی دکھائی دے رہی ہے۔ ان باتوں کا اظہار میڈیا بیان میں فرض شناس ایس۔ پی انوسٹی گیشن سیالکوٹ ملک غلام عباس نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی زیر قیادت ضلع سیالکوٹ کے وسطی و مضافاتی تھانہ جات کے علاوہ دور دراز کے تھانہ جات جیسے تھانہ پھوکلیان، تھانہ قلعہ کالروالہ و سبز پیر جیسے دور افتادہ علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد وہاں موجود شہریوں کی سہولت کیلئے کیا جارہا ہے تاکہ انکی دہلیز پر مسائل و تفتیش بارے کسی بھی قسم کی پریشانی کی نشان دہی فوری موقع پر ہو اور متعلقہ ایس۔ ایچ۔ او اور تفتیشی آفیسر کی بازپرس کی جاسکے۔ سیالکوٹ پولیس قانون شکن عناصر کیخلاف زیرو

میاں چنوں: خواتین پر تشدد نہ رک سکا، ملزم کا خاتون پر تشدد، مقدمہ درج

ملزم عارف نے گلی میں ڈنڈے سے انتہائی بے دردی سے تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے دور میں بھی خواتین پر تشدد تھمی نہیں رک سکا، خواتین پر ظلم وزیادتی کا سلسلہ جاری، خواتین کے جھگڑے میں ملزم عارف نے خاتون کو سرعام گلی میں وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنا ڈالا، خاتون کی حالت خراب، ملزم کے خلاف مقدمہ درج، تفصیلات کے مطابق میاں چنوں کے نواحی گاؤں 126 پندرہ ایل پل والی میں کوڑا پھینکنے پر خواتین کی لڑائی کے دوران ملزم محمد عارف نے سرعام گلی میں متاثرہ رضیہ بانو زوجہ دلدار حسین کو ڈنڈے سے انتہائی بے دردی سے تشدد کا نشانہ بنا ڈالا، ملزم کے تشدد سے خاتون کی حالت خراب ہوگئی جبکہ مدعیہ کی درخواست پر ملزم عارف کے خلاف بجرم 354 کے تحت مقدمہ درج ہوچکا ہے مگر ملزم با اثر ہونے پر متاثرہ خاتون کو دھمکیاں دے رہا اور متاثرہ نے بتایا ہمیں جان کا خطرہ ہے ملزم کو گرفتار کر کے سزا دی جائے۔

14 سالہ نابالغ بچی اغوا کرلی گئی باپ اور بہنوں کی دہائیاں

انصاف دلایا جائے والد اصغر انصاف کے لیے سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد پہنچ گئے

سٹی پریس کلب مصطفی آباد

مصطفی آباد (نامہ نگار) 14 سالہ نبیلہ اصغر نابالغ بچی کو نازیہ اور خورشید بی بی نے مبینہ طور پر اغواء کیا ہے والد حکیم اصغر انصاف کے اصول کے لیے والد حکیم اصغر دونوں بیٹیوں شائلہ اور شکیلہ بی بی کے ہمراہ سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد پہنچ گیا انہوں نے میڈیا کے سامنے رو رو کر احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے ہم مصطفی آباد محلہ باغیچی کے رہائشی ہیں بیٹی شکیلہ ہم تین بہنیں ہے والدہ وفات پا چکی ہے ضعیف العمر باپ ہے ہم دونوں بہنوں کی شادیاں ہو چکی ہے چھوٹی بہن نبیلہ کی عمر 14 سال تھی وہ ضعیف العمر باپ کی کفالت میں تھی ہماری بہن نبیلہ گھر سے سودا سلف لینے کے لیے گئی کے راستے میں خورشید بی بی اور نازیہ بی بی نے مبینہ طور پر اغوا کر کے ساتھ لے گئی 27 دن گزرنے کے باوجود انصاف کے لیے دربدر کے دھکے کھا رہے ہے ہماری کہی بھی شنوائی نہیں ہو رہی ہماری بچی تاحال نہیں ملی خدارا ہمارا انصاف کریں والد حکیم اصغر کی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب اور آر پی او شیخوپورہ سے انصاف کی اپیل۔

قبضہ محکمہ مال کی چشم پوشی: چک نمبر 151 / ای بی میں قبضہ مافیا کا دھاوا سکول تالاب اور گراؤنڈ کی جگہ پر قبضہ

عارفوالا (نامہ نگار) عارفوالہ کے نواحی گاؤں چک نمبر 151 / ای بی میں قبضہ مافیا کا دھاوا سکول تالاب اور گراؤنڈ کی جگہ قبضہ محکمہ مال کی چشم پوشی سرکاری اراضی سکول تالاب اور گراؤنڈ کی جگہ پر سرکاری سرپرستی میں احمد یار ولد غلام محمد صفدر ولد انصر منشاء ولد قاسم علی جوئیہ اور ان کے دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر مٹی ڈال کر چاردیواری شروع کر رکھی ہے جبکہ محکمہ مال ابھی تک رپورٹ رپورٹ کھیل رہا ہے کمشنر ساہیوال اور ڈی سی پاکپتن سے اہل علاقہ کو اچھے کی توقع ہے۔

حافظ آباد میں اوباش ملزمان نے اخبار فروش کے بیٹے کو ظالمانہ تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں اوباش ملزمان نے اخبار فروش کے بیٹے کو ظالمانہ تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ تفصیلات کے مطابق مقامی اخبار فروش گلزار احمد سکنہ محلہ بہاولپور کا بیٹا محمد اسامہ کسوکی روڈ پر کھڑا تھا کہ اچانک 7 سے زائد اوباش ملزمان سجاد الحق، ابرار الحق، شہزاد یعقوب، فاروق، تیمور وغیرہ نے اسے ڈنڈے سوٹوں اور بوتلوں سے تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے لہولہان اور ادھ موا کر دیا جس پر اخبار فروش بیٹے کو شدید زخمی حالت میں لیکر میڈیکل کروانے ہسپتال پہنچا تو ملزمان مشتعل ہو کر اسکے گھر داخل ہو گئے جہاں انہوں نے چادر چاردیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے اہل خانہ کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا اور فرار ہو گئے۔ پولیس تھانہ سٹی نے سات سے زائد ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر لیا۔

نارنگ منڈی کچے کا ڈاکوؤں کا علاقہ بن گیا پولیس سیاسی کارکنوں کے گھروں پر چھاپے مارنے میں مصروف

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) نارنگ منڈی کچے کا ڈاکوؤں کا علاقہ بن گیا پولیس سیاسی کارکنوں کے گھروں پر چھاپے مارنے میں مصروف کار سوار چور ایک ہی رات میں 4 دوکانوں کا صفایا کر گئے 24 گھنٹوں میں درجن سے زائد وارداتیں شہریوں کا احتجاج پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان لگ گیا نارنگ منڈی شہر میں کار سوار چار ڈاکو شہر کے مختلف علاقوں میں دوکانوں کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے نقدی لے گئے سوداگر پورہ میں نامعلوم چور تیلی نار ٹاور سے 8 لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری کر کے لے گئے پنڈوری کے قریب ڈاکوؤں نے عمرہ کی ادائیگی سے وطن واپس آنے والی نارووال کی رہائشی فیملی کو لوٹ لیا ڈیڑھ لاکھ روپے کے موبائل فونز اور 80 ہزار روپے نقدی چھین لی گھڑیال کے رہائشی سیف علی وغیرہ خرید وفروخت کر کے گاؤں جا رہے تھے 125 پر سوار ڈاکوؤں نے ہزاروں روپے نقدی موبائل فونز کپڑے اور تین کلو مٹھائی بھی چھین لی مختلف واقعات میں لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری ہو گیا چوری اور ڈکیتی کی درجنوں وارداتوں نے اہل علاقہ کو ذہنی مریض بنا دیا ہے اہل علاقہ نے پولیس حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

تھانہ محمد والا پولیس: بوگس کال کرنے والے کالر کو دھر لیا گیا

مبشر اقبال نے لوگوں کے پیسے دینے تھے اور اس سے بچنے کیلئے واردات کی جھوٹی کال کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ محمد والا پولیس نے پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر بوگس کال کرنے والے کالر کو دھر لیا۔ پولیس کو ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر تھانہ محمد والا کے علاقہ موضع ولہ میں دوران واردات پانچ لاکھ روپے سے زائد نقدی چھن جانے کی اطلاع موصول ہوئی۔ اطلاع ملتے ہی تھانہ محمد والا پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ تھانہ محمد والا پولیس نے واردات سے متعلق موقع پر تحقیق کی۔ پولیس تحقیق میں موقع پر واردات ہونے کے کسی قسم کے شواہد نہ ملے۔ کالر مبشر اقبال نے لوگوں کے پیسے دینے تھے اور اس سے بچنے کیلئے واردات کی جھوٹی کال کی۔ واردات کی جھوٹی کال کرنے پر ملزم مبشر اقبال کیخلاف تھانہ محمد والا میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو حراست میں لے لیا

تھانہ روشن والا: ڈاکوؤں کی پولیس پر فائرنگ، زخمی ڈاکو پولیس حراست میں

پولیس نے ملزمان کے زیرِ استعمال چار موٹر سائیکلوں کو بھی قبضہ پولیس میں لے لیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) تھانہ روشن والا کے علاقہ میں پولیس مقابلے کا معاملہ۔ 15 پر پر کال موصول ہوئی کہ ظہیر نامی شخص کے گھر 8/7 ڈاکوؤں نے واردات کی اور قریبی فصلوں میں جا کر چھپ گئے ہیں۔ اطلاع موصول ہوتے ہی پولیس اور ایلیٹ فورس نے ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے علاقے کا سرچ آپریشن شروع کر دیا اور ضلع بھر میں ناکہ بندی کر دی۔ دوران ناکہ بندی سمندری روڈ پر چار موٹر سائیکلوں پر سوار آٹھ مرد اور چار عورتیں پولیس پارٹی کو دیکھ کر موٹر سائیکلز پھینک کر فصل چری میں چھپ گئے۔ پولیس پر سیدھی جان لیوا فائرنگ کرنی شروع کر دی پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی۔ پولیس نے ملزمان کو گرفتاری دینے کا کہا ملزمان پولیس پر فائرنگ کرتے رہے۔ فائرنگ کا سلسلہ رکنے کے بعد محتاط انداز میں جا کر چیک کیا تو ایک کس ملزم زخمی حالت میں پایا گیا جو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوا۔ بعد از زخمی ملزم کی شناخت عبدالرزاق کے نام سے ہوئی۔ پولیس نے ملزمان کے زیرِ استعمال چار موٹر سائیکلوں کو بھی قبضہ پولیس میں لے لیا۔ فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے ریڈ کیے جا رہے ہیں جنہیں جلد ہی گرفتار کر لیا جائے گا پولیس کا موقف۔

تھانہ رضا آباد: پولیس مقابلہ: ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ڈاکو نعمان جاں بحق

سی پی او فیصل آباد کامران عادل کی طرف سے پولیس پارٹی کو شاباش، سرٹیفکیٹ، نقد انعام کا اعلان

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) تھانہ رضا آباد کے علاقہ میں پولیس مقابلے کا معاملہ۔ پولیس نے دوران ناکہ بندی تین کس افراد کو مشکوک جان کر رکنے کا اشارہ کیا تو نامعلوم ملزمان پولیس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ اطلاع موصول ہوتے ہی ایس ایچ او رضا آباد نے بھی پولیس نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر ملزمان کا تعاقب شروع کر دیا۔ پولیس تعاقب کرنے پر ملزمان فصل چری میں چھپ گئے اور پولیس پر سیدھی جان لیوا فائرنگ کرتے رہے۔ پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی۔ کچھ دیر بعد فائرنگ کا سلسلہ رکنے کے بعد محتاط انداز میں جا کر چیک کیا تو 1 کس ملزم زخمی حالت میں پایا گیا جو کہ اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوا۔ بعد از دریافت زخمی ملزم کی شناخت نعمان کے نام سے ہوئی۔ ملزم نعمان کو برائے علاج معالجہ ہسپتال منتقل کیا گیا جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال میں جاں بحق ہو گیا۔ ملزم نعمان نے کچھ دن قبل دوران ڈکیتی انس گلفام نامی نوجوان کو قتل کر دیا تھا۔ فرار ملزمان کی تلاش کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے جلد ہی ملزمان کو گرفتار کر لیا جائے گا۔ سی پی او فیصل آباد کامران عادل کی طرف سے بہادری کا مظاہرہ کرنے والی پولیس پارٹی کو شاباش دی گئی۔ سرٹیفیکیٹس اور نقد انعام کا اعلان۔

کیپٹن (ر) بلال افتخار نے ڈی پی او جھنگ کے عہدے کا چارج سنبھال لیا

پولیس کے چاک وچوبند دستے نے سلامی دی پولیس افسران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا، ایس پی انویسٹی گیشن نے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) کیپٹن (ر) بلال افتخار نے ڈی پی او جھنگ کے عہدے کا چارج سنبھال لیا دفتر پہنچنے پر پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی دی پولیس افسران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ نے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا ڈی پی او بلال افتخار نے ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ، ڈی ایس پی سٹی سرکل چوہدری غضنفر علی گجر و دیگر پولیس افسران کیساتھ تعارفی ملاقات بھی کی دوران ملاقات انہوں نے فورس کیلئے ایک ہی پیغام دیا کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے گا کریمنلز کیساتھ نبرد آزمائی میں جرات مند، محنتی اور پروفیشنل پولیس افسران میری ٹیم کا حصہ رہیں گے، پولیس کے وقار اور بددیانتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔

ڈیوٹی سے گھر جاتے ہوئے جونیئر سیکیورٹی اسسٹنٹ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ

وزیرآباد (نامہ نگار) ڈیوٹی سے گھر جاتے ہوئے جونیئر سیکیورٹی اسسٹنٹ پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ موضع ملکوالہ ضلع گجرات کا رہائشی عمیر طارق پنجاب اسمبلی لاہور میں جونیئر سیکیورٹی اسسٹنٹ کے طور پر ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے گزشتہ روز عمیر ڈیوٹی سے فارغ ہو کر ہنڈا 125 موٹر سائیکل نمبری LER-17B/2780 پر گھر جا رہا تھا کہ جی ٹی روڈ دریائے چناب پر پہنچا تو نامعلوم ملزمان نے آتشیں اسلحہ سے فائرنگ کر دی جسکے نتیجہ میں عمیر طارق شدید زخمی ہو گیا اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔ تھانہ صدر وزیرآباد کو اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقہ کو گھیرے میں لے لیا۔ گوجرانوالہ سے سینئر افسران بھی جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ نعش کو ریسکیو 1122 کی ایمبولینس نے ہسپتال منتقل کر دیا۔ مقتول عمیر طارق کے والد محمد طارق کی تحریری درخواست پر تھانہ صدر پولیس نے مقدمہ درج کر کے کاروائی شروع کر دی۔ مقتول عمیر طارق پانچ بہنوں کا اکلوتا بھائی تھا اور 28 اگست کو اسکی شادی تھی۔ مقتول کا والد محمد طارق صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کا ڈرائیور ہے۔

شیخوپورہ: ضلع میں ڈکیتی چوری وراہزنی کی وارداتوں میں اضافہ

پولیس جرائم کی وارداتوں کو روکنے کی خاطر مربوط اقدامات اٹھانے سے قاصر

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ضلع میں ڈکیتی چوری وراہزنی کی وارداتوں میں اضافہ سے شہری شدید خوف کا شکار ہیں جبکہ پولیس جرائم کی وارداتوں کو روکنے کی خاطر مربوط اقدامات اٹھانے سے قاصر ہے ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی طرف سے کرائم کنٹرول کیلئے تھانوں کی پولیس کو جاری کی گئی ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے پر شہریوں نے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے شہریوں کے مطابق پولیس کو تمام وسائل فراہم کئے گئے ہیں جس کے باوجود ضلع پولیس اپنے فرائض کی انجام دہی یقینی بنانے کو تیار نہیں شہریوں کو جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے جس کا ڈی پی او بلال ظفر شیخ کو نوٹس لیتے ہوئے تھانہ جات کی پولیس کی کارکردگی کو مانیٹر کرنا ہوگا اور نااہلی ومجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کرنے والے افسران و ملازمین کے خلاف محکمانہ کاروائیاں سرانجام دینا ہوں گی۔

فیصل آباد: سابق رنجش پر 40 سالہ شخص تیز دھار آلے سے قتل

مقتول کی اہلیہ نائلہ بی بی کی تحریری رپورٹ پر پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) فیصل آباد روڈ کی آبادی فیروزوٹواں میں ملزمان جاوید، ساجدہ بی بی اور عرفان وغیرہ نے سابقہ رنجش کی بنا پر 40 سالہ شخص خالد کو رسیوں سے باندھنے کے بعد شہ رگ کو تیز دھار آلہ سے کاٹ کر قتل کر دیا اور فرار ہو گئے، مقتول کی اہلیہ نائلہ بی بی کی تحریری رپورٹ پر بھکھی پولیس نے مذکورہ ملزمان کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر کے لاش کو مردہ خانہ منتقل کر دیا ہے تاہم کسی بھی ملزم کی گرفتاری عمل میں نہ لائی جاسکی ہے مقدمہ مدعیہ کے مطابق میں گھر میں موجود تھی میری موجودگی میں گھر میں مہمان زبیر اور منیر ملنے کے لیے آئے ہوئے تھے اسی دوران میری جٹھانی ساجدہ بی بی، عرفان اور 1 کس نامعلوم بھی گھر میں مہمانوں کے طور پر آئے جن کی خدمت تواضع کی زبیر کام پر چلا گیا، منیر احمد کے ساتھ مرید کے میکے چلی گئی، رات کو فون کال پر شوہر کی خیریت دریافت کی جس نے کہا کہ مہمانوں کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے صبح زبیر نے فون پر کال کر کے بتایا کہ خالد ڈیوٹی پر نہ آیا ہے اور اسکا فون بھی بند ہے ہم نے ہمسایوں سے پتہ جوئی کی جنہوں نے بتایا کہ پنکھا چل رہا ہے اور گھر پر تالا لگا ہوا ہے زبیر فیکٹری سے گھر پہنچا اور گھر پر تالا لگا دیکھ کر اسے تشویش ہوئی تالا توڑ کر کمرے میں دیکھا گیا تو خالد کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے بندھے ہوئے تھے جس کی شہ رگ تیز دھار آلہ سے کاٹ کر بیداری سے قتل کیا گیا، جب عرفان سے پوچھا تو اس نے کہا کہ ہم نے اپنی بہن کا بدلہ لے لیا ہے 16 سال قبل ملزم کی بہن ساجدہ بی بی جو حاملہ تھی اور میرے شوہر کو مجبور کر رہے تھے کہ وہ اس ناجائز بچے کو اپنا بچہ مان لیں انکار کرنے کی رنجش ملزمان نے دل میں رکھی اور میرے شوہر کو قتل کر کے ملزمان فرار ہو گئے ایس ایچ او مہر رب نواز نے مقدمہ مدعیہ کی درخواست پر ملزمان کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مار رہی ہے

ٹریفک کے مختلف حادثات میں چار خواتین سمیت انیس افراد شدید زخمی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں چار خواتین سمیت انیس افراد شدید زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق چنیوٹ بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب ایمرجنسی سروس نے 18 روڈ ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کرتے ہوئے 23 زخمی افراد کو ریسکیو کیا۔ زخمی مردوں کی تعداد 19 جبکہ خواتین کی تعداد 4 ہے۔ ان 23 زخمی افراد میں سے 13 افراد شدید جبکہ 10 افراد معمولی زخمی ہوئے۔

”قوت“ کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

اشتہار شور وغوغا



سرکار بذریعہ: توقیر ثقلین Si تھانہ گڑھی شاہو لاہور بحوالہ رپٹ
مورخہ 24-8-17 تھانہ گڑھی شاہو لاہور

جناب عالی گزارش ہے کہ مورخہ 24-8-17 کو علامہ اقبال روڈ فٹ پاتھ کے ساتھ ایکسڈینٹ ہوئی ایک نعش اسم مسکن نامعلوم ملی ہے جس کی عمر تقریباً 60 سال قد قریب "8-5 چہرہ لمبوترا چہرے پر سفید داڑھی برنگ گندمی دائیں آنکھ شدید زخمی مردہ حالت میں ملا ہے تلاش ورثاء مطلوب ہے اگر کسی کو اس کے بارے میں علم ہو تو ذیل نمبروں پر رابطہ کریں۔

شمس تبریز Si/INV انچارج انویسٹی گیشن تھانہ گڑھی شاہو لاہور 03067070498
توقیر ثقلین Si/INV 033479734687
سبطین رضا محرر INV 03219429535

عاق نامہ

میں اپنے پسران عمران حیدر، نوازش علی کو بوجہ نافرمانی غلط چال چلن اپنی منقولہ، غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ آئندہ میں ان کے کسی قول، فعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا ان سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔

المشتہر: غلام حیدر ولد منظور علی ذات گوندل سکنہ دیووال تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

بقیہ بقیہ جات 1

بنانا ہوگا، کسی کو جرم کرنے کی جرات نہ ہو۔ کسی روڈ پر ڈکیتی اور جرائم کی صورت میں متعلقہ پولیس افسران ذمہ دار ہوں گے۔ مریم نواز شریف نے ہدایت کی کہ عورتیں اور بچے ریڈ لائن ہیں، ان کے خلاف جرائم کو ہرصورت روکا جائے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں پولیس افسران کی کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ پولیس افسروں کی کارکردگی جانچنے کے لئے مقررہ اشاریے (کے پی آئی) کا جائزہ بھی لیا گیا۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب، چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان، ہوم سیکرٹری نورالامین مینگل، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 2

درخواست کی تھی۔ 193 رکنی اسمبلی کے 79ویں اجلاس کی اعلیٰ سطحی بحث 24 سے 30 ستمبر تک ہو گی۔ یہ دوسرا موقع ہوگا جب وزیر اعظم شریف اقوام متحدہ کے اہم پالیسی ساز ادارے جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ انہوں نے گذشتہ خطاب 2022 میں کیا تھا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی ترجمان مونیکا گریلے کے مطابق، اب تک 130 سے زائد عالمی رہنماؤں نے آئندہ ہونے والی اس بحث میں شرکت کی تصدیق کی ہے۔ وہ بین الاقوامی امن اور سلامتی کے مسائل پر بات کریں گے۔ اقوام متحدہ کی طرف سے جاری کردہ مقررین کی عبوری فہرست حتمی نہیں ہے۔ اقوام متحدہ اسے سیشن سے پہلے کے ہفتوں میں باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کرتا ہے تاکہ اس شیڈول کو لیڈروں، وزراء اور سفیروں کی حاضری، نظام الاوقات، اور بولنے کے مقامات میں کسی قسم کی تبدیلی کے مطابق بنایا جا سکے۔ اسمبلی کا 79 واں اجلاس، جو دراصل 10 ستمبر کو شروع ہو رہا ہے، یہ اجلاس اس وقت ہو رہا جبکہ فلسطین، یوکرین اور سوڈان سمیت کئی فعال تنازعات کے ساتھ دنیا میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ لیکن اسمبلی کے بھاری ایجنڈے کا مقصد ایک نئے عالمی ترقی کے ایسے فریم ورک کی تشکیل بھی طے کرنا ہے جو کرہ ارض کی حفاظت کرتا اور تمام لوگوں کے لیے مساوات، انصاف اور خوشحالی کو فروغ دیتا ہو۔ برازیل، جو روایتی طور پر بحث کا آغاز کرتا ہے، 24 ستمبر کو اعلیٰ سطحی سربراہی اجلاس کا آغاز کرے گا۔ اس کے بعد میزبان ملک امریکہ کے صدر جو بائیڈن اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے مشہور ہالیس میں عالمی رہنماؤں سے اپنی صدارت کا آخری خطاب کریں گے۔ سیشن سے پہلے، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس پچھلے سال کے ادارہ کی طرف سے کئے جانے والے کام پر اپنی رپورٹ پیش کریں گے۔ اقوام متحدہ نے سربراہی اجلاس کو ایک اعلیٰ سطحی تقریب کے طور پر بیان کیا ہے جس کا مقصد ایک بہتر حال فراہم کرنے اور مستقبل کے تحفظ کیلئے ایک نیا بین الاقوامی اتفاق رائے پیدا کرنا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق موثر عالمی تعاون ہماری بقا کیلئے بہت اہم ہے لیکن پرانے ڈھانچے کا استعمال کرتے ہوئے بداعتمادی کی فضا میں اسے حاصل کرنا مشکل ہے، جو آج کے سیاسی اور اقتصادی حقائق کی عکاسی نہیں کرتے۔ اقوام متحدہ کے مطابق طے شدہ دیگر اہم اجلاسوں میں سطح سمندر میں اضافے سے پیدا ہونے والے وجودی خطرات سے نمٹنے کیلئے اعلیٰ سطحی مکمل اجلاس بدھ 25 ستمبر، جوہری ہتھیاروں کے مکمل خاتمے کے عالمی دن کو یاد رکھنے اور اسے فروغ دینے کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات 26 ستمبر اور اینٹی مائکروبیل مزاحمت پر اعلیٰ سطحی اجلاس جمعرات 26 ستمبر کو ہونا شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 3

چوک پر کنٹینرز کھڑے کر کے راستہ بند کر دیا گیا، ریڈ زون میں داخلے کیلئے صرف مارگلہ ایونیو کھلا رکھا گیا جس کا کسی کو پتہ کم ہی تھا۔ دوسری جانب اسلام آباد جانے کے لیے موٹروے کلر کہار انٹرچینج سے مکمل بند کردی گئی جبکہ راوی ٹال پلازہ سے موٹروے کو لاہور سے اسلام آباد جانیوالی ٹریفک کے لئے بند کردیا گیا۔ اس کے علاوہ ڈبل روڈ اور 26 نمبر چورنگی کو بھی پولیس نے مکمل سیل کردیا جس کے باعث راستوں کی بندش کے باعث گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ راولپنڈی اور اسلام آباد میں میٹرو بس سروس بھی معطل ہے جبکہ فراہم کردہ متبادل راستوں پر راولپنڈی پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر راولپنڈی میں 24 اگست تک دفعہ 144 نافذ ہے اور انتظامیہ نے شہر میں جلسے، جلوس، ریلیوں اور مظاہروں پر پابندی عائد کر رکھی ہے۔ واضح رہے کہ اسلام آباد انتظامیہ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو جلسے کے لیے جاری کردہ این او سی بھی منسوخ کردیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

کہنا ہے کہ ملاقات کے دوران آرمی چیف نے موجودہ سکیورٹی چیلنجز کے تناظر میں تعلیم، مثبت سوچ کی اہمیت پر روشنی ڈالی، پاکستان کے وسیع پوٹینشل پر بھی اظہار خیال کیا اور کہا کہ وفد کے شرکاء ذاتی تجربات کی روشنی میں اپنی رائے قائم کریں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں علاقائی امن و استحکام کو فروغ دینے میں پاکستان کے اہم کردار پر گفتگو ہوئی، دہشتگردی کے خلاف اقدامات اور جمہوری اقدار کے فروغ کے عزم کے حوالے سے بھی آگاہی دی گئی، آرمی چیف نے عصر حاضر کے سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تعلیم اور تعمیری سوچ پر زور دیا۔ آرمی چیف نے پاکستان میں موجود مواقعوں کے حوالے سے متعلق بھی بات چیت کی، آرمی چیف نے کہا کہ ڈیجیٹل دنیا میں جعلی خبروں اور غلط معلومات سے خطرات لاحق ہیں، انہوں نے طلبہ کو تعمیری سوچ کے ساتھ صورتحال کا جائزہ لینے پر زور دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ہاورڈ بزنس سکول کے طلبہ نے تعمیری بات چیت پر آرمی چیف کا شکریہ ادا کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہاورڈ یونیورسٹی کے طلبہ کی ملاقات 20 اگست کو مختلف طلبہ سے رابطوں کے سلسلے کی ایک کڑی ہے، ملاقاتوں کا مقصد نوجوان نسل کو صورتحال سے آگاہی دینا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

سے عوام کے روزمرہ معمولات میں خلل نہیں پڑنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پہلی ذمہ داری ہے، عوام کے جان و مال کے لئے قانون کی عملداری کو یقینی بنایا جائے گا۔ محسن نقوی کا مزید کہنا تھا کہ قانون ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف قانون حرکت میں آئے گا۔

بقیہ بقیہ جات 6

جا رہا ہوں۔ اپنے بیان میں کونزیڈ ٹریبل کا کہنا تھا کہ کراچی کی موسیقی، کھانے اور خوشبو سب کچھ شاندار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی اور پاکستانی عوام کو قریب لانے کی کوشش کی، کراچی کے ذائقے دار کھانوں کو کبھی نہیں بھول سکتا۔ کونزیڈ ٹریبل نے مزید کہا کہ پرامید ہوں امریکا اور پاکستان میں مزید قربتیں بڑھیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 7

گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اپنی اجتماعی کاوشوں اور ٹیم ورک سے ایک دن ہم ملک کو درپیش چیلنجوں سے نبرد آزما ہوتے ہوئے اپنی منزل ضرور حاصل کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایف بی آر میں بڑے پیمانے پر اصلاحات کا عمل جاری ہے جس کی میں ذاتی طور پر نگرانی کر رہا ہوں اس کیلئے بل ملنڈا اینڈ گیٹس فاؤنڈیشن اور کاراندازکا مالی تعاون حاصل ہے اس کے ساتھ ساتھ ہمیں دوسرا چیلنج توانائی کے شعبے میں درپیش ہے، اس سے ہم نمٹ رہے ہیں اور آئندہ چند ماہ میں اس کے نتائج سامنے آنا شروع ہو جائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ جلد ہوم گراؤنڈ اکنامک پروگرام کا اعلان کرنے جا رہے ہیں۔ اس ضمن میں تمام فریقین سے گزشتہ کئی ماہ سے مشاورت کا سلسلہ جاری ہے، اب اس پروگرام کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ یہ ہمارا آئندہ 5 سال کا پروگرام ہوگا کہ کس طرح ہم نے اپنی معیشت، زراعت، آئی ٹی اور دیگر شعبہ جات میں بہتری لانی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈیجیٹل نظام راست کو عرب مانیٹری فنڈ کے تحت بونا سے جوڑا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری قوم بہت بہادر اور مضبوط ہے۔ ہمارے عوام بھرپور صلاحیتوں اور توانائیوں سے مالا مال ہے۔ ہم نے ماضی کی طرح وقت ضائع نہیں کرنا بلکہ اس ملک کو عظیم بنانا ہے۔ اس کے لئے صرف اور صرف محنت ہمارا عزم ہے۔ اس موقع پر بل اینڈ ملنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کی صدر ڈاکٹر اعجاز زیدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری فاؤنڈیشن کا یہ عزم ہے کہ دنیا میں ہر ایک صحت مند اور ثمر آور زندگی بسر کر سکے۔ ہم ساؤتھ ایشیا سمیت دنیا بھر میں عوام کی زندگی اور انہیں روزگار کی فراہمی کے لئے تنظیموں اور حکومتوں کے ساتھ شراکت داری پر فخر کرتے ہیں۔ بونا راست کنیکٹیوٹی منصوبے سے سب سے زیادہ خواتین مستفید ہوں گی۔ روایتی چینل سے رقوم کی منتقلی محفوظ اور باآسانی ہو سکے گی۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنے خاندانوں کو بحفاظت رقم منتقل کر سکتے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب نے کہا کہ بونا راست منصوبہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ وزیراعظم کی قیادت میں معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے۔ ملک میں میکرو استحکام آرہا ہے۔ پاکستانی روپے کی قدر مستحکم ہو رہی ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ ہمارا ڈیجیٹل اکانومی کی طرف بڑھنا خوش آئند ہے۔ توانائی کے شعبے اور ٹیکس نظام میں اصلاحات کیلئے پرعزم ہیں۔ بونا راست سے بیرون ملک مقیم افراد اپنے پیاروں کو باآسانی رقم منتقل کر سکیں گے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے بونا راست کنیکٹیوٹی منصوبے کے نفاذ میں کردار اور افتتاحی تقریب میں شرکت پر چیئرپرسن عرب مانیٹری فنڈ ڈاکٹر فہد الترکی، گورنر سٹیٹ بینک پاکستان جمیل احمد، ڈاکٹر اعجاز زیدی، وقاص احسن کو شیلڈ پیش کیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

دیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ میں کوئی غلطی سے بالاتر نہیں ہوں، ہمارا ملک اسلامی ریاست ہے، اس لئے عدالتی فیصلوں میں قرآن و حدیث کے حوالے دیتے ہیں، میری ہر نماز کے بعد ایک ہی دعا ہوتی ہے کہ کوئی غلط فیصلہ نہ ہو، عدالتی فیصلے میں جو غلطیاں اور اعتراض ہیں ہمیں ان کی نشاندہی کریں۔ اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ اب ہمیں آگے کی طرف دیکھنا چاہیے، معاملہ مذہبی ہے تو علمائے کرام کو سن لیا جائے، مبارک ثانی کیس کی نظر ثانی میں جب آپ نے فیصلہ دیا تو پارلیمنٹ اور علماء کرام نے وفاقی حکومت سے رابطہ کیا، کہا گیا کہ حکومت کے ذریعے سپریم کورٹ سے رجوع کیا جائے۔ سپریم کورٹ نے عدالت میں موجود مولانا فضل الرحمان، مفتی شیر محمد اور دیگر موجود علماء سے معاونت لینے کا فیصلہ کیا، ابو الخیر محمد زبیر، جماعت اسلامی کے فرید پراچہ بھی عدالت کی معاونت کریں گے۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ ہم نے مفتی تقی عثمانی سے بھی معاونت کا کہا تھا وہ ترکیہ میں ہیں، ہم نے مفتی منیب الرحمان کو آنے کی زحمت دی وہ نہیں آئے، اس پر مفتی منیب کے نمائندے نے کہا کہ مجھے مفتی منیب الرحمان نے بھیجا ہے۔ دوران سماعت علامہ تقی عثمانی نے ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت کی معاونت کرتے ہوئے 29 مئی کے فیصلے سے دو پیراگراف حذف کرنے کا مطالبہ کیا، انہوں نے کہا کہ فیصلے کے پیراگراف 7 اور 42 کو حذف کردیا جائے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ تقی عثمانی صاحب سے معذرت چاہتا ہوں، وضاحت کرنا چاہتا ہوں جنہیں نوٹس کیا تھا ان کی جانب سے ہمیں بہت سارے دستاویزات ملے، اگر ان سب کا بغور جائزہ لیتے تو شاید فیصلے کی پوری کتاب بن جاتی، ان تمام دستاویزات کو دیکھ نہیں سکا وہ میری کوتاہی ہے، عدالتی فیصلے میں جو غلطیاں اور اعتراض ہیں ہمیں نشاندہی کریں، اگر کوئی بات سمجھ نہیں آئی تو ہم سوال کریں گے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہمارا ملک اسلامی ریاست ہے اس لیے عدالتی فیصلوں میں قرآن وحدیث کے حوالے دیتے ہیں، میں غلطی سے بالاتر نہیں ہوں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ 6 فروری کا فیصلہ نظر ثانی کے بعد پیچھے رہ گیا ہے، اب ہمیں آگے کی طرف دیکھنا چاہیے، میرا موقف ہے کہ ہم امریکا، برطانیہ کی مثالیں دیتے ہیں اپنی کیوں نہ دیں؟ کوئی میٹرک کا امتحان نہ دے تو فیل ہونے کا خطرہ بھی نہیں ہوتا۔ یاد رہے کہ 6 فروری کو چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے بنچ نے مبارک ثانی کی سزا کو کالعدم قرار دے دیا تھا، جس پر 2019ء میں پنجاب قرآن (پرنٹنگ اینڈ ریکارڈنگ) (ترمیمی) ایکٹ کے تحت ایک جرم کرنے کا الزام تھا۔ اس فیصلے کو بعد میں پنجاب حکومت نے اس بنیاد پر چیلنج کیا کہ آئین کے آرٹیکل 20 سے متعلق آرڈر کے پیراگراف 9 میں ترمیم کی ضرورت ہے کیونکہ شہریوں کے حقوق جیسا کہ اس شق کے تحت تصور کیا گیا ہے مطلق نہیں بلکہ قانون، امن عامہ اور اخلاقیات کے تابع تھے۔

بقیہ بقیہ جات 9

ونگ نے اوریا مقبول جان کو ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی (ڈی ایچ اے) فیز 6 میں ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا۔ ایف آئی اے نے اوریا مقبول جان کے خلاف مقدمہ بھی درج کر لیا، سابق بیوروکریٹ کے خلاف مذہبی منافرت اور اداروں کے خلاف منافرت پھیلانے کا مقدمہ درج کیا گیا جبکہ مقدمہ سائبر ٹیررازم ایکٹ کی دفعات کے تحت درج کیا گیا ہے۔ اوریا مقبول جان کے وکیل اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اوریا مقبول کو گلبرگ سائبر کرائم کے آفس میں رکھا گیا ہے، اوریا مقبول جان کو سوشل میڈیا پوسٹ کرنے پر حراست میں لیا گیا ہے، اوریا مقبول جان مبارک ثانی کیس سے متعلق بات کر رہے تھے۔ اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے مزید بتایا کہ ہمیں ایف آئی ار کی تفصیلات نہیں بتائی جا رہی ہیں، اوریا مقبول جان کو جوڈیشل مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ اس سے قبل 28 جنوری 2024 کو چیف جسٹس آف پاکستان اور ریاستی اداروں کے خلاف غلط معلومات اور منفی پروپیگنڈے کی تشہیر پر ایف آئی اے کی جانب سے اوریا مقبول جان سمیت 47 صحافیوں اور یوٹیوبرز کو نوٹس جاری کرتے ہوئے طلب کیا گیا تھا۔ یاد رہے کہ وزارت داخلہ نے ججز کے خلاف سوشل میڈیا پر جاری مہم کا نوٹس لیتے ہوئے اس کی روک تھام کے لیے جے آئی ٹی تشکیل دی تھی۔ یہ کمیٹی پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز (پیکا) ایکٹ 2016 کے سیکشن 30 (تفتیش کے اختیار سے متعلق) کے تحت تشکیل دی گئی تھی۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کی سربراہی میں قائم کی گئی 6 رکنی کمیٹی میں انٹر سروسز انٹیلی جنس، انٹیلی جنس بیورو، اسلام آباد پولیس کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے نمائندے اور کوئی ایک شریک رکن شامل ہیں۔ واضح رہے گزشتہ برس 13 مئی 2023 کو بھی لاہور پولیس نے اوریا مقبول جان کی رہائش گاہ پر چھاپا مار کر انہیں گرفتار کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 10

پروٹوکول استعمال کر رہے تھے، انہیں 4 پولیس اہلکار اور سرکاری گاڑی دی گئی تھی۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ اب جسٹس (ر) جاوید اقبال کے پروٹوکول پر تعینات نفری کو پولیس لائنز میں رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

کچھ بھی کر سکتے ہیں، ان کا اجتماع اسلام آباد ہو رہا ہے، اس انتشار کا الزام تحریک انصاف پر آنا تھا، شدت پسندوں کی مہم خطرناک ہوتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ پاکستان کو انتشار سے محفوظ رکھے آمین!۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے آج اسلام آباد میں ہونے والا جلسہ ملتوی کیا گیا ہے، پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی نے بیرسٹر گوہر کی موجودگی میں جلسہ ملتوی کرنے کا اعلان کیا، جلسہ بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر ملتوی کیا گیا، عمران خان کی ہدایت پر آج ہونے والا جلسہ اب 8 ستمبر کو ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 12

فائز عیسیٰ کے والد اور مفتی محمود کے بارے میں گفتگو کے متعلق سوال کے جواب میں کہا کہ آج قاضی فائز عیسیٰ نے مفتی محمود کے واقعے کا حوالے دیا جب وہ قاضی عیسیٰ کی تعزیت پر گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری روایات ہیں غم اور خوشی میں جانا ہوتا ہے، شخصیات کا احترام اور اختلاف کے باوجود بھی احترام، یہ ہماری اقدار ہے، بدقسمتی سے ہمارے معاشرے سے یہ روایات اور چیزیں ختم ہو رہی ہے۔ سربراہ جے یو آئی (ف) کا مزید کہنا تھا کہ اخلاقی اقدار کا معاشرے سے ختم ہونا غلط ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

ملک بنایا تھا، نوجوان ہی بچائیں گے، ملک میں آئی ٹی انقلاب لانے کیلئے سب نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے، ہماری آئی ٹی کی ایکسپورٹ میں 3 گناہ اضافہ ہوا، ملک میں پہلے ہر چیز پرنہ ہوتی ہے، ہم نے مایوسی کا مقابلہ کرنا ہے، ہمارے وزیراعظم نہ سوتے ہیں، نہ ہی سونے دیتے ہیں، جب ہم اپنے آئی ٹی سیکٹر، زراعت کے شعبے، ایجوکیشن فیلڈ، کھیلوں کے سیکٹر میں اپنی ترجیحات کو صحیح مواقع فراہم کریں گے تو 2030 میں جی 20 میں نظر آئیں گے۔ جمعرات کو وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے اسلام آباد میں تقریب سے خطاب میں کہا کہ ہماری 30 فیصد آبادی 30 سال سے کم ہے، یہ ملک جب بنا تھا تو تاریخ میں اگر آپ دیکھیں تو برصغیر 2 بڑی جدوجہد دیکھی گئیں، وہ تحریک میں نوجوانوں نے شروع کی تھی، جس میں نعرہ لگایا گیا تھا کہ بٹ کر رہے گا ہندوستان، بن کر رہے گا پاکستان۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ آج سرحد پار دیکھتے ہیں وہاں پر جو پالیسیاں اپنائی جا رہی ہیں، کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کیا گیا، جو مظالم گزشتہ کئی دہائیوں سے جاری ہیں، تاہم پھر بھی نعرہ لگا رہے ہیں کہ ہم پاکستانی ہیں، پاکستان ہمارا ہے، یہ کیا لگن ہے پاکستان سے، کہ کئی دہائیوں سے مظالم ڈھائے جا رہے ہیں

بقیہ بقیہ جات 14

کیخلاف درخواست دائر کردی گئی، اظہر صدیق ایڈووکیٹ کے توسط سے درخواست دائر کی گئی۔ درخواست میں کہا گیا کہ پنجاب حکومت نے تحریک انصاف کو جلسیسیروکنیکیلئے دفعہ ایک سو چوالیس لگائی، تین دن کیلئے لگائی دفعہ کا نفاذ سیاسی مقاصد کیلئے ہے۔ درخواست گزار کا کہنا تھا کہ دفعہ ایک سو چوالیس کا نفاذ آئین میں دیے گئے بنیادی حقوق کیمنافی ہے، استدعا ہے پنجاب میں دفعہ ایک سو چوالیس کے نفاذ کو کالعدم قرار دیا جائے۔ یاد رہے حکومت پنجاب نے صوبے میں تین روز کے لیے دفعہ ایک سو چوالیس نافذ کرتے ہوئے جلوس، ریلیوں اور دھرنوں پر پابندی عائد کر دی ہے، جس کا اطلاق آج یعنی بائیس اگست سے چوبیس اگست تک ہوگا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق امن وامان کے قیام، انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کے لیے دفعہ ایک سو چوالیس نافذ کی گئی ہے، پابندی کا اطلاق دہشت گردی کے خطرات کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ سکیورٹی خطرات کے پیش نظر کوئی بھی عوامی اجتماع دہشت گردوں کے لیے سافٹ ٹارگٹ ہو سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

عدالت میں پیش نہیں ہوا۔ یاد رہے کہ سرگودھا جیل سے رہائی پر عالیہ حمزہ کو گوجرانوالہ پولیس نے گرفتار کیا تھا۔ انہیں تھانہ کینٹ میں درج مقدمے میں ملزمہ نامزد کیا گیا تھا، ان پر 9 مئی حملوں کی سازش کا الزام تھا۔

بقیہ بقیہ جات 16

وگردونواح کی صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر کارکنوں کی ممکنہ گرفتاریوں سے بچنے اور دیگر معاملات پر گفتگو ہوئی، علی امین گنڈاپور نے تیاریوں کے بارے میں آگاہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 17

سماعت ہوئی۔ عدالت نے بریگیڈیئر (ر) محمود شاہ کو نوٹس جاری کر دیا۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ محمود شاہ نے درخواست گزار پر بے بنیاد الزامات لگائے ہیں، محمود شاہ نے الزام لگایا کہ درخواست گزار کے طالبان سے روابط ہیں، بے بنیاد الزامات سے درخواست گزار اور گنڈاپور قبیلے کی ساکھ کو نقصان پہنچا، عدالت بریگیڈیئر (ر) محمود شاہ کو طلب کر کے پوچھے کہ بے بنیاد بیان کیوں دیا، محمود شاہ کو لیگل نوٹس بھی بھیجا، کوئی جواب نہیں دیا۔ واضح رہے کہ رکن قومی اسمبلی فیصل امین گنڈاپور وزیر اعلی خیبر پختونخوا کے علی امین گنڈاپور کے بھائی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 18

پنجاب عظمیٰ بخاری کا اپنے ایک بیان میں کہنا تھا کہ جلسہ ہو رہا ہے جلسہ ملتوی ہو گیا ہے وہ آ رہا ہے وہ ایڈجسٹ ہو چکا ہے، تعمیری سیاست، تنقید برائے اصلاح جیسی جمہوری روایات سے انکا کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال سے فتنہ پارٹی جلسہ جلسہ اور احتجاج احتجاج کھیل رہی ہے، جو شرانگیزی آپ پریس کانفرنس اور سوشل میڈیا پر پھیلاتے وہی شرانگیزی جلسے میں پھیلانی تھی، سیاسی لوگ پر امن جدوجہد کرتے جبکہ غیر سیاسی لوگ عوام میں انتشار اور افراتفری پھیلانے کو جدوجہد کا نام دیتے ہیں۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ پاکستان کا نوجوان اڈیالہ جیل کے قیدی اور اس کے کوچ کی حقیقت جان چکا ہے، اڈیالہ جیل کا قیدی ملک سے مخلص ہے نہ قوم سے مخلص ہے، ڈیجیٹل دہشتگرد پر امن ہوتے ہیں نہ مہذب بلکہ شدت پسندی کا آخری درجہ ہوتے ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے مزید کہا کہ ڈیڑھ سال سے ہر سیاسی لیڈر اور اداروں کے سربراہان کے خلاف غلیظ ترین مہم چلانے والے کہتے ہیں، ہم پر امن لوگ ہیں، 200 سے زائد فوجی تنصیبات پر حملے کرنے والے شہداء کے مجسمے جلانے والے کس منہ سے کہتے ہم پر امن لوگ ہیں، نو مئی کی ناکام بغاوت کے ایک ایک کردار کو کٹہرے میں کھڑے کرنے کا وقت آ گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

طبیعت خراب ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ پائلٹ نے اے ٹی سی کراچی سے رابطہ کر کے ایمرجنسی لینڈنگ کی اجازت طلب کی جس کے بعد ایئر ٹریفک کنٹرولر کی ہدایت پر پائلٹ نے سکھر سے طیارے کو کراچی موڑ لیا۔ ذرائع کے مطابق پرواز کیو آر 652 نے صبح سوا 8 بجے جناح ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی جس کے بعد میڈیکل ٹیم نے مسافر کا طبی معائنہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 20

ڈھیری کوٹ میں نامعلوم افراد کی جانب سے سکول وین پر فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں 2 بچے جاں بحق جبکہ 6 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ زخمی بچوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جن کی عمریں 10 سے 12 سال کے درمیان ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان موقع سے فرار ہوگئے، سکول وین ڈھیری کوٹ گاؤں سے بچوں کو لیکر سرخ گاؤں کے سکول جا رہی تھی۔ دوسری جانب وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سکول وین پر فائرنگ کا نوٹس لیتے ہوئے کمشنر راولپنڈی سے رپورٹ طلب کر لی اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے دو طالبات کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج و دکھ کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 21

اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہم معیشت کا پہیہ چلانے والے لوگ ہیں، ایک دن کی ہڑتال معیشت چلانے کیلئے ہے، کوئی حمایت نہ کرے تب بھی جماعت اسلامی ہڑتال کرے گی، یکم ستمبر سے عوام رابطہ مہم شروع کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم معیشت بند کرنے والے نہیں کھولنے والے ہیں، یہ سارے کام پہلے بھی ہوتے رہے ہیں، آگے بڑھنا ہے، ہڑتال کو بھرپور طریقے سے کامیاب کرنا ہے، سب لوگ اپنے اپنے اہداف طے کر لیں، یہ لمبی لڑائی ہے، یہ لڑائی ہم عوام کیلئے لڑ رہے ہیں، سب ہمارا ساتھ دیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اللہ نے چاہا تو بہت زیادہ فنڈ ملیں گے، لوگوں کو ریلیف دیں، عوام کو حق دو اور عوام کو فنڈ بھی ٹھیک سے دینا ہے، ہم ممبر سازی مہم بھی شروع کرنے جا رہے ہیں، پوری مہم کے دوران کوئی دیہات چھوٹنا نہیں چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ ہر گاؤں دیہات کے لوگوں کو نکالنا ہے، مارچ کرنا ہے، ایسا پروگرام تشکیل دیں کہ لوگ بس چلنا شروع کریں، ہمارا مارچ پورے پاکستان کے لوگوں کا مارچ ہونا چاہیے، اتنی قوت سے چلیں گے کہ مارچ کے دوران ان کو جھکنے پر مجبور کر دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ اجازت دیں گے تو ہم 15 دن بعد واپس آئیں گے اب ایسا نہیں چلے گا، ہم عوام کی طاقت سے چلیں گے، حکومت کو حق دینا پڑے گا۔

بقیہ بقیہ جات 22

کے مطابق پنجاب اسمبلی کا جونیئر سکیورٹی اسسٹنٹ عمیر طارق موٹر سائیکل پر گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم افراد نے مقتول کو وزیر آباد میں دریائے چناب کے قریب نشانہ بنایا۔ نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں پنجاب اسمبلی کا جونیئر سکیورٹی اسسٹنٹ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ مقتول عمیر طارق 5 بہنوں کا اکلوتا بھائی تھا، جس کا تعلق گجرات کے علاقہ ملکووال سے بتایا جاتا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واردات کے متعلق کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

پاکستان نے سفارت خانے میں مصروف دن گزارہ۔ انہوں نے سفارت خانے کے تمام شعبہ جات کے سربراہان اور افسران سے تفصیلی ملاقات کی۔ بعدازاں مختلف شعبوں کے سربراہان نے سفیر پاکستان کو اپنے دائرہ کار کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ علاوہ ازیں سفیر پاکستان نے امریکہ میں واقع پاکستان کے چاروں قونصلیٹ کے سربراہان سے بھی زوم کے ذریعے ملاقات کی اور مختلف امور پر بریفنگ حاصل کی۔ افسران سے بات چیت کرتے ہوئے سفیر پاکستان نے کہا کہ گذشتہ سات دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط پاک-امریکہ تعلقات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمہ جہتی پاک امریکہ تعلقات کا فروغ خصوصاً معاشی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنا اور عوامی روابط کا فروغ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ میں موجود پاکستانی کیمونٹی وطن عزیز کا بیش قیمت اثاثہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی کیمونٹی نے اپنی محنت اور لگن کے ذریعے نہ صرف اپنی منفرد شناخت قائم کی ہے بلکہ یہ پاک امریکہ تعلقات کی سب سے مضبوط کڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیمونٹی کی خدمت اور ان کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ہر ممکن کوشش کو یقینی بنایا جائے۔ افسران سے خطاب کرتے ہوئے سفیر پاکستان نے کہا کہ نتائج پر مبنی سفارتکاری کے لئے تمام تر توانائیاں بروئے کار لائی جائیں۔ واشنگٹن پہنچنے پر سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ اور ایمبیسی کے افسران نے ان کا ایئرپورٹ پر استقبال کیا۔

بقیہ بقیہ جات 24

میں لکھا کہ 14 اگست کی صبح 5 بجے جیل کالونی میں ہمارے گھر کی بیل بجائی گئی، دروازہ کھولنے پر معلوم ہوا 3 افراد ماسک پہنے باہر کھڑے تھے، ماسک پہنے تینوں افراد کالے رنگ کی گاڑی میں آئے تھے۔ ایف آئی آر کے متن میں لکھا کہ ماسک پہنے 3 نامعلوم افراد میرے شوہر کو ساتھ لے گئے، میرے بیٹے نے ماسک پہنے افراد کی ویڈیو بنائی اور پھر موبائل کو چھت کی طرف پھینک دیا۔ ایف آئی آر کے متن میں لکھا کہ ماسک پہنے لوگ میرے شوہر کو زبردستی ساتھ لے گئے اور 14 اگست سے تاحال میرے شوہر کے بارے کوئی معلومات نہیں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 25

پھر کے صحت سہولت کارڈ میں لاکھوں روپے کی بدعنوانی پر انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق سکین سٹیپلر کی اصل قیمت 2 ہزار روپے، سرکاری بل میں 21 ہزار 261 روپے درج، اپی ڈورل سیٹ کی اصل قیمت 5 ہزار 440، بل میں 23 ہزار روپے درج، آرٹیریل لائن کی اصل قیمت 36 سو روپے، بل میں 26 ہزار 5 سو روپے درج، ڈیٹرمک لیڈ جس کی اصل قیمت 3 سو پچاس روپے سرکار سے وصولی کے لئے 10 ہزار 165 روپے درج، خلیل فارمیسی کے اسی طرح کے ایک کروڑ روپے کے قریب بل وصولی کے لئے جمع کرائے گئے۔ زائد القیمت بل وصولی کے لئے جمع بل پر چیف فارماسسٹ کے دستخط بھی موجود ہیں۔ دوسری جانب پھر ترجمان نے اپنے ردعمل میں کہا کہ تمام قیمتیں قوانین کے مطابق لکھی جاتی ہیں، جو ادویات میسر نہیں ہوتی وہ ادویات پرنٹ شدہ قیمت پر خریدی جاتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

بنائیں۔ سابق وزیراعظم ※ نواز شریف کو گزرتا دیکھ کر نتھیا گلی میں مختلف علاقوں سے آئے لوگوں نے ہاتھ ہلائے، جس پر نواز شریف نے سڑک کنارے گاڑی روک لی۔ نوجوانوں نے محمد نواز شریف سے محبت بھرے جذبات کا اظہار کیا اور ان کے ساتھ سیلفیاں بنائیں۔ موقع پر موجود فیملیز اور خواتین نے بھی سابق وزیر اعظم نواز شریف کے ساتھ تصاویر بنا کر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 27

ہگ سے حراست میں لے لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار کارکن کو تھانہ چونگ لے جایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

ملتوی کر دیا۔ پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی نے بیرسٹر گوہر کی موجودگی میں جلسہ ملتوی کرنے کا اعلان کیا، جلسہ بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر ملتوی کیا گیا، عمران خان کی ہدایت پر آج ہونے والا جلسہ اب 8 ستمبر کو ہوگا۔ اعظم سواتی نے اڈیالہ جیل میں بانی تحریک انصاف عمران خان سے ملاقات کی، اعظم سواتی نے مذہبی جماعت کے احتجاج سے متعلق آگاہ کیا۔ اعظم سواتی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ہدایت کی ہے کہ کسی بھی انتشار سے بچنے کیلئے جلسہ ملتوی کر دیا جائے۔ چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا جلسہ 8 ستمبر کو ہوگا، 8 ستمبر کے جلسے سے متعلق پہلے ہی نوٹیفائی ہو چکا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اجازت نہ ملنے کے باوجود آج ترنول میں ہر صورت جلسہ کرنے کا اعلان کر رکھا تھا جبکہ مقامی انتظامیہ کی جانب سے بھی پی ٹی آئی کا جلسہ روکنے کیلئے جگہ جگہ کنٹینر لگا کر راستے بلاک کر دیئے گئے تھے۔ دوسری جانب اسلام آباد انتظامیہ نے پاکستان تحریک انصاف کو 8 ستمبر کو جلسے کی اجازت دے دی۔

بقیہ بقیہ جات 29

گواہ بن کر کوئی ایسا بیان کسی مجسٹریٹ کے سامنے یا تحریری طور پر نہیں دیا، ہمیں عمران خان نے ہمیشہ ہمیں پر امن جدوجہد کا درس دیا، عمران خان کے خلاف سنگین نوعیت کے الزامات سے متعلق ہمارے بیانات کی کوئی حقیقت نہیں۔ واثق قیوم اور عمر تنویر بٹ کی جانب سے محمد ایڈووکیٹ فیصل ملک نے درخواست دائر کی، انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے درخواست کو ریکارڈ کا حصہ بنا لیا۔ اے ٹی سی راولپنڈی کے جج ملک اعجاز آصف درخواست پر آج ہی اڈیالہ جیل میں سماعت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 30

جانب سے لاہور ہائیکورٹ میں دائر کی گئی، جس میں وفاقی حکومت، پی ٹی اے سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ دائر درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ ملک میں بغیر کسی نوٹس اور وجہ بتائے انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا ایپس بند کردی گئی ہیں، انٹرنیٹ کی بندش سے کاروبار حتی کہ ہر شعبہ ہائے زندگی متاثر ہو رہے ہیں، انٹرنیٹ بند کرنا بنیادی حقوق کی بھی خلاف ورزی ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ وفاقی حکومت کا انٹرنیٹ بند کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے ملک میں انٹرنیٹ کو مکمل اور فوری بحال کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔ یاد رہے کہ 15 اگست کو ایوان بالا سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی نے ملک میں انٹرنیٹ، سوشل میڈیا ایپس سست ہونے کا مسئلہ 2 ہفتوں میں حل کرنے کی ہدایت کردی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 31

معاملے پر علیمہ خان نے سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے سوال کیا کہ اعظم سواتی کس کے کہنے پر صبح صبح بانی پی ٹی آئی سے ملنے چلا گیا؟۔ علیمہ خان نے کہا کہ اعظم سواتی نے کس کے کہنے پر بانی پی ٹی آئی کو جلسہ ملتوی کرنے کا پیغام پہنچایا؟ صبح 7:30 بجے اڈیالہ میں عمران خان سے ملاقات کیسے ممکن ہوسکتی ہے؟ انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ کے کہنے پر ان لوگوں نے بانی پی ٹی آئی سے جلسہ ملتوی کروایا ہے۔ عمران خان کی بہن نے کہا کہ کارکنوں کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں تھی تو بانی پی ٹی آئی سے فیصلہ کروا دیا، موجودہ لیڈرشپ کا ارادہ ہی نہیں ہے بانی پی ٹی آئی کو باہر نکالنے کا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کا چیئرمین باہر بیٹھا ہے اس نے فیصلہ کیوں نہیں کیا؟ یہ فیصلے خود کرتے ہیں اور نام عمران خان کا لگا دیتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

دانش سمیت مرد و خواتین بڑی تعداد میں شریک ہوں گے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی پاکستان ملک کی سب سے بڑی اور پرانی نظریاتی اسلامی احیائی تحریک ہے۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی نے 74 افراد نے ملک میں اسلامی انقلاب لانے کی مشترکہ جدوجہد کے لیے اس کی بنیاد رکھی۔

بقیہ بقیہ جات 33

انجینئرنگ ٹیم کا دریا پر سٹون لگانے اور سڑکیں بنانے کا کام تسلسل سے جاری ہے۔ سفارز بے پر زیر تکمیل منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ میں مختلف شعبوں کی کوارڈینیشن اور انکی جلد تکمیل کے حوالے سے مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر غور و خوض کیا گیا۔ جائزہ اجلاس میں محسن عتیق ڈائریکٹر ہائیڈرالوجی نے پہلے بیراج کی لاہور سیالکوٹ موٹروے پل سے فاصلہ اور اس کی اونچائی بارے تجاویز سے آگاہ کیا جبکہ راؤ انتظار نے کافر ڈیم اور لوئر، اپر ایمپنڈا بارے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ دریا کو سیدھا چلانے کے حوالے سے افتتاحی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے عبدالوحید خان ای ڈی انجینئرنگ کا کہنا تھا کہ ہم 6 کلومیٹر پر محیط پیکیج 6 کو 3 سال میں تعمیر کرینگے جس پر 8 ارب سے زائد کی لاگت آئیگی۔ علاوہ ازیں عمران امین سی ای او روڈا نے چہار باغ رہائشی منصوبہ، محمود بوٹی سولر پارک پراجیکٹ میں وزٹ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ لی۔ اس موقع پر روڈا کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے

بقیہ بقیہ جات 34

کیس چوری کی مد میں 12 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے جبکہ بہاولپور میں کمپریسر کے استعمال پر 24 کنکشنز منقطع کیے گئے اور ساہیوال میں 2 کنکشنز منقطع کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 35

طارق کے قتل پر شدید مذمت کی کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب اسمبلی کے جونیئر سکیورٹی اسسٹنٹ چوہدری عمیر طارق کے قتل میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے۔ مرحوم چوہدری عمیر طارق کی پنجاب اسمبلی میں سکیورٹی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ قائمقام سپیکر نے مرحوم چوہدری عمیر طارق کی درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 36

شریک ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینا تھا۔ وفاقی وزیر تجارت نے متعدد ممالک کے وفود کے ساتھ نتیجہ خیز ملاقاتیں کیں جس میں دو طرفہ تجارت، زرعی برآمدات اور حلال مصنوعات کی منڈیوں کی ترقی پر زور دیا۔ تقریب کے دوران ”افریقہ میں کاروباری مواقع“ پر ایک کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کو بڑھانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے چیف ایگزیکٹو زبیر موتی والا نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایکسپورٹ آرڈرز میں 2.1 بلین ڈالرز وزیراعظم کے مقرر کردہ اہداف کو پورا کرنے میں مدد کرینگے۔ انہوں نے لاہور میں آئندہ ہونے والے فوڈ ایگریکلچر مینوفیکچر ایونٹ پر بھی روشنی ڈالی جس کا مقصد پاکستان میں مشینی کاشت اور پیداوار میں اضافے کو فروغ دینا ہے، ایس آئی ایف سی کے تعاون سے اس قسم کے حکومتی اقدامات ممکنہ طور پر ملک میں ایک ماحول دوست انقلاب کی بنیاد بنیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 37

۔ وزیراعظم کو لکھے گئے خط میں پاکستان ٹیلی کام ایسوسی ایشن نے بتایا کہ انٹرنیٹ کی رفتار کا مسئلہ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی کا سبب بنے گا۔ ایسوسی ایشن نے وزیراعظم سے فوری مداخلت کی اپیل کرتے ہوئے درخواست کی کہ انٹرنیٹ میں خلل کی تکنیکی وجوہات کا جائزہ لیتے ہوئے انٹرنیٹ کی رفتار بحال کروائیں۔ خط میں کہا گیا کہ انٹرنیٹ کی رفتار میں کمی سے ٹیلی کام سیکٹر بری طرح متاثر ہو رہا ہے، رفتار کم ہونے سے انٹرنیٹ ٹریفک میں 6400 ٹیرابائٹ کی کمی ہوئی ہے۔ ٹیلی کام کمپنیوں کو سال میں 12 ارب جبکہ حکومت کو محصولات کی شکل میں 3 ارب روپے کا نقصان ہوگا۔ پاکستان ٹیلی کام ایسوسی ایشن کے مطابق آئی ٹی کے ساتھ تجارت، بینکنگ، ہیلتھ، ایجوکیشن، مالیاتی شعبہ اور پبلک سیکٹر کے ادارے بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ انٹرنیٹ کی سست رفتاری سے آئی ٹی فری لانسرز کے پراجیکٹس منسوخ ہو رہے ہیں اور فری لانسنگ ویب سائٹ فیور نے پاکستان کے فری لانسرز پر پابندی عائد کردی۔ انٹرنیٹ کی رفتار میں کمی سے ملکی جی ڈی پی کو نقصان ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

کما کر دی مگر وزارت ریلوے کی مزدور کش پالیسیوں کی وجہ سے ہزاروں گھروں کے چولہے بجھ جائیں گے، ریلوے کے موجودہ چیئرمین نے ریلوے کے اندر مزدوروں کا جینا دو بھر کر دیا ہے، چیئرمین ریلوے نے نوٹیفکیشن جاری کیا کہ 50 فیصدی ٹی ایل اے ملازمین کو نوکریوں سے فارغ کر دیا جائے گا، ریلوے مزدوروں کا معاشی قتل کسی صورت منظور نہیں، افسران کے دفاتر کا گھیراؤ کرنے سے دریغ نہیں کیا جائے گا، ریلوے قومی، دفاعی اور فلاحی ادارہ ہے، 22 ٹرینوں کو آؤٹ آف سورس کیا جا رہا ہے اور ورکشاپوں کو پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے کیا جا رہا ہے جو کسی صورت قبول نہیں بلکہ قابل مذمت عمل ہے، مزید شیخ محمد انور نے پریم یونین ورکرز اور ڈاکٹر بابر رشید کا شاندار استقبال کرنے پر شکریہ ادا کیا، اس موقع پر عمائدین شہر بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 39

کراچی کی غیر ملکی ایئر لائن کی پرواز 3 گھنٹے، غیر ملکی ایئر لائن کی دمشق کراچی کی پرواز 2 گھنٹے، دبئی لاہور کی نجی ایئر کی پرواز شیڈول سے 8 گھنٹے اور لاہور سے جدہ، استنبول، کویت سٹی کی 4 پروازیں ایک سے زائد گھنٹہ تاخیر کا شکار ہیں۔ بحرین سیالکوٹ کی غیر ملکی پروازیں 2 گھنٹے، اسلام آباد جدہ پرواز 3 گھنٹے، اسلام آباد بحرین کی گلف ایئر کی پرواز ایک گھنٹہ، پی آئی اے کی اسلام آباد کوالالمپور کی پرواز ایک گھنٹہ اور اسلام آباد شارجہ کی نجی ایئر لائن کی پرواز ساڑھے 3 گھنٹے تاخیر کا شکار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

ہونگے۔ سبسڈی روکنے کا فیصلہ وفاقی کابینہ کے حالیہ اجلاس میں کیا گیا۔ سبسڈی روکنے سے 2 کروڑ 60 لاکھ مستحق خاندان متاثر ہوں گے، یوٹیلٹی اسٹورز سے ماہانہ 40 ہزار سے کم آمدن والے افراد کو سبسڈی مل رہی تھی تاہم آٹا، گھی، چاول، چینی اور دالوں پر مزید سبسڈی نہیں ملے گی۔ اب یوٹیلیٹی اسٹورز پر بھی عام مارکیٹ کے ریٹ پر اشیاء※ دستیاب ہوں گی، یوٹیلیٹی اسٹورز پر عوام کو 5 بنیادی اشیاء※ پر 25 فیصد تک سبسڈی مل رہی تھی۔ سبسڈی کی رقم اب بجلی بلوں میں ریلیف اور دیگر مقاصد پر خرچ ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 41

اس حوالے سے این ڈی ایم اے نے موسلا دھار بارشوں کے باعث مقامی ندی نالوں میں پانی کا بہاؤ بڑھنے کے ساتھ دریائے کابل کے بہاؤ میں بھی اضافے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع ایبٹ آباد، پاراچنار، چارباغ، چارسدہ، چترال، دیر، ہری پور، ہزارہ، میں سیلابی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے، اس کے علاوہ مالاکنڈ، مانسہرہ، مردان، پشاور اور صوابی میں سیلابی صورتحال متوقع ہے۔ این ڈی ایم اے کی جانب سے تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایات کی گئی ہیں اور کہا کہ ممکنہ ہنگامی صورتحال پر فوری ریسپانس کو یقینی بنایا جائے۔ مسافر اور سیاحوں کو لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے کے پیش نظر پہاڑی علاقوں کے سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ دوسری جانب پی ڈی ایم اے کا کہنا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کا امکان ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے سندھ میں نچلے درجے کی سیلابی صورتحال برقرار ہے، دریائے چناب راوی جہلم اور ستلج میں پانی کا بہاؤ نارمل لیول پر ہے، رود کوہیوں میں سیلابی صورتحال کے پیش نظر انتظامیہ الرٹ ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق گزشتہ روز چوک اور سوری شمالی سے درمیانے درجہ کا سیلابی ریلہ گزرا، گزشتہ روز زنگی کے مقام سے اونچے درجہ کا سیلابی ریلہ گزرا، راجن پور اور ڈیرہ غازی خان رود کوہیوں میں نارمل صورتحال ہے۔ عرفان کاٹھیا کا کہنا ہے کہ منگلا ڈیم میں پانی کی سطح 71 فیصد، تربیلا ڈیم میں 100 فیصد ہے، بھارتی ڈیمز میں پانی کی سطح بھی کم لیول پر ہے، بھاکڑا ڈیم 54 فیصد، پونگ 53 اور تھین ڈیم میں پانی کی سطح 26 فیصد ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نارووال نالہ بسنتر میں نچلے درجے کی سیلابی صورتحال ہے، شہریوں کے تحفظ کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

بچی کے والد کے ویڈیو بیان میں پیسوں کی لین دین کی بات چیت سامنے آئی ہے۔ ویڈیو بیان گزشتہ روز عدالت میں بیان حلفی جمع کرانے کے بعد ریکارڈ کیا گیا تھا۔ عدالت نے مقتولہ کے والد سے استفسار کیا کہ آپ کو پیسوں وغیرہ کی آفر ہوئی ہے؟ اس پر بچی کے والد ندیم نے عدالت کو بتایا کہ ایک صاحب نے ہمیں کہا کہ امانت اسکول کے مالک کے پاس پڑی ہے، آپ اسکول کے مالک سے پوچھیں آپ کو یہ امانت کس نے دی ہے؟ مقتولہ بچی کے والد سے عدالت سے استفسار کیا کہ وہ امانت کتنی تھی؟ اس پر مقتولہ بچی کے والد ندیم نے عدالت کو بتایا کہ یہ خبر نہیں 1 لاکھ ہیں یا 2 لاکھ ہیں، ہمارے سب عزیز رشتے دار بیانات سے مکر گئے، وہ پیروں کے خاص آدمی ہیں، پیسے دیئے، سب کچھ دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

سرفہرست رہا۔ رواں سال پنجاب میں ون وے کی خلاف ورزی پر 91 ہزار سے زائد چالان کیے گئے، ون وے کی خلاف ورزی پر لاہوریوں کے 28 ہزار 790 چالان ہوئے۔ فیصل آباد 24 ہزار 280، راولپنڈی 12 ہزار 786، ملتان 10 ہزار سے زائد شہریوں کے چالان ہوئے۔ رواں ماہ صوبہ بھر میں ون وے کی خلاف ورزی پر 8400 سے زائد چالان ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولتوں کی فراہمی کی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 45

میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے وزیر شلزے کا پاکستان میں خیر مقدم کیا اور پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے جرمنی کے تعاون کو سراہا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور جرمنی کے مابین باہمی طور پر مفید تجارتی اور اقتصادی تعلقات موجود ہیں۔ انہوں نے پاکستان کی صنعتی ترقی میں جرمنی کے کردار کی تعریف کی۔ اس تناظر میں وزیراعظم نے پاکستان جرمنی شراکت داری کو فروغ دینے کی بھرپور خواہش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پائیدار ترقی، موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات میں کمی اور معاشی نمو کے لیے پاکستان کے عزم کو اجاگر کیا جبکہ ملک کی معاشی بحالی کیلیے اصلاحات سمیت اپنی حکومت کی ترجیحات کا بھی ذکر کیا۔ وزیر شلزے نے وزیراعظم کو چانسلر اولاف شولز کا تہنیتی پیغام پہنچایا اور پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات بالخصوص تجارت، سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون کے شعبوں میں اشتراک کی مضبوط بنانے کے لیے جرمنی کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جرمنی پاکستان کے قابل تجدید توانائی کے شعبے اور موسمیاتی تبدیلی سے بچاؤ کے اقدامات کے لیے اپنا تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے۔ وزیر اعظم اور جرمنی کی وزیر اقتصادیات نے دوطرفہ اقتصادی تعاون کو مزید بڑھانے کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا جس میں تجارت، سرمایہ کاری، آئی ٹی اور ٹیکنالوجی کی منتقلی کے ساتھ ساتھ ہنر مند افرادی قوت کی برآمد میں اضافہ شامل ہے۔ انہوں نے غزہ کی صورتحال اور یوکرین تنازع سمیت علاقائی اور عالمی مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیر شلزے نے چانسلر اولاف شولز کی جانب سے وزیراعظم کو اکتوبر میں ہیمبرگ پائیداری کانفرنس میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ ملاقات میں دونوں طرف کے سینئر حکام نے شرکت کی جن میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ، وزیر برائے منصوبہ بندی، وزیر برائے اقتصادی امور، وزیر تجارت اور وزیر مملکت برائے آئی ٹی شامل تھے۔

بقیہ بقیہ جات 46

پی ٹی آئی کو 8 ستمبر کو جلسہ کرنے کی اجازت دے دی جس کا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسلام آباد نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ انتظامیہ کی جانب سے 40 ہدایات کے ساتھ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد انتظامیہ نے پی ٹی آئی※ کی 22 اگست کا این او سی مذہبی جماعتوں کی احتجاج کی وجہ سے منسوخ کیا۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسلام آباد نے کہا کہ 8 ستمبر کو انتظامیہ جلسے کو سکیورٹی فراہم کرے گی، جلسہ کرنے والے افراد کسی بھی شہری کے بنیادی حقوق کو متاثر نہیں کریں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ لوگ شام 4 بجے اکٹھے ہوں گے اور 7 بجے جلسہ ختم کرنا ہو گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق جلسہ انتظامیہ کی ڈیوٹی ہوگی کہ جلسہ ختم کرنے کے بعد کارکنوں کو منتشر کیا جائے، 8 ستمبر کو کارکنوں کو جلسہ گاہ میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل پاکستان تحریک انصاف نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں آج ہونے والا جلسہ ملتوی کردیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 47

نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ سیکرٹری جنرل چوہدری عامر حبیب نے امجد علی جاوید کو قائمہ کمیٹی برائے لیبر اینڈ ہیومن ریسورسز کے چیئرمین کا نوٹیفکیشن دیا۔

بقیہ بقیہ جات 48

راستوں کا جائزہ لیا۔ ایس پی سٹی نے کہا کہ داتا دربار عرس مبارک کی تقریبات کو فول پروف سکیورٹی مہیا کی جائے گی، عرس کے دوران بلند عمارتوں پر اہلکار تعینات کیے جائیں گے۔ قاضی علی رضا کا کہنا تھا کہ داتا دربار روٹ کے گردونواح میں کیمروں سے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، آنے والے تمام زائرین کو تین درجاتی حصار سے سخت چیکنگ کے بعد میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی۔ ترجمان پولیس کے مطابق ایس پی سٹی کیپٹن ریٹائرڈ قاضی علی رضا کا مزید کہنا تھا کہ دور دراز سے آنے والے زائرین کی حفاظت اور امن وامان کو برقرار رکھا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 49

اور ڈیجیٹل مہارتوں میں خواتین اور لڑکیوں کو بااختیار بنانے پر مرکوز ایک عالمی تحریک کے بارے میں شرکا کے ساتھ بصیرت کا اشتراک کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کس طرح لڑکیاں روایتی طریقوں پر انحصار کرنے کے بجائے روزگار کے لیے جدید ترین مہارتیں سیکھ کر اپنے کیریئر اور مستقبل کی تعمیر کر سکتی ہیں۔ آل پاکستان ویمنز ایسوسی ایشن کی چیئرپرسن سمیا جاوید اسلم نے ابھرتے ہوئے ڈیجیٹل منظر نامے میں انٹرپرینیورشپ اور گھر پر کام کرنے والے کارکنوں کی مدد کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔ تقریب میں مہمان خصوصی حنا پرویز بٹ، ممبر پنجاب اسمبلی اور پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کی چیئرپرسن نے بھی شرکت کی۔ محترمہ بٹ نے خواتین کے خلاف تشدد (وی اے ڈبلیو) کے لیے صفر رواداری کی پالیسی پر زور دیا اور ترقی پسند اور پرامن معاشرے کے لیے وی اے ڈبلیو کو ختم کرنے کے لیے ہر ممکن کوششیں کرنے کے وزیراعلیٰ مریم نواز کے وژن کو مزید شیئر کیا۔ اے پی ڈبلیو اے کی سی او او محترمہ در ای شاہوار نے ڈیجیٹل خواندگی کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ضروری مہارتیں اور سرٹیفکیٹ حاصل کرنا معاش کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ اگر ہم بازار کے قابل مہارتوں کا انتخاب نہیں کرتے ہیں، تو ہم روزگار کے بارے میں نہیں سوچ سکتے۔ بے روزگاری کے خاتمے اور غربت سے نمٹنے کے لیے ملازمت کی مہارتیں درحقیقت حل ہیں۔ بے روزگاری میں اضافے کی وجہ یہ ہے کہ نوجوان لڑکیوں میں روزگار کے قابل مہارتوں کی کمی ہے۔ اے پی ڈبلیو اے لڑکیوں کو ڈیجیٹل طور پر بااختیار بنانے کے لیے کام کر رہا ہے، اور یہ اس منصوبے کا پہلا قدم ہے۔ شرکا کو ہاتھ سے تیار کردہ مصنوعات کی متنوع رینج کو تلاش کرنے، کاریگروں سے ملنے اور سیمینار سے قیمتی بصیرت حاصل کرنے کا موقع ملا۔ یہ تقریب تخلیقی صلاحیتوں اور دستکاری، کنکشن کو فروغ دینے اور گھر پر کام کرنے والے کارکنوں کے لیے مواقع کی ایک متحرک نمائش ہونے کا وعدہ کرتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

اقتصادی امور کا اجلاس ہوا جس میں بتایا گیا کہ داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کی تعمیر میں تاخیر کی وجہ سے بھاری مالی نقصان ہوا ہے۔ وزارت اقتصادی امور حکام نے کہا کہ داسو ہائیڈرو پاور منصوبہ مئی 2025 میں مکمل ہونا تھا لیکن اب 2028 میں مکمل ہوگا، داسو ہائیڈرو پاور منصوبے پر دستخط اگست 2014 میں ہوئے تھے، منصوبے پر 37 کروڑ 20 لاکھ ڈالر خرچ ہوگئے ہیں، منصوبے کیلئے ورلڈ بینک نے ایک ارب ڈالر دینے کی یقین دہانی کرائی ہے بس دستخط ہونا باقی ہے۔ حکام نے کہا کہ منصوبے کیلئے ڈونر کی جانب سے 58 کروڑ 84 لاکھ ڈالر دیئے، حکومت نے اب تک 588 ملین ڈالر پر 3 کروڑ 25 لاکھ ڈالر سود کی مد میں ادا کئے ہیں۔ سینیٹر کامل علی آغا نے کہا کہ پاکستان میں کوئی منصوبہ مکمل کرنے کا رواج نہیں ہے، وقت پر منصوبے شروع نہیں کیے جاتے اور اراضی کے حصول کے وقت ادائیگی کسی اور کو ہوتی ہے۔ سیکرٹری اقتصادی امور نے کہا کہ جب قرض مل جاتا ہے کمٹمنٹ چارجز دے دیئے جاتے ہیں منصوبہ شروع نہیں ہوتا، پیسے لینے کے ایک سال بعد تک منصوبہ شروع نہیں ہوتا اور چارجز دے دیئے جاتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

ترقی عطا کرے تاکہ وہ عوام کی خدمت میں اسی جوش و جذبے کے ساتھ پیش پیش رہیں عامر محبوب نے کہا کہ ہمارے قائد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی نے جتنی ترقی کی ہے وہ مثالی ہے ماڈل ٹاؤن میں شجرکاری کے ساتھ ساتھ سڑکوں کی تعمیر اور دیگر ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہے ترقیاتی کاموں کے ساتھ ساتھ قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ جس طرح فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں ہمیشہ اپنی پناہ و برکات اور فضائل کے سائے میں رکھے

بقیہ بقیہ جات 52

دہشت گرد پاک افغان سرحد کے ذریعے دراندازی کی کوشش کرتے ہیں اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ معصوم شہریوں کو بھی نشانہ بناتے ہیں۔ سب پر یہ بات عیاں ہے کہ دہشت گردوں کو افغانستان سے غیر ملکی اسلحہ تواتر سے دستیاب ہے۔ دہشت گردوں کو ہتھیاروں کی فراہمی نے خطے کی سلامتی کو خاطر خواہ نقصان پہنچایا ہے۔ 18/19 اگست 2024 کو سکیورٹی فورسز نے مستونگ ڈسٹرکٹ میں انٹیلی جنس پر مبنی آپریشن کیا،

بقیہ بقیہ جات 53

ہے۔ محکمہ تعلیم نے فوری طور پر ڈوپلیکیٹ نام خارج کرنے کا حکم دے دیا۔ بعض سکولوں میں طالبعلم میل یا فی میل کا خانہ پر نہیں کیا گیا۔ غلط اندراج کے باعث گرلز اور بوائز سکولوں میں بچوں کی تعداد میں فرق ہے۔ سکولز کو 31 اگست تک نئی یونین کونسلز کی مطابق ایزولمنٹ کی تصدیق کا حکم دے دیا گیا۔ غیر تصدیق شدہ انرلمنٹ کو خارج نہ کیا گیا تو سکول سربراہان کیخلاف کارروائی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 54

آئے۔ 400 افراد جناح ہاؤس میں داخل ہوئے، 1800 سے زائد باہر جمع ہوئے، گرفتار تمام افراد کے خلاف شواہد پولیس پی بی میں ریکارڈ کر کے عدالت میں جمع کروائے گئے۔ پولیس بیز کی مد میں تقریباً 5 لاکھ روپے کے اخراجات آئے ،مقدمے کی تفتیش تاحال جاری ہے ،نامعلوم 1800 افراد کی تاحال شناخت نہیں ہو پائی۔

بقیہ بقیہ جات 55

ہیں۔ درخواست گزار کا مزید کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے تمام کارکنان پولیس کو کسی مقدمہ میں مطلوب بھی نہیں ہیں، تمام کارکنان کی گرفتاری کو غیر قانونی قرار دیا جائے، استدعا ہے کہ تمام گرفتار کارکنان کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 56

ت کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر علامہ شاہ نواز فاروقی، مولانا خالد محمود قاسمی، سید سمیع اللہ حسینی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا حفیظ الرحمن کشمیری، میاں محمد طیب ایڈووکیٹ سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایسا کوئی سیاستدان ہے جس کو وزارت عظمیٰ میں دلچسپی نہیں؟۔ اقتدار کے پیچھے دیوانہ وار دوڑنے والے محرومیوں کے مارے پاکستانیوں کیلئے نجات دہندہ نہیں بن سکتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاستدان یاد رکھیں ان کی طرف سے سلجھی ہوئی تعمیری اور اصولی سیاست نیم مردہ قومی معیشت کیلئے دوا اور شفاء کا کام کرے گی۔ آپس میں اور قومی اداروں کیخلاف محاذ آرائی سے گریز کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 57

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوابی میں پی ٹی آئی کارکنوں اور گاڑیوں کے ڈرائیوروں میں 5، 5 ہزار روپے تقسیم کیے ہیں اس موقع پر علی امین کے ساتھ شبلی فراز اور عمر ایوب بھی موجود تھے۔ اپنے جاری بیان میں مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ نے اپنی جیب سے پیسے تقسیم کیے ہیں، پیسے تقسیم کرنے کی کوئی بڑی وجہ نہیں، وزیر اعلیٰ غرباء کے بہت ہمدرد ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے کارکنوں کی حوصلہ افزائی کیلئے پیسے تقسیم کیے، پی ٹی آئی کارکنان اسلام آباد جلسہ منسوخ ہونے کے باعث مایوس تھے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر نے کہا کہ ملائیشیا کے سرمایہ کار کو صوبہ میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایس آئی ایف سی کے ذریعہ سرمایہ کاروں کو ہر ممکن معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ صوبہ کے کئی شعبے سرمایہ کاری کے لئے انتہائی پرکشش ہیں اور اعلیٰ تعلیم یافتہ، تجربہ کار اور محنتی افرادی قوت سرمایہ کاری کے لئے اہم ہے۔ ملائیشیا کے قونصل جنرل نے کہا کہ ملائیشیا کے سرمایہ کاری مختلف شعبوں میں دلچسپی رکھتے ہیں اور صوبہ کی استعداد سے سرمایہ کار فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ گورنر سندھ کے ہمراہ ملائیشیا کے قونصل جنرل نے امید کی گھنٹی، آئی ٹی کلاسز کا دورہ اور راشن بیگز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ گورنر انیشیٹیو کے تحت جاری عوامی فلاحی منصوبے آئیڈیل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 59

علی گوپانگ کے نام سے ہوئی ہے جبکہ ایک خاتون سمیت 2 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں میں فضا گوپانگ اور علی مراد شامل ہیں، بچے کے لاش اور زخمیوں کو کوٹ ڈیجی اسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں زخمی خاتون کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ پولیس کے مطابق دونوں گروپوں میں تصادم دیرینہ دشمنی کے باعث پیش آیا جبکہ پولیس نے فوری طور پر علاقے میں عارضی پولیس پکٹ قائم کردی تاحال اب تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی اور نہ ہی کوئی مقدمہ درج ہو سکا۔

بقیہ بقیہ جات 60

کی۔ جمعرات کو یہاں سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ حکام نے بریفنگ میں کہا کہ عالمی گلوبل آئی ٹی مارکیٹ میں پاکستان کا حصہ 0.04 فیصد سے بھی کم ہے، گزشتہ سال پاکستان کی آئی ٹی گروتھ 20 فیصد رہی، پاکستان کی آئی ٹی میں 54 فیصد امریکہ، یورپ کو 21 فیصد، گلف ممالک کو دس فیصد ایکسپورٹ ہے، ایک ارب روپے کی لاگت سے آئی روزگار پروگرام شروع کرنے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں پی ٹی اے کے ممبر انفورسمنٹ نے بتایا کہ 18 جون 2024 کو کراچی سمندر کے قریب ایس ایم ڈبلیو فور آپٹیکل فائبر کیبل کے کٹ کی وجہ سے انٹرنیٹ ٹریفک میں خلل آیا، ابھی یہ مکمل طور پر ٹھیک نہیں ہوئی اس پر کام ہو رہا ہے۔

بعدالت جناب ثالثی کونسل میونسپل کارپوریشن فیروزوالہ تحصیل فیروز والہ ضلع شیخوپورہ

عنوان:
مقدمہ ڈگری تنسیخ نکاح
مسماۃ: رضوانہ بی بی، دختر محمد حسین
پتہ: انڈر پاس امامیہ کالونی فیروز والہ ضلع شیخوپورہ
بنام
مسمی: آصف حسین، ولد، عاشق حسین
پتہ: اعظم پارک بند روڈ حالی پورہ لاہور۔

باعنوان بالا مقدمہ ضمن میں آصف حسین کو نوٹس جاری کیے گئے ہیں مگر آپ عدالت حاضر نہ ہوئے لہٰذا آخر نوٹس بذریعہ اخبار مورخہ 26-08-2024 دیا جاتا ہے مقررہ تاریخ پر عدالت ہذا حاضر نہ ہونے کی صورت میں یک طرفہ کارروائی عمل میں لاتے ہوئے طلاق سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا۔

جماعت اسلامی کی 83 ویں یوم تاسیس کی پروقار تقریب 25 اگست کو ہو گی

ضیاء الدین انصاری

جماعت اسلامی پاکستان ملک کی سب سے بڑی اور پرانی نظریاتی اسلامی احیائی تحریک ہے

سید ابوالاعلیٰ مودودی نے 74 افراد نے ملک میں اسلامی انقلاب لانے کی مشترکہ جدوجہد کے لیے اس کی بنیاد رکھی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی قوم کیلئے آج بھی امید کی ایک کرن ہے۔ 26 اگست 1941ء کو جماعتِ اسلامی کی تاسیس ہوئی جس کی مناسبت سے 83 ویں یوم تاسیس کی پروقار تقریب 25 اگست، بروز اتوار کو بمقام گریٹر مارکی شمع سٹاپ فیروزپور روڈ منعقد ہوگی۔ جس کی صدارت سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق، سیکرٹری جنرل امیر العظیم، نائب امیر پاکستان لیاقت بلوچ، ڈاکٹر فرید پراچہ، محمد جاوید قصوری، میاں مقصود احمد، سینئر صحافی، اہل علم و

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

راوی شہر میں مختلف منصوبوں کی تکمیل پر کام جاری ہے، عمران امین

لاہور کو دریائی سیلاب سے بچاؤ کیلئے بند جلد مکمل کرلیا جائیگا، عوامی فلاح کے اس منصوبہ میں کسی کو متاثر کئے بغیر ہم نئی نئی بستیاں آباد کرینگے

پہلا کافرڈیم بن چکا، ریور ٹریننگ ورکس ہورہا پیکیج 1A1 پیکیج 2 پیکیج 2B مکمل جبکہ دریا کو سیدھا چلانے کیلئے پیکیج 6 کا افتتاح بھی کردیا گیا، سی ای او راوی اربن ڈیویلپمنٹ اتھارٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) عمران امین سی ای او راوی اربن ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے کہا ہے کہ راوی شہر میں مختلف منصوبوں کی تکمیل پر کام جاری ہے، لاہور کو دریائی سیلاب سے بچاؤ کیلئے بند جلد مکمل کرلیا جائیگا، عوامی فلاح کے اس منصوبہ میں کسی کو متاثر کئے بغیر ہم نئی نئی بستیاں آباد کرینگے۔ دریا کی چینلائزیشن کے حوالے سے یہاں پہلا کافرڈیم بن چکا، ریور ٹریننگ ورکس ہورہا پیکیج 1 A 1 پیکیج 2 پیکیج 2B مکمل جبکہ دریا کو سیدھا چلانے کیلئے پیکیج 6 کا افتتاح بھی کردیا گیا، بھارت سے 40ہزار کیوسک پانی چھوڑنے کے باوجود روڈا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

لاہور، جماعت اسلامی کے ضلعی وزونل ذمہ داران کے اجلاس میں امیر جماعت اسلامی وسطی پنجاب محمد جاوید قصوری، امیر جماعت اسلامی ضیاالدین انصاری ودیگر موجود ہیں

سنگین معاشی مسائل پر قابو کیلئے اقدامات کئے جائیں، جے یو آئی

موجودہ مالیاتی بحران پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ اقتصادی پالیسیوں میں بھی بہتری لائی جائے

لاہور(این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور احسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سنگین معاشی مسائل پر قابو کیلئے اقدامات کئے جائیں، موجودہ مالیاتی بحران پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ اقتصادی پالیسیوں میں بھی بہتری لائی جائے، حکمران اپنے انتخابی وعدوں کو یقینی بنا کر ملک سے مہنگائی اور غربت کے خاتمے کیلئے کردار ادا کریں۔

ہم متحد قوم بن کر ہی دشمن کو شکست دے سکتے ہیں، مولانا قاری اعظم حسین

خطے کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دینا ضروری ہے

لاہور(این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ ہم متحد قوم بن کر ہی دشمن کو شکست دے سکتے ہیں، اسلامی معاشرے میں اسلام ہی سب سے زیادہ انسانی حقوق کے تحفظ کا ضامن ہے، خطے کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دینا ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا تنویر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو۔

حکمران مہنگائی، بیروزگاری کنٹرول کرنے میں ناکام ہو چکے، سنی علما کونسل

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حکمران مہنگائی اور بیروزگاری کنٹرول کرنے میں ناکام ہو چکے، اقتدار پر قبضہ کرنے کیلئے مہنگائی مکاو مارچ کرنے والوں نے غریبوں کو مزید مہنگائی کی دلدل میں پھنسا دیا، اتحادی حکومت بھی عوام کو ریلیف دینے میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ زندہ رہنا ہر انسان کا بنیادی حق ہے لیکن حکومت عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم کررہی ہے۔

قائم مقام سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ کی جونیئر سکیورٹی اسسٹنٹ کے قتل کی شدید مذمت

لاہور(این این آئی) قائم مقام سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ نے پنجاب اسمبلی کے جونیئر سکیورٹی اسسٹنٹ چوہدری عمیر طارق کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے متعلقہ سکیورٹی حکام کو قاتلوں کی فی الفور گرفتاری کا حکم دیا ہے۔ بدھ کی شب نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں چوہدری عمیر طارق موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ قائمقام سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ نے جونیئر سکیورٹی اسسٹنٹ چوہدری عمیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

عالمی فوڈ اینڈ ایگری نمائش میں 1.2 ارب ڈالر کے معاہدے طے پا گئے

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے محفوظ اور مضبوط پاکستان کیلئے اقدامات

اسلام آباد(این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے کاروباری اور زرعی ترقی کے ذریعے محفوظ اور مضبوط پاکستان کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے دوسری ”بین الاقوامی خوراک وزراعت کی نمائش“ کے دوران 1.2 بلین ڈالر سے زیادہ کی مصنوعات فروخت ہوئیں۔ اس نمائش کے دوران ”پاک چین زرعی سرمایہ کاری کانفرنس“ اور "پاک افریقہ سرمایہ کاری کانفرنس" منعقد کی گئیں جن کا مقصد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

سیاستدانوں نے ملک میں افراتفری کا بازار گرم کررکھا ہے، متحدہ علما کونسل

عام آدمی دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور، اپوزیشن جماعتیں اور حکومت ہوش کے ناخن لے

لاہور (این این آئی) تمام مکاتب فکر کے مشترکہ دینی فورم متحدہ علما کونسل پاکستان کے صدر مولانا زاہد الراشدی، مولانا عبدالمالک، مولانا عبدالرف ملک، مولانا ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، حافظ عبدالغفار روپڑی، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا سردار محمد خان لغاری، صاحبزادہ قمرالحق سیالوی، ڈاکٹر محمد سرفراز اعوان، ڈاکٹر حافظ عاطف وحید اور سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر حافظ محمد سلیم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیاستدانوں نے ملک میں افراتفری کا بازار گرم کررکھا ہے عام آدمی دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہے۔

لاہور، پاکستان کے ممتاز آئی ٹی انڈسٹریز کے فری لانسرز انٹرنیٹ کی بندش وتعطل کے باعث مسائل کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور، عمران امین سی ای او روڈا راوی شہر کے پیکیج 6 منصوبہ کا افتتاح اور زیر تکمیل پروجیکٹ کا جائزہ لے رہے ہیں

انٹرنیٹ کا مسئلہ ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی کا سبب بنے گا، ٹیلی کام ایسوسی ایشن کا وزیر اعظم کو خط

اسلام آباد (این این آئی) ٹیلی کام آپریٹرز ایسوسی ایشن نے انٹرنیٹ کی رفتار میں کمی پر سنگین معاشی خدشات کا اظہار کیا ہے۔ ٹیلی کام آپریٹرز ایسوسی ایشن نے وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ کر انٹرنیٹ کی سست رفتاری کے بارے میں آگاہ کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

مختلف ایئرپورٹس سے 26 غیر ملکی پروازوں کی آمد اور روانگی تاخیر کا شکار ہوگئی

کراچی (این این آئی) ملک بھر کے مختلف ایئر پورٹس سے 26 غیر ملکی پروازوں کی آمد اور روانگی تاخیر کا شکار ہوگئی۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی لاہور سے جدہ کیلئے پی آئی اے کی 2 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ دوسری جانب کراچی جدہ فلائی ایئرلائن کی 2 پروازیں ساڑھے 4 گھنٹے، دبئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

ریلوے کی نجکاری کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، صدر پریم یونین شیخ انور

ملازمین کی فراغت، ٹرینوں اور ورکشاپوں کو پرائیویٹ سیکٹر میں دینا قبول نہیں

لاہور (سپیشل رپورٹر) پریم یونین سی بی اے نے ریلوے ملازمین کی بے جا برطرفی اور پاکستان ریلوے کی نجکاری کے خلاف مرکزی صدر پریم یونین شیخ محمد انور کی زیر قیادت بذریعہ خیبر میل ٹرین مارچ اوکاڑہ پہنچنے پر پریم یونین ورکرز اور جماعت اسلامی کے ضلعی امیر ڈاکٹر بابر رشید نے کارکنوں کے ہمراہ ٹرین مارچ کا استقبال کیا۔ پھولوں کی پتیوں کے ساتھ پریم یونین کی قیادت کو بھرپور سپورٹ اور تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر پریم یونین کے مرکزی صدر شیخ محمد انور نے اپنے خطاب اور این این آئی سے گفتگو میں کہا کہ ریلوئے مزدوروں نے شب و روز محنت کرکے اس سال تاریخ میں پہلی مرتبہ 68 ارب کی ریکارڈ آمدن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

ملکی تجارت کو سب سے بڑا مسئلہ پیداواری لاگت کا ہے، جام کمال

پی آئی اے ودیگر اداروں کی نجکاری میں سستی نہیں پیچیدگیاں ہیں، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال نے کہا ہے کہ ملکی تجارت کو سب سے بڑا مسئلہ پیداواری لاگت کا ہے، ملکی تجارت بہتر کرنا 2، 3 ہفتوں یا 1 منصوبے کی بات نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جام کمال نے کہا کہ مہنگی بجلی، ٹیکسز، شرح سود چیلنج ہیں۔ جام کمال نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف سمیت پوری حکومت نجکاری کے عمل کیلئے متحرک ہے، پی آئی اے اور دیگر اداروں کی نج کاری میں سستی نہیں پیچیدگیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے بجلی نرخوں پر وفاقی کابینہ میں بات ہورہی ہے، کے الیکٹرک مہنگی بجلی کا سارا بوجھ عوام کو منتقل کر رہی ہے، آئی پی پیز کے معاملے پر حکومت متحرک ہے۔

ون وے کی خلاف ورزی پر لاہوری سرفہرست، رواں سال 28 ہزار 790 چالان

پنجاب میں ون وے کی خلاف ورزی پر 91 ہزار سے زائد چالان کیے گئے، ترجمان ٹریفک پولیس

ون وے کی خلاف ورزی پر آپ اپنی اور دوسروں کی جان کو خطرے میں مت ڈالیں، ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن پر عمل پیرا ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ شاہراہوں کو حادثات سے پاک بنانے میں کوشاں ہیں، حادثات کی روک تھام کیلئے صوبہ بھر میں ون وے کیخلاف ورزی پر بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق ون وے کی خلاف ورزی پر لاہوری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

رانی پور، تشدد سے قتل کمسن ملازمہ کے والد کی پیسوں سے متعلق گفتگو سامنے آگئی

ہمارے سب عزیز رشتے دار بیانات سے مکر گئے، پیروں کے خاص آدمی ہیں

پیسے دیئے، سب کچھ دیا ہے، والد کا عدالت کو جواب

خیرپور (این این آئی) صوبہ سندھ کے شہر رانی پور میں کمسن ملازمہ کی تشدد سے ہلاکت کیس میں بچی کے والد کی پیسوں کی لین دین سے متعلق گفتگو سامنے آگئی۔ انسداد دہشت گردی خیرپور کی عدالت میں رانی پور میں کمسن ملازمہ فاطمہ کے قتل کے کیس کی سماعت میں مقتولہ بچی کی مدعی والدہ کی جانب سے ملزمان کو بیان حلفی میں بے گناہ قرار دیا گیا تھا۔ اب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

اگلے 3 روز ملک کے بیشتر علاقوں میں موسلا دھار بارشوں کی پیشگوئی

مالاکنڈ، مانسہرہ، مردان، پشاور اور صوابی میں سیلابی صورتحال متوقع ہے، این ڈی ایم اے الرٹ جاری

رود کوہیوں میں سیلابی صورتحال کے پیش نظر انتظامیہ الرٹ ہیں، پی ڈی ایم اے

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے اگلے 3 روز ملک کے بیشتر علاقوں میں موسلا دھار بارشوں کی پیشگوئی کردی، این ڈی ایم اے نے سیلابی صورتحال کے پیش نظر ہائی الرٹ جاری کردیا۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے 21 تا 24 اگست کے دوران خیبرپختونخوا اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں مزید بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

چینی، آٹا، گھی، دالوں اور چاول پر مستحقین کے لیے سبسڈی ختم

یوٹیلیٹی اسٹورز سے اشیاء کی رعایتی نرخوں پر فروخت فوری روک دی گئی

سبسڈی روکنے سے 2 کروڑ 60 لاکھ مستحق خاندان متاثر ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے مستحقین کے لیے چینی، آٹا، گھی، دالوں اور چاول پر سبسڈی ختم کردیا۔ یوٹیلیٹی اسٹورز سے اشیاء کی رعایتی نرخوں پر فروخت فوری روک دی گئی۔ یوٹیلیٹی اسٹورز پر 50 ارب روپے کی سبسڈی پر عمل درآمد روک دیا گیا، حکومت نے سبسڈی روکنے کے زبانی احکامات دیئے، تحریری آرڈرز جلد جاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

لاہور، پسند کی شادی کرنے والے شہری عثمان خان اپنی اہلیہ اور وکیل کے ہمراہ لڑکی کے اہلخانہ کی جانب سے جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کیخلاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا اٹک میں سکول وین پر فائرنگ کے واقعہ کا نوٹس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اٹک میں سکول وین پر فائرنگ کے واقعہ کا نوٹس لے لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے آئی جی پولیس سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے دو طالبات کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے فائرنگ سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

وزیراعظم سے جرمن وزیر برائے اقتصادی تعاون و ترقی سوینجا شولزے کی ملاقات

شہباز شریف نے پائیدار ترقی، موسمیاتی تبدیلی کے مضمرات میں کمی و معاشی نمو کیلئے پاکستان کے عزم کو اجاگر کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے جرمنی کی وفاقی وزیر برائے اقتصادی تعاون و ترقی سوینجا شولزے نے وزیر اعظم ہاؤس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

اسلام آباد انتظامیہ نے پی ٹی آئی کو 8 ستمبر کو جلسہ کرنے کی اجازت دے دی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسلام آباد نے 40 ہدایات کے ساتھ نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد انتظامیہ نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

امجد علی جاوید پنجاب اسمبلی میں قائمہ کمیٹی برائے لیبر اینڈ ہیومن ریسورسز کے چیئرمین منتخب

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائمہ کمیٹی برائے لیبر اینڈ ہیومن ریسورسز کے چیئرمین کا انتخاب کر لیا گیا۔ ممبر صوبائی اسمبلی امجد علی جاوید قائمہ کمیٹی برائے لیبر اینڈ ہیومن ریسورسز کے چیئرمین منتخب ہوگئے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ نے باقاعدہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

لاہور، ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی ظہیر عباس ملک نئے عجائب گھروں کے قیام کے منصوبے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گیس چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن

پنجاب، کے پی اور اسلام آباد میں مزید 76 گیس کنکشن منقطع، 20 لاکھ کے جرمانے

لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 19 کنکشنز منقطع اور 6 لاکھ 80 ہزار روپے کے جرمانے کئے

ملتان میں 25 غیر قانونی کنکشنز منقطع، فیصل آباد میں ٹیم نے 4 کنکشنز منقطع اور 60 ہزار روپے جرمانہ کئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کی جانب سے گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 76 غیر قانونی گیس کنکشنز منقطع جبکہ 20 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 19 کنکشنز منقطع اور 6 لاکھ 80 ہزار روپے کے جرمانے، ملتان میں 25 غیر قانونی کنکشنز منقطع، فیصل آباد میں ٹیم نے 4 کنکشنز منقطع اور 60 ہزار روپے جرمانہ، شیخوپورہ میں 2 کنکشنز منقطع جبکہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

عرس کی تقریبات، ایس پی سٹی کا داتا دربار کے گردونواح کا دورہ

عرس کی تقریبات، دودھ کی سبیل، دیگر انتظامات کو چیک کیا، تمام داخلی اور خارجی راستوں کا جائزہ

لاہور (این این آئی) داتا دربار کے عرس مبارک کی تقریبات کی فول پروف سکیورٹی کا جائزہ لینے کیلئے ایس پی سٹی کیپٹن ریٹائرڈ قاضی علی رضا نے دربار کے گردونواح کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی حافظ عبیداللہ، ایس ایچ او داتا دربار سمیت دیگر افسران بھی ایس پی سٹی کے ہمراہ تھے۔ ترجمان پولیس کے مطابق ایس پی سٹی نے داتا دربار عرس کی تقریبات، دودھ کی سبیل اور دیگر انتظامات کو چیک کیا، اہم پوائنٹس کا جائزہ لیا اور تمام داخلی اور خارجی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

مارشل آرٹس بلیک بیلٹ اعجاز ججی (سجی والے) اور محبوب سہرا ہاؤس کے آنر کیپٹن عامر محبوب قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

محمد خالد وسیم سے مارشل آرٹس بلیک بیلٹ اعجاز ججی کی ملاقات

قائد وصدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو ساتھیوں کے ہمراہ مبارکباد دی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) مارشل آرٹس بلیک بیلٹ اعجاز ججی (سجی والے) اور محبوب سہرا ہاؤس کے آنر کیپٹن عامر محبوب اور وقار بھائی نے قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور اس موقع پر انہوں نے پھولوں کے گلدستے پیش کر کے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ وسیم فیملی کو دن دگنی پر رات چوگنی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

کے فور منصوبہ وفاقی حکومت کی عدم دلچسپی کے باعث مزید تاخیر کا شکار

منصوبے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے 1 ارب روپے مختص کرنے کے عمل کو نامناسب قرار

کراچی (این این آئی) کراچی شہر کو پانی فراہم کرنے والا کے فور منصوبہ وفاقی حکومت کی عدم دلچسپی کے باعث مزید تاخیر کا شکار ہے۔ محکمہ آبپاشی نے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کو خط لکھتے ہوئے منصوبے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے 1 ارب روپے مختص کرنے کے عمل کو نامناسب قرار دے دیا۔ یاد رہے کہ وفاق نے کے فور کے لیے اس سال صرف ایک ارب روپے مختص کیے ہیں۔

تشدد کا شکار خواتین کو روزی روٹی کے تحفظ میں مدد فراہم کرنے کے لیے خصوصی نمائش

لاہور (این این آئی) گھر پر کام کرنے والی خواتین کارکنوں اور تشدد کا شکار خواتین کو روزی روٹی کے تحفظ میں مدد فراہم کرنے کے لیے ایک خصوصی نمائش آل پاکستان ویمنز ایسوسی ایشن، 65 جیل روڈ، لاہور میں پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کے تعاون سے منعقد کی گئی۔ نمائش کے بعد ایک سیمینار ہوا جس میں روزگار کے قابل مہارتوں میں فرق کو دور کیا گیا۔ سی ای او ماریم جی نے ٹیکنالوجی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

داسو ہائیڈرو پاور منصوبہ تین سالہ تاخیر کا شکار، 2028 میں مکمل ہوگا، وزارت اقتصادی حکام

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اقتصادی امور حکام نے کہا ہے کہ داسو ہائیڈرو پاور منصوبہ مئی 2025 میں مکمل ہونا تھا لیکن تاخیر کے سبب اب 2028 میں مکمل ہوگا تاخیر کی وجہ سے بھاری مالی نقصان کا سامنا ہے۔ جمعرات کو سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

کراچی: گیراج میں کھڑی گاڑی کے ٹرنک سے بچے کی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں بند گیراج میں کھڑی گاڑی کے ٹرنک سے لاپتا ہونے والے ایک نابالغ لڑکے کی لاش برآمد ہوئی ہے جبکہ دوسرے بچے کو تشویشناک حالت میں بچا لیا گیا ہے۔ اتحاد ٹاؤن تھانے کے ایس ایچ او ایاز خان نے بتایا کہ خیبر چوک کے قریب ایک گیراج پر کھڑی کار کے ٹرنک سے دو کمسن لڑکے تشویشناک حالت میں پائے گئے جنہیں علاج کے لیے قریبی مرشد ہسپتال منتقل کیا گیا۔

پاکستان میں افغانستان سے لائے گئے غیر ملکی اسلحہ کے استعمال کے ثبوت منظر عام پر آ گئے

افغانستان سے دہشتگرد پاک افغان سرحد کے ذریعے دراندازی کی کوشش کرتے، سکیورٹی فورسز کیساتھ معصوم شہریوں کو بھی نشانہ بناتے ہیں، میڈیا رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی سرزمین پر افغانستان سے لائے جانے والے غیر ملکی اسلحہ کے استعمال کے ثبوت ایک بار پھر منظر عام پر آ گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق افواج پاکستان گزشتہ 2 دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہی ہیں حال ہی میں پاکستان میں افغان سرزمین سے ہونے والے دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔ افغانستان سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

لاہور، پنجاب یونیورسٹی اکیڈیمک سٹاف ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر امجد اقبال مگسی دیگر عہدیداران وائس چانسلر کی ممکنہ تعیناتی پر تحفظات کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور، اپوا کالج میں آل پاکستان ویمنز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ نمائش میں لڑکیاں سٹال پر جیولری دیکھ رہی ہیں

بلیم گیم نے حکمرانوں اور سیاستدان کو کٹہرے میں کھڑا کر دیا، مرکزی علماء کونسل

سیاسی رواداری اور قومی یکجہتی کے فروغ کیلئے تلخیاں فراموش کرنا ہوں گی، صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا ہے کہ بلیم گیم نے حکمرانوں اور سیاستدان کو کٹہرے میں کھڑا کر دیا، ہماری ریاست سیاسی تنازعات کی متحمل نہیں ہو سکتی، سیاستدانوں کو جوش نہیں ہوش کی ضرورت ہے، سیاسی رواداری اور قومی یکجہتی کے فروغ کیلئے تلخیاں فراموش کرنا ہوں گی۔ ان خیالا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

51 پی ٹی آئی کارکنوں کی بازیابی کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

پولیس نے اسلام آباد جاتے ہوئے تمام کارکنوں کو حراست میں لیا، درخواست میں موقف

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے 51 کارکنوں کی بازیابی کے لیے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست تحریک انصاف کے رہنما یوسف وائیں کی جانب سے دائر کی گئی جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ پولیس نے اسلام آباد جاتے ہوئے تمام کارکنوں کو حراست میں لیا، گرفتار افراد کے خلاف کوئی مقدمہ درج نہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

9 مئی جلاؤ گھیراؤ، تحقیقات میں پولیس کے لاکھوں روپے خرچ ہو گئے

گرفتاریوں، حراست میں رکھنے پر 50 لاکھ سے زائد کا خرچہ ہو گیا، تحقیقات تا حال جاری

لاہور (این این آئی) 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے واقعات کی کی تحقیقات میں پولیس کے لاکھوں روپے خرچ ہو گئے۔ جناح ہاؤس حملے کی تفتیش میں ابتک لاکھوں روپے کا کاغذ استعمال ہو گیا، ملزمان کی گرفتاریوں، حراست میں رکھنے پر بھی 50 لاکھ سے زائد اخراجات ہوئے، جناح ہاؤس حملے کی تفتیش میں جیو فینسنگ اور ڈیجیٹل شواہد کے اخراجات الگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

سکولوں میں 60 فیصد بچے ڈوبلیکیٹ اور غیر تصدیق شدہ ہونے کا انکشاف

سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے معاملہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈیٹا کی درستگی کا حکم دے دیا

لاہور (این این آئی) سکولوں میں 60 فیصد بچے ڈوبلیکیٹ اور غیر تصدیق شدہ ہونے کا انکشاف ہوا، سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے معاملہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈیٹا کی درستگی کا حکم دے دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق بیشتر سکولوں میں ایک طالبعلم کے نام دو، دو بار شامل کیے گئے، کچھ سکولوں میں ایک طالبعلم کا نام دوسرے سکول یا ڈسٹرکٹ میں درج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

پنجاب کابینہ میں آلودگی میں کمی کیلئے وہیکل آرڈیننس میں ترامیم کی منظوری

اب فضائی آلودگی کا سبب بننے والی کار، جیپ، موٹر سائیکلوں کے خلاف بھی کارروائی ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے فضائی آلودگی میں کمی کے لیے بڑا فیصلہ کرلیا، کابینہ نے صوبائی موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 میں ترامیم کی منظوری دے دی، ہاٹ سپاٹس کی نو ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو ذمہ داری تفویض کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق دستاویزات میں بتایا گیا کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے بعد اب پرائیویٹ ٹرانسپورٹ بھی قانون کے شکنجے میں آئیں گی۔

چینی سیاستدان ڈنگ شیاپھنگ ایک شاندار رہنما تھے، چینی صدر

بیجنگ (این این آئی) کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی نے سابق آنجہانی رہنما ڈنگ شیاپھنگ کی پیدائش کی 120 ویں سالگرہ منانے کیلئے بیجنگ کے عظیم عوامی ہال میں ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ جمعرات کو سی پی سی سینٹرل کمیٹی کے جنرل سیکرٹری، عوامی جمہوریہ چین کے صدر اور سینٹرل ملٹری کمیشن کے چیئرمین شی جن پھنگ نے اس موقع پر ایک اہم تقریر کی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ڈنگ شیا پھنگ ایک شاندار رہنما تھے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداداللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

ایل ڈبلیو ایم سی زون 18 میں صفائی کا ناقص انتظام

سینیٹری ورکر بھرتی ہونے والا اورنگ زیب گل آج زیڈ او کی سیٹ پر کام کر رہا ہے

زیڈ او کے اپنے ہی دفتر کے قریب جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر اہل علاقہ پریشانی کا شکار

لاہور (صابر غوری) ایل ڈبلیو ایم سی زون 18 میں صفائی کا ناقص انتظام زیڈ او کے اپنے ہی دفتر کے قریب جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر اہل علاقہ پریشانی کا شکار ہوگئے۔ دھرم پورہ یونین کونسل 187،186 اور 188 کے رہائشی نہایت پریشان ہوگئے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ کئی کئی دن کوڑا پڑا رہنا معمول بن چکا ہے۔ ایل ڈبلیو ایم سی اہلکار کام ہی نہیں کرتے اگر کہیں پر صفائی کے لیے نشاندہی کی جائے تو ایل ڈبلیو ایم سی اہلکار پیسے مانگتے ہیں۔ زیڈ او زون 18 اورنگ زیب گل کو کئی بار صفائی نہ ہونے کے بارے میں آگاہ کیا لیکن اس کے سر پر جوں نہ رینگی الٹا زیڈ او بد اخلاقی سے پیش آتا ہے اور کہتا ہے کہ صفائی عملے کو خوش کرو۔ ذرائع کے مطابق زیڈ او اورنگ زیب گل کو سیاسی پشت پناہی حاصل ہے اور اسی سیاسی پشت پناہی کی بدولت سینیٹری ورکر بھرتی ہونے والا اورنگ زیب گل آج زیڈ او کی سیٹ پر کام کررہا ہے۔ زیڈ او کے آفس کے قریب ترین روڈ پر پڑا کوڑا اسکی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے اہل علاقہ نے ایل ڈبلیو ایم سی افسران سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

ایل ڈبلیو ایم سی زون 18 میں صفائی کا ناقص انتظام زیڈ او کے اپنے ہی دفتر کے قریب جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر

چاغی میں بجلی کے کھمبے سے لٹکی 5 افغان باشندوں کی لاشیں لواحقین کے حوالے کردیں گئیں

چاغی (این ین آئی) چاغی میں بجلی کے کھمبے سے لٹکی 5 افغان باشندوں کی لاشیں لواحقین کے حوالے کردی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسلام آباد میں افغان سفارت خانے کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پاکستان میں گزشتہ ہفتے بجلی کے کھمبے سے لٹکی ہوئی 5 لاشیں ملی تھیں جنہیں گولیاں مار کر قتل کیا گیا تھا۔

خیرپور میں 2 گروپوں کے درمیان تصادم، فائرنگ سے 10 سالہ بچہ جاں بحق

خیرپور (این این آئی) سندھ کے شہر خیرپور میں 2 گروپوں کے درمیان تصادم ہوگیا، فائرنگ کے تبادلے میں 10 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا۔ خیرپور کی تحصیل کوٹڈیجی کے علاقے مصری شاہ میں 2 گروپوں میں تصادم ہوگیا، جہاں گولی لگنے سے 10 سالہ بچہ جان کی بازی ہار گیا، جس کی شناخت عباس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

علی امین گنڈاپور نے پی ٹی آئی کارکنوں میں 5، 5 ہزار روپے تقسیم کیے

پی ٹی آئی کارکنان جلسہ منسوخ ہونے کے باعث مایوس تھے، وزیراعلیٰ نے حوصلہ افزائی کیلئے پیسے تقسیم کئے، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے پی ٹی آئی کارکنوں اور گاڑیوں کے ڈرائیوروں میں 5، 5 ہزار روپے تقسیم کیے جبکہ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کارکنان اسلام آباد جلسہ منسوخ ہونے کے باعث مایوس تھے، وزیر اعلیٰ نے حوصلہ افزائی کیلئے پیسے تقسیم کئے۔ تفصیلات کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

ملائیشیا کے سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کی دعوت دیتا ہوں، گورنر سندھ

ایس آئی ایف سی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن معاونت فراہم کررہی ہے، کامران ٹیسوری کی ملائیشیا کے قونصل جنرل سے گفتگو

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے ملائیشیا کے قونصل جنرل Herman Hardynata Bin Ahmed نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، سرمایہ کاری، تجارت میں اضافہ اور دلچسپی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

سندھ: دہشتگردی کا شکار والدین کے بچوں کیلئے نجی اسکولوں میں مفت تعلیم کا فیصلہ

کم آمدن اور شہید والدین کے بچوں کو نجی اسکولوں میں مفت تعلیم دی جائے گی، ایڈیشنل ڈائریکٹر پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز

کراچی (این این آئی) صوبہ سندھ میں دہشت گردی کا شکار ہونے والے والدین کے بچوں کو نجی اسکولوں میں مفت تعلیم دینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز سندھ رفیعہ جاوید نے ایک مراسلے کے ذریعے نجی اسکولوں کو دہشت گردی کا شکار ہونے والے والدین کے بچوں کو مفت تعلیم دینے کے فیصلے کے بارے میں آگاہ کیا ہے۔ رفیعہ جاوید نے کہا ہے کہ کم آمدن اور شہید والدین کے بچوں کو نجی اسکولوں میں مفت تعلیم دی جائے گی۔

ملک میں وی پی این کو بلاک نہیں کر سکتے برنس متاثر ہوگا، پی ٹی اے

امید ہے 27 اگست تک اے اے ای ون سب میرین کیبل کی خرابی دور ہو جائے گی، حکام کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے حکام نے کہا ہے کہ ملک میں وی پی این کو بلاک نہیں کر سکتے اس سے برنس متاثر ہوگا، امید ہے 27 اگست تک اے اے ای ون سب میرین کیبل کی خرابی دور ہو جائے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

لاہور، چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ سید عطاالرحمن ممبران کے 356 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں